ایک اونکار ست گور پرشاد

مکمل جنم ساکھی کلاں باتصویر



سری گورو نانک صاحب جی آد بادشاہی

مصنفہ بھائی بالے والی

جسکو
بھائی جودھ سنگھ گیانی نے بہت محنت
سے صحیح کیا ✦

[illegible] ملک ہیرا تاجر کتب [illegible]

قیمت بلا محصول ڈاک

تعداد جلد ۱۱۰۰

بار سوم

مختصر فہرست کتب خانہ محمد عبداللہ المعروف ملک ہیرا تاجر کتب لاہور بازار کشمیری

کتب اہل ہنود اردو

نام کتاب	نام چھاپہ	قیمت
بہگوت گیتا اردو معہ بہاشا	لاہور	۳ر
آتم پرکاش یعنی بہگوت		
گیتا اردو دبیز کاغذ	لاہور	۸ر
ایضاً کاغذ رسمی	〃	۵ر
ہنومان ناٹک اردو	〃	۴ر
جنم ساکھی مکمل کلاں گورو نانک صاحب	〃	عہ
پنجگرنتھی اردو	〃	۳ر
ظفرنامہ گورو گوبند سنگھ	〃	۱۰ر
سرپد بہاگوت		
سنپت کرت معہ تصویرات	〃	عہ۳ر
جپ پرمارتھ	〃	۱ر
جپ جی ٹیکا گلاب سنگھ	〃	۶ر
راہ راس	〃	۰ر
باون اکھری	〃	۰ر
سدہ گوشٹ	〃	۰ر
انند جی	〃	–ر

نام کتاب	نام چھاپہ	قیمت
رامائن فرحت	نولکشور	۵ر
رامائن صاحب رام	〃	۵ر
رامائن سٹیک تلسی کرت		
بہاکہا فارسی	لکھنو	عہ
بھجن رامائن	لاہور	۱ر
امر رامائن فارسی	نولکشور	عہ
بہاگوت منظوم عرف راس منڈل	〃	۴ر
سور ساگر اردو یعنے بہوجن گیت	〃	۷ر
شیو پران اردو نثر	〃	ع
شیو پران منظوم	〃	۱ر
پریم ساگر اردو نثر	〃	۷ر
ایضاً نظم	〃	۲ر
سورج پران منظوم	〃	۰ر
اکادشی مہاتم	〃	۰ر
جانکی بیاہ	〃	۰ر
برج بلاس بہاکہا اردو	〃	۱۰ر
گیان ساگر	〃	۲ر

نام کتاب	نام چھاپہ	قیمت
پوتھی گیان پرکاش	نولکشور	۲ر
ہنست کتھا	〃	–
دسم اسکندھ بہاگوت	〃	۱۱ر
بہار بندرابن	〃	۱۰
سداما چرتر	〃	۱ر
ست نام بہاکہا	〃	–
ادبہت رامائن	〃	۱۰
بہگوت گیتا اردو ناگری انگریزی	〃	عہ۴
مخزن برہم گیان معروف بہ آئینہ مذہب ہنود	〃	۴ر
لاونی برہم گیان	دہلی	۲ر
جوتش لگن پرکاش	〃	۵ر
انند امرت برشتی	〃	۵ر
گلاب چمن	لاہور	۲ر
بشن سہسنام	دہلی	۴ر
اردو ناگری		
ایضاً	نولکشور	۴ر
بلدیو پرکاش حصہ اول	دہلی	۴ر

ایک اونکار ست گور پرشاد

جنم پتری بابا نانک جیو کی سمت ۱۵۲۶ بکرمی بتی بیساکھ سدی پنجمی - پوتھی لکھی پیڑے موکھے کھتری نے سکنہ سلطانپور نے سری گورو انگد جیو کہانی - زبانی بہائی بالا سندھو جٹیٹا جو رائے بہوئی کی تلونڈی سے آیا تھا - گورو انگد جیو کو ڈہونڈ لیا تھا - جبکہ دو مہینے ۱۷ یوم لگے تھے - جو جو حقیقت تھی اور جہان جہان گورو نانک جی گئے تھے - وہان وہان کی کل حقیقت بہائی بالے نے سہولت کے ساتہہ لکھوائی اور بہائی بالے پر گورو انگد جیو بہت خوش ہوئے کیونکہ بہائی بالا اور مردانہ رباب ساتھ ہی پھرتے رہے اور جوتی ملنے کے وقت بھی بہائی بالا ساتھ ہی تھا ٭

ایک دن گورو انگد جی کے دل مین آیا کہ میرے گورو نانک صاحب جی پورن کامل تھے انہین اور بہ مشہور ہے کچہہ بھید تھا - دیکھون کہ میرے گورو جی نے کس جگہ جنم لیا - اس سوچ مین تھے کہ کتک سدی پورنماشی کے میلے پہ اتفاقاً بالا سندھو جٹیٹا گورو انگد صاحب کے درشن کو آیا کہ گورو انگد صاحب گوشہ نشین تھے - بالا سندہو کو خواہش تھی کہ اگر گورو صاحب ظاہر ہون تو درشن کرین - کیونکہ بالا سندہو نے سنا تھا کہ گورو صاحب گورو انگد جی کو اپنا جانشین کر گئے ہین - مگر معلوم نہین کہ کس جگہ پوشیدہ ہین - بعدازان معلوم ہوا کہ گورو انگد جی کہڈور خیر پانکے گانون مین بیٹھے ہین - یہ سنکر بالا ہو گورو جی کے درشن کو آیا - جو کچہہ شکست تھی گورو جی کیواسطے نذر لے آیا اور گورو انگد جی کو تلاش کرکے ڈنڈوت کی اور حسب توفیق نذرانہ بھینٹ دی - گورو انگد جی نے بیٹھنے کی آگیا دی جب بالا گورو انگد جی کے پاس بیٹھ گیا تو گورو صاحب نے پوچھا کہ آپ کون ہین ؟ کہان سے آئے ہو - اور کیا اچھیا یعنے خواہش ہے - بالے نے ہاتھ جوڑ کر عرض کی کہ گورو مہاراج مین ذات کا جٹ ہون - گوت سندھو ہے - نام میرا بالا اور رائے بہوئی کی تلونڈی کا رہنے والا ہون - اور گورو صاحب کے درشن کو حاضر ہوا ہون - پھر گورو انگد جی نے دریافت فرمایا کہ بہائی بالا تم کسکے سکھ ہو - اور تم کو کون ملا ہے - پھر بالے نے عرض کی کہ مین گورو نانک صاحب کا سکھ ہون مجھ کو گورو نانک صاحب ملے ہین - پھر گورو انگد جی نے پوچھا کہ بہائی بالا کیا تم نے گورو صاحب دیکھا تھا - اس کے جواب مین بہائی بالے نے عرض کیا کہ مجھ سے گورو نانک صاحب تین سال عمر مین بڑے تھے

اور مین گورو صاحب کے ہمیشہ سنگ ہی رہتا تھا۔ مگر اسوقت یہ معلوم نہ تھا۔ کہ گورو صاحب کال مین
کیونکہ گورو صاحب بالائی تھے جسوقت گورو انگد جی نے یہ بات بہائی بالا کے منہ سے سنی تو انکا بیراگ الیسا
چھوٹا کہ رات پھر عین اوسی حالت مین گذر گئی ۝

جب صبح ہوئی تو گورو انگد جی نے حکم فرمایا کہ بھائی بالا کو بلاؤ حسب ارشاد بہائی بالا حاضر ہوا اور متھا ٹیک
کر بیٹھ گیا۔ اسوقت گورو انگد جی نے بہائی بالا سے استفسار فرمایا۔ کہ تمکو کچھ گورو نانک صاحب کی جنم پتری
کا حال بھی معلوم ہے۔ اس نے جواب مین عرض کیا۔ کہ مجکو جنم کا حال تو کچھ معلوم نہین۔ مگر لوگون کی زبانی
سنا ہے کہ ہردیال مصر نے لکھا ہے اُس مہورت اور کاتک مہینے کی پورنماشی اور ۲۷ دین نچھتر مین کوئی اس
دنیا مین پیدا نہین ہوا۔ یہ تو کالو بیدی کے گھر مین کوئی اوتاری پیدا ہوا ہے۔ اسقدر مجکو معلوم ہے اور یہ بھی
معلوم ہے کہ کالو مہتہ نے جنم پتری بھی بنوائی تھی۔ پھر گورو انگد جی نے فرمایا۔ کہ جنم پتری کس طرح ہاتھ لگے۔
بہائی نے کہا کہ گورو جانے شاید کچھ سراغ لگانے سے ملجاوے۔ پھر گورو انگد جی نے فرمایا کہ کوئی ایسا بھی ہے
کہ جس سے جنم پتری کا پتا لگے اور یہ بھی فرمایا۔ کہ بہائی بالا تم وہان کے باشندے ہو۔ شاید تم ضرور اسکا پتہ لگاؤ
اسپر بہائی بالا نے عرض کیا کہ کالو بیدی کے بہائی لالو بیدی کے پاس شاید جنم پتری ہووے آپ اپنا کوئی
آدمی میرے ساتھ دیوین۔ وہ بھی ہووے اور مین بھی ہوون ہر دو جاکر لالو بیدی سے گورو نانک صاحب کی
جنم پتری مانگین پھر گورو انگد جی نے اپنا آدمی سمی لالہ پنون بہائی بالا کے ساتھ کر دیا۔ کہ تم بہائی لالو کو کہین
اور گورو کمہ مین بہائی بالے کے ہمراہ جاکر تلونڈی سے گورو نانک جی کی جنم پتری ڈھونڈ لیا و حسب الارشاد
گورو انگد جی کے لالہ پنون اور بہائی بالا دونون رائے بہوئی کی تلونڈی کو سدہارے۔ وہان جاکر لالو بیدی
کہا کہ آپ بہت بڈھے ہو گئے ہو۔ اور گورو انگد جی کی آپ پر بڑی کرپا ہوئی ہے۔ کہ جنم پتری گورو نانک
صاحب کی طلب فرمائی ہے۔ لالو نے کہا بھائی بالا سچ کہہ کہ گورو انگد جی یا سر چند جس نے مانگی ہے۔ بہائی
بالے نے کہا۔ کہ بہائی لالو یہ گورو انگد جی وہی ہین کہ جن کے آگے گورو صاحب نے پانچ پیسے و ایک ناریل
رکھکر نمسکار کری ہے۔ اور گورو انگد صاحب اور گورو نانک صاحب مین کچھ بھید نہین ہے۔ جب لالو بیدی نے
۵ یوم مین جنم پتری تلاش کر کے بہائی بالا کو دی۔ اور کہا کچھ تہوڑی سی بہیٹ بھی میری طرف سے گورو انگد
جی کے واسطے لیتے جانا۔ بہائی بالا جنم پتری گورو نانک صاحب کی اور پانچ پیسے ایک ناریل لالو بیدی کی
طرف سے بہیٹ کی گورو انگد جی کے واسطے لیکر گورو انگد جی کے پاس کہڈور کا نو مین لے آئے اور گورو انگد

جی کو دی۔ جنم پتری گورو نانک صاحب کی گوروانگد جی لیکر بہت خوش ہوئے اور بہائی بالا کو آسیس دی کہ تمکو کرتار چیت آوی اور فرمایا کہ آج گویا تم نے گورونانک صاحب سے ہمیں ملا دیا اور آنکھون پر رکھی اور جنم پتری ہاتھ مین لیکر چومی۔ جب کھولکر دیکھی تو پتری شاستری حروف مین لکھی ہوئی تھی۔ اسلیئے گورو جی نے فرمایا کہ کوئی ایسا ہوئے جو دونو حروف گورمکھی اور شاستری جانتا ہو۔ اوسی وقت بائی سکھ نے (کہ جنکے گھر مین گوروانگد جی باس کرتے تھے) عرض کیا کہ سلطانپور مین پیڑا مو کھا کھتری ہے جو دو حروف جانتا ہے اگر حکم ہوئے تو اسکو بلا لاؤن چنانچہ گورو صاحب نے اجازت دی کہ ہان ضرور بلانا چاہیئے۔ تو وہان پیڑا کھتری کو سلطانپور سے لے آیا۔ گوروانگد جی نے اسکو جنم پتری دی۔ جسکو اوس نے فوراً پڑھکر سنا



دیا۔ گوروانگد جی بہت خوش ہوئے۔ اور فرمایا کہ پیڑا یہ ہمکو گورمکھی حروف مین لکھدو۔ پیڑے نے کہا بہت اچھا ہے۔ سامان لکھنے کا مجھکو اچھا منگوا دو مین لکھدونگا۔ گوروانگد جی کاغذ قلم سیاہی منگوالی۔ پیڑے نے گورمکھی مین ترجمہ کر دیا اور انگد جی نے لکھوائی۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی۔

ساکھی ۔ ۲ ۔

ایک اونکار ست گورو پرشاد۔

کاتک سدی پورنماشی سمت ۱۵۲۶ بکرماجیت۔ رات کر وقت کالو بیدی کے گھر مین گورونانک صاحب جی پیدا ہوئے۔ اگلے دن صبح ہی کالو اپنے پروہت ہردیال مصر کے گھر مین واسطے لکھوانے جنم پتری گورونانک صاحب کے گیا اور پروہت سی ہاتھ جوڑکر عرض کی۔ کہ مہاراج کرپا کرو۔ پروہت نے دریافت کیا کہ مہتہ اسوقت کیون کر آیا ہے اوس نے جواب دیا کہ میرے گھر مین بالک جنما ہے۔ مہربانی کرکے جنم پتری بنا دیجیئے۔ پروہت نے جواب دیا کہ اچھا مہتا جی مین پوجا پاٹھ کرکے آتا ہون۔ اتنا کہکر کالو گھر مین چلا آیا اور مکان پروہت کر واسطے آراستہ کیا۔ اتنے مین پروہت جی بھی پانچ گھڑی دن چڑھے پوجا

پاٹھ کر کے کالو مہتہ کے گھر مین تشریف لائے۔ کالو بیدی نے پروہت جی کو عمدہ سنگھاسن پر بٹھلا کر خاطر و تواضع کی۔ پروہت جی نے کاغذ قلم و کیسر یعنے زعفران طلب فرمایا۔ اور پوچھا کہ بالک کے جنم کا وقت اور حال مفصل بیان کرو۔ کالو بیدی نے بیان کیا۔ کہ ڈیڑھ پہر ایک گھڑی رات گذرنے پر بالک نے جنم لیا ہو اور کوئی حال مجھکو معلوم نہین۔ جب پروہت نے فرمایا کہ اندر سے دریافت کر کے بتاؤ۔ اسلیے مسمات دولتاں دائی کو بلا کر پروہت جی نے پوچھا۔ بالک کے بروقت پیدا ہونے کے کیسی آواز تھی اور کسطرح پیدا ہوا ہے دائی نے عرض کیا کہ مہاراج میرے ہاتھون مین بہت سے بالک پیدا ہوئے ہین۔ مگر ایسا بالک آجتک مین نے نہین دیکھا ہے۔ کیونکہ ایسی آواز سے پیدا ہوا ہے جیسے کوئی دانا آدمی کسی سے ہنس کر ملاقات کرتا ہے پروہت جی نے یہ سنکر دائی کو رخصت کیا اور کالو بیدی سے فرمایا۔ کہ سنو گورو یہ بالک عین نچھتر مین پیدا ہوا ہے چونکہ آج بڑی پوربلی کی رات ہے ذات کے مطابق اس بالک کے سر پر چتر ہونا چاہیئے اور مین اس سوچ مین ہون۔ کہ کونسا چتر ہونا چاہیئے۔ پنڈت نہایت دانا اور گیان وان تہا اوس نے کالو سے کہا کہ مجھکو بالک کا درشن کرا دو۔ حسب ارشاد پنڈت جی کے کالو بیدی اندر سے بالک کو لے آیا۔ پنڈت جی بالک کو دیکھکر اوٹھ کھڑے ہوئے اور بالک کو نمسکار کر کے کہا۔ کہ یہ بالک خود بندہ پرمیشر ہے اور کالو کو ارشاد کیا کہ بالک کو لیجاؤ۔ کالو بالک کو اندر اوسکی ماتا کے پاس دے آیا۔ اور باہر آکر پنڈت جی سے کہا کہ بالک کا نام بچار کر کے فرمایئے۔ پنڈت جی نے کہا کہ مین سوچ بچار کر کے نام رکھونگا۔ اور چولا بھی پہناؤنگا۔ تیرہوین دن رسم و رواج کے بموجب سوچ بچار کر کے پنڈت جی نے بالک کو چولا پہنایا اور نام اوسکا نانک نرنکاری رکھا۔ کالو نے کہا۔ کہ مہاراج یہ نام نہ رکھنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ نام ہندو و مسلمانون کا مشترکہ ہے۔ پنڈت جی نے فرمایا۔ یہ بالک بڑا اوتار تیرے گھر مین پیدا ہوا ہے۔ آگے اس سے سری رام چندر جی اور سری کرشن جی اوتار ہوئے۔ اونکو صرف ہندو ہی مانتے ہے۔ مگر اسکو ہندو و مسلمان دونون ہی مانین گے۔ اسکا نام زمین و آسمان مین خوب ہوگا۔ اسکے واسطے زمین و آسمان دریا مین بھی رستہ ہوگا اور نرنکاری بھی جپے گا۔ اور نہایت ہی گیان وان مہان پورکھ ہوگا اور بنا پرمیشر کے اور کسی کو نہ جانیگا۔ مگر اے کالو افسوس میرے دلمین یہ آرزو رہجاویگی کہ مین اسکا مرتبہ نہ دیکھہ سکون گا۔ نہ معلوم کب اس جہان مین سے چلا جاؤنگا۔ بولو بہائی جی واہگورو۔ ساکھی اور چلی۔

ساکھی ۔ ۳ ۔

جب نانک جی پانچ برس کے ہوئے۔ تو اگم نگم کی باتین کرنے لگے جو بات کرتے نہے سوچ سمجھکر کرتے تھے

جنپر لوگون کا تشبیہ یعنے اعتقاد پورا ہوتا تھا۔ ہندون کے اعتقاد مین نانک صاحب اوتار پیدا ہوئے ہین اور مسلمانون کے اعتقاد مین کوئی ولی یعنے اولیا پیدا ہوا ہے۔ گورو نانک جی کو جو کچھ گھر سے دستیاب ہوتا تھا سب کچھ پرمیشور کے راہ غربا و فقرا کو کھلا آتے۔ مگر کالو کے نزدیک نانک صاحب گوا آتے تھے۔ اور کالو پنڈت صاحب کے پاس چلے گئے اور کہے کہ واہ پروہت جی اچھا چیتر سر پر پھیرا ہے۔ تو پنڈت جی نے کالو کو جواب دیا کہ اب تو فریاد لاتا ہے جب وہ وقت آئیگا تو سیار ہے منہ بات بھی نہ ہوگی۔ جب نانک صاحب سات برس کے ہوئے تو کالو نے نانک صاحب کو کہا۔ اب تمکو پاندھے کے پاس واسطے پڑھنے کے بیٹھاتا ہون۔ تو نانک صاحب نے کہا بھلا پتا جی۔ تو نانک صاحب کو پاندھے کے پاس لیجا کر شبھ مہورت دریافت کرکے ایک سپاری دکھنی اور چاول گھر سے لاکر گورو نانک صاحب کو پڑھنے کے واسطے پاندھے کے سپرد کیا۔ اور پاندھے نے حسب رواج گورو نانک صاحب کو پٹی لکھدی۔ اور گورو نانک صاحب کو پاندھے جی نے فرمایا کہ پڑھو۔ گورو نانک صاحب نے ایک روز پڑھا۔ اور دوسرے دن چپ ہوکر بیٹھ رہے۔ تو پاندھے نے نانک جی سے کہا تو کیون نہین پڑھتا۔ تو گورو نانک صاحب نے پاندھے سے کہا کہ تو کچھ آپ بھی پڑھا ہے۔ جو مجھکو پڑھاتا ہے۔ جواب دیا کہ مین سب کچھ پڑھا ہوا ہون۔ تو نانک صاحب نے کہا کہ پاندھا جی اس کے پڑھنے سے گلے مین جنجال پڑتا ہے مین اس پڑھنے سے رہا۔ تب نانک صاحب نے ایک شبد پڑھا۔

سری راگ محلہ پہلا۔ جال موہ گھس مس کرمت کاغذ کر سار۔ بھاؤ قلم کر چت لکھاری گور پچھ لکھ بچار۔ لکھ نام صلاح لکھ لکھ انت نہ پاراوار۔ بابا ایہہ لیکھا لکھ جان۔ جتھے لیکھا منگئے تتھے ہوئے سچا نیشان۔ ۱۔ رہاؤ۔

جسکا مطلب ہے۔ گورو نانک صاحب نے پاندھے کو کہا کہ سوائے پرمیشر کے نام کے جتنا پڑھنا اور لکھنا ہی سب بیفائدہ ہے۔ پاندھے نے کہا اے نانک جو اور پڑھنا ہے سو مجھکو بتا جس پڑھنے سے دنیا کے جنجال سے رہائی ہوتی ہے۔ تب نانک صاحب نے کہا سنو سوامی جی یہ جو تعلیم ہے دنیاوی سو ایسی تعلیم ہے جیسے مرنام سیاہی چراغ کی ہے اور کاغذ سنکلپ قلم کاٹ کی من لکھن ہار اور کیسا لکھا۔ کہ مایا یعنے دولت کا جنجال لکھا جس لکھنے سے دکھ ہوتے ہین۔ اور جو سچ کا لکھنا ہے سو کیسا ہے جو مایا کا موہ جال کر مس کرے اچھے عقل کا کاغذ بنائے چت لکھن ہار کرے۔ اسکے اندر جو کچھ بیلاغت ہے۔ اوسکی قلم بنائے لکھے سو کیا لکھے۔ پرمیشور کا نام لکھے بے انت سو بچار لکھے چت یکسان۔ سب بکاری ہٹ جاوے۔ ای پنڈت اگر یہ تعلیم آپ کو آتی

ہے تو ہمکو سکھا نہین تو پڑھ جنمنے سے نہ پڑھنا بہتر ہے۔ اے سوامی جہان جہان جیو یہ جاویگا۔ وہان وہان لیکھ پڑھنا تیرے ہاتھ مین نقصان ہوگا۔ تو پنڈت جی نے کہا۔ یہ بات تو نے کہان سے پائی ہے۔ گورونانک جی ایک قسم کا آدمی جو پرمیشور کا نام لیتے ہین روٹی کے واسطے دربدر پھرتے ہین۔ اور کہین سے روٹی نہین ملتی۔ اور جو پرمیشر کو نہین جانتے سو بادشاہیان کرتے ہین۔ کہو تو اونہون نے کون سا عمال کئی ہین بابے نانک جی نے دوسری پوڑی آکھی +

جیتھے ملن وڈیائیان سد خوشیان من چاؤ + تن مکھ نکلے جن من سچا ناؤ + کرم کرمان پا سہنا ہو گلین دا ووداؤ +

مطلب اسکا یہ ہے کہ گورونانک صاحب نے کہا سنو سوامی جی۔ جہان یہ تمہارا جیو جاویگا۔ تو یہ تعلیم یعنے پرمیشر کا سمرن تپسیا کا پھل ہوگا۔ ہمیشہ خوشیان نت نت آنند منگل دھان ہونگے۔ جن اک من سمرا ہے سو سب دھان ہین مگر باتون کے اپاؤ سے پرمیشور نہین ملتا۔ تب پنڈت جی نے کہا۔ اے نانک جی بڑا سوال تو یہ ہے ایک پرمیشور کا نام لیتے ہین ان کو روٹیان بھی دستیاب نہین ہوتی ہین اور ان کو کوئی جانتا بھی نہین۔ اور ایک بادشاہیان کرتے ہین اور پرمیشور کو بھی نہین جانتے۔ دیکھا اونہون نے کون کئے ہین۔ جو پرمیشور سے بھی نہین ڈرتے ہین تب گورونانک صاحب نے تیسری پوڑی پڑھی۔

پوڑی۔ اک آوین اک جاہین اوٹھ رکھیئن ناؤ سلار + اک اپائے منگتے اکنا وڈے دربار + اگے گیا جانئے بن ناوے وکار +

مطلب جسکا یہ ہے۔ گورونانک صاحب نے بانیہ ہے کو کہا سنو سوامی جی۔ ایک آتے ہین اور ایک جاتے ہین۔ ایک شاہ ہین اور ایک اونکے آگے بھیکھ مانگ کہاتے ہین۔ جب وہ آگے جاوینگے یعنے پرمیشور کی درگاہ مین حاضر ہونگے تو خود ہی معلوم ہو جاویگا کہ اچھا کون ہے اور برا کون ہے۔ جو پرمیشور کو سمرتے ہین۔ وہ پرمیشر کی درگاہ مین جا کر عیش و عشرت کرینگے۔ جو یہان پرمیشور نہین سمرتے اون کو آگے ایسی سزا کامل ملیگی جیسے دھوبی کپڑے کو سزا دیتا ہے۔ اور تیل کو تیلی دیتے ہین جسطرح غلہ کو چکی سزا دیتی ہے۔ اسیطرح سزا ملیگی۔ نرگ کے کنڈ مین ڈال دیے جاوینگے۔ جو پرمیشور کو سمرتے ہین اور بھیکھ مانگ مانگ کہاتے ہین اونکی درگاہ مین عزت ہوگی +

تب پنڈت نے حیران ہوکر نانک صاحب کو کہا تو ایسی باتین کرتا ہے ابھی تو بالک ہے کچھ ماتا پتا کا

سکھ دُکھ دیکھ۔ ابھی تیری کیا عمر ہے۔ تب گورو نانک صاحب نے چوتھی پوڑی پڑہی۔

پوڑی۔ ہیے تیرے ٹھاگا کھپ کھپ چھپر دہیہ + تا ذن جنہاں سلطان خان ہوندی ڈٹھے کہیہ + نانک اوٹھی چلیا سب کوڑے تُوٹے نینہہ +

مطلب اسکا۔ تب گورو نانک صاحب نے کہا۔ سنو سوامی جی اور صاحب کا مجھکو ایسا ڈر ہے جو میری دہیہ بیران ہو رہی ہے۔ اور جو جہان مین سلطان خان کھلاتے ہین سو سب ہی خاک ہوجاوینگے۔ جنکا امر مانا جاتا ہے جن کے ڈر سے پرتھی بیران ہوجاتی ہے۔ وہ بھی اُٹھ جاوین گے۔ خاک در خاک ہو جاوینگے۔ سنو پنڈت دین کو ڈراسیہ ہو کس سے کرون ہم بھی اُٹھ جاوینگے۔ تس بندگی کی ہو دیہ چھوڑ الیگا این نیا سے جھوٹی محبت کیا کیجئے +۔ بولو بہائی جی واگورو ساکھی اور چلی +

ساکھی ۴۔

جب گورو نانک صاحب نو برس کے ہوئے تو مجھین چارنے گئے۔ ماہ بیساکھ دو پہر کے وقت گورو نانک صاحب نے ایک درخت کے نیچے آرام کیا ایسے آرام کیا کہ اُس درخت کا سایہ اونکے اوپر ہی رہا اور دیگر درختون کا سایہ بدل گیا اور ایک کالا سانپ پھن نکالکر اونکے سر پر سایہ کرکے بیٹھا ہوا تھا اور مجھین پیاسے تھے۔ ایک شخص سری رائے بلار پٹواری کا لاکر کھڑا رہا تہا تو کیا دیکھتا ہے کہ ایک درخت کے نیچے ایک لڑکا سویا ہوا ہے اور اوسکی پیشانی پر سایہ کالا ناگ کر رہا ہے۔ یہ دیکھکر رائے بلا پیچھے



ہٹ کر کھڑا ہو گیا اور دل مین سوچ کیا۔ یہ لڑکا جیتا ہے تو کوئی انبیا ہے۔ اگر ناگ نے ساہ پی لیا ہے تو یہ لڑکا مرگیا ہے۔ اتنے مین اور آدمی بھی آپہونچے۔ تب رائے بولار نے اُن آدمیون کو کہا کہ دیکھو یہ لڑکا کون سویا ہے۔ اُنہون نے دیکھکر کہا کہ رائے جی یہ لڑکا تیرے پٹواری کالو کا فرزند ہے۔ تو رائے نے بلا دئے

کہا کہ اسکو جگا دو۔ تو انہون نے اوسکو بموجب حکم رائے کے جگا دیا۔ تب گورو نانک صاحب اوٹھ کر کیا دیکھتے ہین کہ رائے بلار کھڑا ہے تب وس نے گورو نانک صاحب کو دست بستہ ہو کر تعظیم کی۔ اور گھوڑے سے اوتر کھڑا ہوا۔ اور بغل مین لیا اور منہہ چوما۔ اور ادب کیا۔ تو لوگ حیران ہو کر کہنے لگے کہ اس لڑکے پر رائے بلار بہت مہربان ہوئے ہین۔ اور رائے صاحب نے گھر جا کر کالو کو کہا۔ کہ یہ جو تیرے گھر فرزند ہے اسکو فرزند کر نہ جانی یہ انبیا ہے تو کالو نے کہا بہلا رائے جی بہت بہلا۔ بولو بہائی جی واہگورو ساکہی ورجلی*

ساکھی ۵۔

جب نانک صاحب بارہ برس کے ہوئے تو کالو نے سوچ کیا۔ کہ نانک پڑھا تو نہین مگر اب کوئی کام اسکے بہتر کرین تو بہتر ہو۔ کالو نے گورو نانک صاحب کو کہا کہ اے نانک اب کوئی کار کرو۔ گورو نانک صاحب نے کہا بہلا پتا جی۔ جو فرماؤ سو کیا جاوے۔ تو کالو نے کہا کہ فلانی جگہہ پر کہیتی بیج آؤ۔ تو نانک صاحب نے کہا بہلا پتا جاتا ہون۔ اور کہیتی کے واسطے بیج دو۔ تب کالو نے نانک صاحب کو بوزن سو من بیج دیکر رخصت کیا۔ نانک صاحب نے وہ بیج لیکر کہیتی مین بو دیا۔ جب کہیتی سرسبز ہوئی تو وہان کوئی راکہا نہ تھا۔ جو مویشیان کو کہیت کہانے سے ہٹاوے اور گورو نانک صاحب کسی مویشی کو نہین ہٹاتے تھے۔ جب کالو کہیت پر گیا تو کیا دیکہتا ہے کہ گورو نانک جی کسی مویشی کو کہیت کہانے سے نہین ہٹاتے۔ کالو یہ کارروائی نانک صاحب کی دیکھکر نہایت ہی غصہ مین ہو گیا اور کہا کہ تمام کہیت خراب کر دیا۔ اور اسی غصہ مین کالو پنڈت ہردیال کے گھر گیا اور پنڈت صاحب کو بہت غصہ مین آکر کہا۔ کہ تمنے خوب میرے گھر مین جنم پیدا کیا ہے۔ ایسا تیرا بید پوران اور علم جوتش ہے جو میری کہیتی سبز تیار خراب کر دی۔ تو پنڈت صاحب نے جواب دیا۔ کہ اے کالو تجھکو کچھہ خبر نہین تو کرم ہین ہے۔ تجھکو گورو نانک صاحب سی کچھہ حاصل نہین۔ اور کئی لکھو کہا جیو سکہہ پاوینگے اور کتنے ہی جیون کا اودہار کریگا۔ کئی کروڑان جیوا ودہرینگے۔ گورو نانک صاحب ہندو اور مسلمانون مین رو جاویگا۔ اور روشن ہو جاویگا اور گورو نانک جی کے شبد سُن سُن کر لوگ کماوینگے اور سنکہہ بید کیتب پڑہہ لیوینگے اور نانک صاحب کے بغیر پڑہیان چارون بید اٹھاران پوران۔ کہٹ شاستر۔ نو بیاکرن ۲۷ اسمرتیان بہگوت گیتا جسقدر ہین سب اچانک گورو نانک کے مکہہ سے نکلینگی۔ آپ پرمیشور ہے جگت کے اودہار کے واسطے سکہہ روپ دہار کر آیا ہے۔ اے کالو اسکا کچھہ دکہہ نہ کر۔ یہ مجھکو زرنگاری نظر آتا ہے۔ تو کالو چپ کر رہ
اسمین زرنگاری کر رہا ہے۔

جب گورو نانک صاحب تیرہ برس کے ہوئے تو کالو نے گورو نانک صاحب سے کہا یہ کیا سبہا ہے۔ تو اچہا سادہوؤن سے ملگیا ہے اور جگت کا دہار کوئی نہین کرتا۔ نانک صاحب خاموش ہے کچہہ جواب نہ دیتے جب گورو نانک صاحب پندرہ برس کے ہوئے تو کالو نے کہا اے برخوردار تیرا دہو کہا مجہکو بہت ہے تو کچہہ سمجہہ۔ تب گورو نانک صاحب نے کہا بہلا پتا جی۔ اب تو مجہکو بخشیئے۔ آیندہ جو فرماؤگے سوہی کرونگا بولو بہائی جی واہگورو۔ ساکھی اور چلی ٭

ساکھی ۶-

ایکدن کالو نے گورو نانک صاحب کو کہا مبلغ بیس روپیہ لیجاکر چار یا پانچ چیزین خرید کر لاؤ۔ اگر تو عمدہ سودا خرید کرلاویگا۔ تو آیندہ بہت روپیہ دونگا۔ تب گورو نانک صاحب نے کہا۔ بہلا پتا جی۔ آپ دیکہو گے کیسا عمدہ سودا خرید کرونگا۔ تب کالو نے مبلغ بیس روپیہ دیکر ایک نوکر گورو نانک صاحب کے ہمراہ کردیا۔ نوکر کا نام بالا تہا جب بارہ کوس پہونچے تو کیا دیکہتے ہین کہ ایک سادہ منڈلی بیٹہی ہے وہ کیسی منڈلی ہے۔ کہ بغیر لنگوٹے کے اور کوئی کپڑا نہین ہے۔ جو ان کا ایک مہنت تہا اسکو گورو نانک



صاحب نے کہا۔ کہ آپ کو کپڑہ دستیاب نہین ہوتا۔ کہ تمہارے جسم کے موافقت نہین آتا۔ تو مہنت نے جواب دیا کہ تم کیون پوچہتے ہو۔ تم کو اس سے کیا مطلب ہے۔ تب بالا جٹ جو نوکر گورو صاحب کے ساتہہ تہا اوس نے کہا اے نانک صاحب تم بیوپار کرنے کو آئے ہو۔ یا فقیرون کے ساتہہ گوشٹ کرنے کو آئے ہو۔ چل جو کالو نے سودا خریدنے کے واسطے بہیجا ہے وہ سودا خرید کر۔ تب گورو نانک صاحب نے بہائی بالا کو جواب دیا۔ سن بہائی بالا۔ مجکو پتا نے فرمایا ہے کہ کہرا سودا خرید کرلاؤ۔ اب بتلایئے کہ مین کہرا سودا خرید کرون یا کہوٹا۔ اسمین تمہاری کیا مصلحت ہے۔ تب بالا نے عرض کیا کہ کالو نے تمکو کہرا سودا خریدنے کے واسطے بہیجا ہے

تو گورو نانک صاحب نے کہا اے بالا یہی سودا کھرا ہے اور وہ سودا کھوٹا ہے۔ تو بالا نے کہا کہ تم جانو۔ تب گورو نانک صاحب نے فقیرون سے کہا کہ آپنے مجکو اُتر نہ دیا تو مہنت نے جواب دیا کہ ہم نربانی ہین۔ ہم کپڑ دن سے پرہیز کرتے ہین۔ تو پہر نانک صاحب نے کہا کہ تم کیا کہاتے بہی نہین ہونگے۔ تو مہنت نے جواب دیا کہ اگر [illegible] بہیجدیتا ہے تو کہالیتے ہین۔ نہین تو چپکے ہو رہتے ہین اسیلئے ہم جنگل مین رہتے ہین۔ اور اسی کر شہر مین سکونت نہین کرتے۔ پہر گورو نانک صاحب پوچہا مہنت جی آپکا نام کیا ہے۔ مہنت جی نے جواب دیا کہ نام میرا توسنت رین اور بہیکہ نربانی ہے۔ تب گورو نانک صاحب بہت خوش ہوئے۔ اور بالا کی طرف متوجہ ہوکر کہنے لگے۔ سنو بہائی بالا۔ یہ سودا مین چہوڑ نہین سکتا۔ تب بالا نے عرض کیا۔ نانک صاحب کالو میرے پر رنجیدہ ہوگا۔ تو جان۔ جو مرضی سو کرو۔ پہر گورو نانک صاحب نے کہا سن بہائی بالا یہ سودا کہرا ہے۔ اسکا نقصان نہین۔ بلکہ فائدہ ہے۔ بالا نے کہا جی آپ جانو۔ تب گورو نانک صاحب نے بیس روپیہ بالا سے لیکر مہنت صاحب کے آگے رکہدیئے۔ تب مہنت نے کہا کیون اے بالکے۔ یہ ہمارے کس کام ہین اور تجکو روپیہ باپ نے واسطے بیوپار کے دیئے ہین۔ اور تو کیا سمجہ کر فقیرون کو دیتا ہے۔ تب گورو نانک صاحب نے کہا کہ میرے باپ نے فرمایا ہے کہ کہرا سودا کرنا۔ سو مجہکو یہ کہرا سودا نظر آتا ہے۔ اور سب کہوٹا ہے۔ تو مہنت جی نے کہا اے بالک تمہارا کیا نام ہے اور تو کون ہوتا ہے۔ تو گورو نانک صاحب نے جواب دیا کہ نام میرا نانک نرنکاری ہے۔ یہ سنکر بہت خوش ہوکر کہا۔ ای بالک کچہہ مانگ۔ تو گورو نانک نے کہا اور کیا مانگون ایک نرنکار کا ہی نام مانگتا ہون۔ اور کچہہ نہین مانگتا ہون۔ تو پہر مہنت جی نے کہا کہ ای بالک تو تو آپ ہی نرنکار ہو رہا ہے۔ ہم تجکو کیا دین۔ پر ایک کام کر کہ یہ روپیہ اپنی گانٹہ مین باندہ کر انکا سیدہا لیکے رسد خوراک لے آ۔ جو اتیت کہا وین۔ نقد ہمارے کام نہین۔ تب گورو نانک صاحب نے بالا کو ہمراہ لیکر شہر سے رسد اور کورے برتن لاکر مہنت صاحب کے آگے رکہدیئے۔ تب مہنت جی بولے اے نانک صاحب تو تو نرنکاری ہے۔ ہم نے تمہاری آزمایش کرلی ہے۔ آج تک سات برت اتیتون کو گذرے تہے۔ اب تم جاؤ تب گورو نانک صاحب متہا ٹیک کر رخصت ہوئے۔ جب گورو صاحب رخصت لیکر چلے گئے تو ایک اتیت نے مہنت صاحب سے کہا کہ آپنے اسکو کیون اوٹہایا۔ تو مہنت جی نے جواب دیا کہ سنو اتیت وہ تو آپ نرنکار تہا۔ اور ہماری خبرگیری کے واسطے آیا تہا۔ ہمنے تو اپنا سیدہا لینا تہا۔ اوس سے سیوا نہین کرائی تہی۔ اوسکا تیج ہمارے سے تہما نہین گیا۔ اسیلئے ہمنے اوسکو رخصت دی ہے جب گورو نانک صاحب

فقیرون سے رخصت لیکر دو کوس پر آئے تو بالا کو کہا کہ بہائی بالا ہمنے کیا کیا۔ تو بالا نے کہا سنو نانک
صاحب جی ہمنے کوئی روپیہ آپکا نہین کہایا۔ آپنے میرے سے مانگے اور مین نے آپکو روپیہ دیدیے
تب گورو نانک صاحب نے کہا کہ ہمنے بہول کیون کی۔ تو بالا نے عرض کیا کہ آپ جانئے۔ اگر بہولے ہے
تو آپ۔ اگر نہین بہولے ہو تو آپ۔ جب تو آئے ہے ویسا ہین بہی آئے ہون۔ کالو جانے اور تم جانو۔ تو گورو
نانک گہر نہ گئے اور بالا اپنے گہر چلا گیا جب کالو کو خبر ہوئی کہ بالا نوکر اپنے گہر آیا ہے اور نانک جی نہین
آئے تو کالو نے بالا کے گہر جاکر بالا کو باہر بلایا جب بالا باہر آیا۔ کالو نے پوچہا کہ اے بالا گورو نانک صاحب
کہان ہین اور روپیہ کہان ہے۔ بالا نے جواب دیا۔ ای مہتہ کالو صاحب نانک جی نے بیس روپیہ جاتے ہی فقیرن
کو کہلا دیئے۔ کالو نے کہا ہمنے تم کو اسی لیئے ساتھ بہیجا تہا جو فقیرون کو کہلا آؤ۔ بالا نے جواب دیا کہ مہتہ جی آپنے
نانک صاحب کو کہراسودا خرید کرنے کے لیئے بہیجا تہا۔ سو اوسنے کہراسودا خرید کیا ہے۔ اوسنے کہا کہ بالا ہم
کہراسودا کرنا ہے۔ ہمنے کہا جو تمہاری مرضی ہو سو کرو۔ اوسنے کہراسودا کیا ہے۔ کالو نے کہا مجہکو بتلا وہ کہان
ہے۔ بالا کالو کو لیکر جنگل مین آیا۔ اور کالو گورو نانک صاحب کو دیکہکر کہنے لگا کہ وہ بیس روپیہ کہان ہے۔
تو گورو صاحب چپکے ہو رہے تو کالو غصہ ہونے لگا۔ اور ایک آدمی نے رائے بلار کو جاکر کہا کہ کالو نے گورو نانک
صاحب کو بیس روپے واسطے خرید کرنے کسی سودا کے دیئے تہے وہ فقیرون کو کہلا آئے ہین اور کالو اس کو
غصے ہو رہا ہے تو رائے صاحب نے کالو اور گورو نانک صاحب کو ایک آدمی بہیجکر بولایا اور یہ حال سنکر رائے
صاحب غصے مین تہے جب گورو نانک صاحب کو دیکہا تو خوش ہو گئے۔ اور گورو نانک صاحب کو بغل مین
لیکر نوکر سے دریافت کیا کہ گورو نانک صاحب نے بیس روپیہ کہان خرچ کئے ہین تو بالا نے سب حقیقت سنادی
تو رائے صاحب نے کالو کیطرف مخاطب ہوکر کہا کہ اے کالو آجتک مین نے تجکو کبہی کچہہ نہین کہا۔ مگر آج مین
تجکو بداخلاق کہتا ہون۔ کیونکہ تم صرف بیس روپیہ کے واسطے اسقدر اسپہ غصہ ہوا ہے۔ اور اپنے نوکر بہی
امیدا کو کہا کہ اندر سے بیس روپیہ لاکر کالو کو دیدے اور اسے نے کالو سے کہا کہ مین گورو نانک جی کو اپنے گہر رکہونگا
اسکو تیرے گہر نہین بہیجونگا۔ یا آجکل کسی اور کے سپرد کرونگے۔ اتنے مین امیدا نے رائی پوکہر سے بیس روپیہ
لاکر رائے صاحب کے آگے رکہدیئے۔ رائے صاحب نے کالو کو کہا اٹہا کر روپیہ لے لو۔ کالو نے جواب دیا کہ روپیہ
بہی تمہارے اور مین بہی تمہارا ہون اور گورو نانک صاحب بہی تمہارے ہین۔ مین روپیون کے واسطے
نہین کہتا ہون۔ مین اسکے چال چلن کو کہتا ہون۔ رائے صاحب نے کہا کہ کالو اگر بہلا چاہتا ہے تو روپیہ

لے لے۔ جتنا عرصہ گورو نانک صاحب کے قدم یہان ہین خدمت ہم کرین گے۔ تو امیدا جو لئے صاحب کا ذریعہ تہا اوس نے کہا کالے کالو جیلے صاحب روپیہ دیتے ہین لیلو۔ وہ بولا نہین جانین گے تو کالو بیس روپیہ لیکر حیران ہوگیا کہ کیا وجہ ہے۔ اور تلونڈی کے لوگ کہتری تہا جن جسقدر ہندو مسلمان جٹ بوٹ تھے وہ کالو کو کہنے لگے کہ یہ بات آپنے اچھی نہین کی جو رائے صاحب سے آپنے بیس روپیہ لئے ہین۔ پہر دوسرے دن کالو نے رائے صاحب کے پاس آکر کہا کہ بیس روپیہ واپس کرلو رائے صاحب نے جواب دیا کہ یہ بیس روپیہ ہمنے تمکو نہین دیئے ہمنے گورو نانک صاحب کے دینے تھے۔ سو گورو نانک صاحب کو دینے گئے تیرے سے واپس کیون کرین تب کالو نے کہا کہ گورو نانک صاحب کے پاس کہان سے روپے آئے ہین۔ جو آپنے نانک سے قرضہ لیا۔ تو رائے صاحب نے جواب دیا اے کالو تمکو کچھہ خبر نہین کہ جسقدر جہان پر دولت دنیا ہے سب اشیا کا گورو نانک صاحب مالک ہے ہم بھی انہین کا دیا کہاتے ہین۔ بولو بہائی جی واہگورو۔ ساکھی اور چلی ٭

ساکھی ۷۔

جب گورو نانک صاحب ۱۱ برس کے ہوئے اور جیتر بیساکھ کے دن تھے تو فصل زراعت کے واسطے جے رام پلتا کہیتی پر آیا ہتا۔ آگے سمات نانکی کالو کی دختر اپنے گہر کے دروازہ مین کہڑی تہی۔ جیرام پلتا کی نظر اوس کی طرف ہوئی تو دیکہکر کہنے لگا یہ تو بہت ٹہیک اور کیسی بہلی لڑکی معلوم ہوتی ہے۔ جیرام نے رائے بلار سے دریافت کیا کہ یہ لڑکی کس کی ہے تو رائے بلار نے کہا کہ یہ لڑکی کالو پٹواری کی ہے۔ تو پہر جیرام نے پوچہا کہ پٹواری کون ہوتا ہی۔ تو رائے صاحب نے جواب دیا کہ بہتیہ جی ذات کہتری کوت بیدی ہے۔ تو جیرام نے کہا کہ اگر میرا ناطہ یہان پر ہو تو ٹہیک ہے۔ رائے صاحب نے جواب دیا کہ بہتیا جی تمہارے اور انکے ناطے ہوتے ہین تو مین کہون اور جو نہ ہوتے ہون تو کسطرح کہون۔ جیرام کے ساتھہ ایک برہمن آیا ہوا تہا۔ پر اچہا آدمی تہا اُس سے جیرام نے پوچہا کیون گوسائین جی ہمارے اور انکے ناطے ہوتے ہین یا نہین تو ندہا برہمن بولا۔ جو بہتیا جی ٹہیک ہوتے ہین تو رائے صاحب نے کالو کو بلا کر پوچہا۔ کالو جیرام پلتا کہتری جو ہے عامل۔ سو انکے اور تمہارے ناطے ہوتے ہین یا نہین تب کالو نے جواب دیا کہ رائے جی ہوتے ہین۔ پہر رائے نے کہا کالو تمہاری لڑکی بڑی ہوئی ہے۔ جیرام کے ساتہہ ناطہ کردو۔ کالو نے کہا بہت اچہا جی! مین تو آپ کا خدمتگار ہون۔ جیسی میری توفیق ہوگی ویسی مین کر دونگا۔ رائے صاحب نے کہا نہ کالو وہ ہماری لڑکی ہے۔ تو فکر کچھہ نہ کر۔ جیرام کو رائے نے پہر بلایا۔ جیرام نے کہا رائے جی فرمایئے۔ رائے نے کہا۔ بہتیا جی دونون کی لڑکیان یعنی یہ بات منت اور خوشامد کی ہے تم بلا کے کہدو

جو ہمنے کہنا ہوگا سو ہم کہدینگے - جیرام نے کہا راے جی مین کیون کر کہون آپ راے جی لوگ ہو سمجہ لو - تب
راے نے جواب دیا تم نہ کہو - برہمن سے کہلا بہیجو - جیرام نے کہا اچہا جی - برہمن نے کہا راے جی ہم تم کہین گے کالو
کو سنیچر کے دن ڈیڑہ پہر دن رہتے برہمن نے کالو کے گہر آکر کہا دیکہہ کالو تو بہی کہتری ہے اور جیرام بہی اچہا
کہتری ہے - اچہا سنجوگ ہے ناطہ کرو - کالو نے کہا برہمن جی تم کہتے ہو کہ جیرام کیسا ہے تب راے نے کہا کالو جیرام
کسطرح کہے برہمن جو کہتا ہے سو ہی کہتا ہے - کالو نے کہا بہلا راے جی تمہارا کہنا مانتے رہے تہے پر جیرام
اور نانکی کا ناطہ ہوا - مہورت نکلوا کر ساہا نکلوایا - جیرام سلطانپور جاکے ایک بڑی بہاری جنج لیکے آیا - بڑا
بہاری ڈہکاؤ کیا اور دولت بہت برسائی اور بیاہ ہوا - کہانے بہت کہلوائے - دراج بہت دیا -
سارے شہر مین وہ نگاری ہوئی - بی بی نانکی کو وداع کیا اور جیرام ڈولی گہر لے آیا - پیچہے سے کالو
نانک جی کو بہیجنے لگا - گورو نانک جی نہ جاوین - کالو نے کہا جاؤ بہین کو لے آؤ تو راے نے گورو نانک
کو دلاسے لگا کر ساتہ کیا - راے نے کہا نانک جی ایکدفعہ بہین کو لے آؤ - پہر ہم تمکو وہان ہی سونپ چہوڑینگے
جو لہ کا خرچ تہا سو لے لیا - اور بالے سندہو کو ساتہ لیلیا - لیکر بالے کے ساتہ گئے - گورو نانک جی کو بالے
کے ساتہ بہت محبت تہی - بہین کو جاکر ملے - پہر رخصت مانگنے لگے - جیرام نے کہا گورو نانک جی تم جہان
ہی رہو - مین نہین بہیجتا - تو نانکی جی نے کہا تم مجہ کو اِسکے ساتہ ایکی دفعہ بہیجدو - کالو بہی راضی رہیگا اور
بی بی راضی رہیگی - اور نانک بہی راضی رہیگا - مین نمالی نہ پہر آیا پہر نہ بہیجنا - اس سے مین بہت ڈرتی
ہون - مجکو جب پتا آتا ہے تو ایسا ہی آتا ہے جو کچہہ اسکے منہ سے نکلتا ہے وہی ہوجاتا ہے - مین واسطے
تم سے کہتی ہون تو گورو نانک جی بی بی نانکی کو لے گئے - اپنے گہر آکر رہے - پہر جب بدیا کہ کی بہار آئی
تو زمین کی پیمایش ہونے لگی - جیرام تلونڈی آیا پہر کچہہ کا عمل کرکے مکلاوہ لے گیا - ہوا تو راے صاحب
کو خبر ہوئی - راے نے جیرام کی تعظیم تکریم بہت کی - جیرام راے پر بہت خوش ہوا - جیرام نے راے صاحب
کو منہ سے کہا کہ مین آپ پر بہت خوش ہون - کچہہ مجہے فرمایئے - راے نے کہا بہیا جی تیرا سسر کالو بہت سخت
ہے اور گورو نانک صاحب بہت سادہ ہین - ہم یہ کہتے ہین کہ تم گورو نانک جی کو اپنے پاس رکہو - تو جیرام نے کہا
راے جی اس سے زیادہ کیا بات بہتر ہے میرے ہی ساتہ چلے چلین - راے نے کہا بہیا جی سا تو نہین بنتا - دو
مہینے کے بعد بہیجین گے - تمنے اسکا ناطہ بہی دوسی طرف کردینا - جیرام نے کہا بہت اچہا رام کرسی جہا کرسی
جیرام مکلاوہ لیکر اپنے گہر آیا - بولو بہائی جی واہگورو ساکہی اور چلی +

ساکھی ۸۔

جب گورو نانک صاحب بیس برس کے ہوئے تو ایک دن ایک سادہو شہر سے باہر آ بیٹھا اوسکے پاس گورو نانک جی جا بیٹھے۔ گورو نانک جی کے بائین ہاتھہ مین ایک لوٹا تہا اور دائین ہاتھہ مین چیلہ تہا۔ سادہو نے کہا کون ہو اور کیا نام ہے۔ گورو نانک جی نے کہا میرا نام نانک نرنکاری ہے۔ کہتری ہو تو بولے تو سادہو نے کہا ہم کس کے ہین تو گورو نانک جی نے کہا تم بہی نرنکار کے ہو۔ ہم بہی نرنکار کے ہین۔ تب سادہو نے کہا تم نرنکاری اور ہم نرنکار کے۔ تم مین اور ہم مین فرق کیا۔ تو گورو نانک جی نے کہا کچہہ نہین تو سادہو نے کہا لوٹا اور چیلہ ہمکو دو۔ نانک نے لوٹا اور چیلا اوتار کے سادہو کے آگے رکھدیا۔ سادہو نے کہا کہ ہو پہنچگیا۔ تو اپنے پاس ہی رہنے دے۔ گورو نانک جی نے کہا دیو تا جی مونہہ سے تہوک ڈالدی پہر نہین اوٹھاتی سادہو نے کہا۔ نانک تو اصل نرنکاری ہے۔ لوٹا اور چیلہ دیکر گورو نانک جی اپنے گھر چلے آئے۔ سادہو لوٹا اور چیلہ لیکر چلا گیا۔



جب گورو نانک جی گھر پہونچے تو کالو نے پوچہا کہ نانک چیلہ اور لوٹا کہان ہے۔ گورو نانک جی چپکے ہو رہے بولے نہین۔ تو کالو نے خفا ہوکر کہا۔ جا بابا میرے گہر سے نکل تیرا گذارہ میرے گہر مین نہین مین تیرا پہرو نہین۔ مینے بہتیرا کہا۔ مگر تو نہ سمجہا۔ رائے بولار نے سنکر کالو کو بلایا اور کہا کہ او کالو کیا ہو گیا۔ کالو نے کہا کیا ہوا ہے جی؟ لوٹا اور چیلہ کہین ڈال آیا ہے۔ مین نہین جانتا کیا کیا۔ رائے نے کہا کالو نانک جی کو جیرام کے پاس بہیجدے یہان تو خفہ بہی ہوتا ہے اور وہ بہی رنج رہتا ہے۔ وہان جو ہوگا سو ہوگا۔ سائے بلار نے اپنی دستخطی چٹہی گورو نانک جی کو لکہدی۔ جیرام کو واجب تہا سب کچہہ لکہا۔ جیرام ہمنے گورو نانک جیکو تمہارے پاس سونپ دیا ہے۔ جو کچہہ تم سے ہو سکے انکی تواضع اور خاطر مین حتی المقدور دریغ نہ کرنا۔

بولو بہائی جی واہگورو- ساکھی اور چلی +

ساکھی ۹-

سمت ۱۵۴۱ متی مگھر سُدی ۴ کو گورو نانک جی جیرام کے پاس چلے- تین دن کے بعد تلونڈی سے سلطانپور پہونچے- مگھر سُدی ستمی کو بہن نانکی کو جا ملے- بی بی نانکی گورو نانک جی کو دیکھ کر پاؤن پر گر پڑی- گورو نانک جی نے کہا بی بی جی تو بڑی ہین مجھے تمہارے پیرون پر پڑنا چاہیے کا و ننا تمکو- پہر نانکی جی نے کہا بہائی جی تو سچ کہتا ہے لیکن آپ دمی ہوا ور مجھے تو شیر نظر آتے ہو- جیرام گھر نہین بی بی نے پیڑا بچھا دیا- پوچھنے لگی- بہائی جی بہت خوش ہو- بیٹھتے ہی جیرام بھی گھر آگیا- کیا دیکھے کہ آگے گورو نانک جی بیٹھے ہین- گورو نانک جی نے دیکھا کہ جیرام آیا ہے- وہین اوٹھکر اونکے پیرون پر گر پڑے- جیرام بہت عقلمند تہا- گورو نانک جی کے ہاتھ پکڑ لیے- قدمون پر نہ لگانے دیئے آپ گورو نانک جی کے قدمون پر گر پڑا- گورو نانک جی نے کہا جیجا جی بہلا تمنے چال کیون کی- تب جیرام نے کہا گورو نانک جی تم یہ کہتے ہوگے جو ہم سالا بہنوئی ہین- نہین مین تم کو پرمیشور جانتا ہون میرے نصیب جاگے جو آپنے میرے پاس آکر مجھکو درشن دیکر نہال کیا- تم کچھ نہ کرو- آرام سے بیٹھکر بھجن کرو- گورو نانک جی نے کہا جیجا جی کچھ کام ہو تو اچھا ہے- جیرام نے کہا بہلا جی جو تمہارے من مین یہ بات آئی ہے تو بھی بہتر کچھ ترکی بھی پڑہی ہو- گورو نانک جی نے کہا ہم ہندکی پڑھے ہین- جیرام نے کہا بہائی جی مودی خانہ لے دیتا ہون تب گورو نانک جی نے کہا مودی خانہ کسکا ہے جے رام نے کہا بہائی جی نواب دولت خان لودہی کا بڑا مودیخانہ ہے- جو ہوسکے تو لے لو- گورو نانک جی نے کہا بہلا بہلا جیجا جی- نرنکار نرباہ کرے گا- پھر بی بی نانکی بولی بہائی جی تم تو پرمیشور کا روپ ہو- جیسا ٹکڑا ہے بیٹھے کہاؤ- تم اِن جنجالون مین نہ پڑو تم اِن جنجالون کے لائق نہین ہو- تم فقیر بن گئے ہو- تب گورو نانک جی کہا بی بی جی کام کرکے کہانے سے ہاتھ سر پوتر ہوتے ہین- اور ترک بھی کہتے ہین کہ حلال کرکے کہانا اچھا ہے- تو بی بی نانکی نے کہا بہلا بہائی جی تو جانتا ہے سو کر جسطرح پر راضی ہو ویسی طرح سہی- پھر بی بی نانکی نے جیرام سے پوچھا جی تم اوسکے حال کے واقف ہو- یا نہین- جے رام نے کہا ہندی پرمیشور کی واقف ہون- تو بی بی نے کہا کہین اسکا ناطہ کرین تو اسکا گھر کے ساتھ موہ لگے تو اس سے کام ہوگا- جے رام نے کہا جو یہ کام کریگا تو کہین ناطہ بھی ہو جاویگا تو اوتاولی نہ ہو- پرمیشور کو یاد کر- تب بی بی نانکی نے کہا بہلا جی مین تم سے

عقلمند تو نہین پر تم کو کبہہ چہوڑتی ہون – جے رام نے نگہر شدری چودہری کو مودیخانہ دلوایا۔ بولو بہائی جی واہگورو

ساکھی وچلی ٭

ساکھی ۱۰۔

ایک ہزار روپیہ نقد دلوایا۔ بالے سندہو نے کہا گورو نانک جی تمنے تو مودیخانہ لیا۔ اب تم ہمکو رخصت کرو۔ تب گورو نانک جی نے کہا۔ بہائی بالا جہوٹہی محبت کی۔ جیتے ہی چہوڑ چلا۔ تو بالے نے کہا بہائی جی تمنے دوکان لے لی ہے۔ مین بہی اپنا کام کرون۔ تب گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا کوئی دن کا تو ہین ہمنے یہ سب کیا کرنا ہے۔ جو ہمارا کسب ہے وہی کرینگے۔ تو نرنکار کا تماشا دیکہہ۔ نرنکار کیا کرتا ہے ہمارے ہی ساتہہ رہو۔ تو بالے نے کہا بہائی گورو نانک جی تمہاری خوشی۔ جو تم کہوگے وہی کرونگا۔ بالا بہی گورو نانک جی کے ساتہہ کام کرنے لگا۔ کام کرتے کرتے دو مہینے گذر گئے تو پیچہے سے کالو مہتہ خبر کو آیا۔ گورو نانک جی کالو کے پانون پر گر پڑے۔ مہتے کالو نے متہا چوما۔ بغل سے لگایا۔ پوچہنے لگا تمکو دو مہینے گذرے کیا کمایا۔ کیا کہایا۔ تب گورو نانک جی نے کہا پتا جی بہت کچہہ کمایا اور بہت کچہہ کہایا۔ لیکن ہمارے پاس کوڑی نہین رہتی۔ تب کالو بالے کو خفا ہوا۔ گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا کالو سے نہ بولنا۔ کالو نے کہا مینے جانا تہا جو گورو نانک جی کام لگے ہین۔ جو کچہہ ہمارا کہویا تہا سو کمایا ہوگا سو مجہکو دیگا ایسی باتین کرکے جیسے کہ اوسکی ہین۔ پہر نانکی اور جے رام سے ملا۔ بلکہ کہنے لگا تمنے کیا کیا۔ کچہہ اسکی خبر گیری کرتے ہو



نہ تمنے کام کی کچہہ خبر لی۔ اور نہ کہین ناطہ کیا تم نے کچہہ نہ کیا۔ پہر بی بی نانکی بولی پتا جی یہان جو آیا ہے تو یہان کچہہ گنوایا نہین۔ تم شکر نہین کرتے جو اسکا دل لگا ہے۔ ایکدن کما بہی لیگا۔ اور ناطہ کی بہی تلاش کر رہے ہین آجکل کہین ہو رہی پڑتا ہے۔ کچہہ ہمارا تو نہین گنواتا۔ ہمکو کیا فکر ہے۔ اور پتا جی جو تمہارے سے کوئی ناطہ ہو

تو تم ہی کر دو۔ جیسا ہم کو وعدہ ہے اوس سے دوگنا تجکو ورد ہے۔ کالو نے کہا بیٹی انگی جو تیری سے
ہوگا۔ تو اس سے اور کیا بہتر ہے۔ اور بیٹی جو کرو گے تو کہین اچھا کہتری گہر دیکہکے کرنا۔ ایسی ویسی
جگہہ نہ ہوئے۔ پہر جے رام بولا مہتہ جی ہم نے منت نہین لگائی۔ ایک مولا چونا ہے۔ پکہو کے رندہاوی
اوسکے گہر بیٹی ہے وہ بھی اچھا کہتری ہے۔ رندہاوے کا پٹواری ہے۔ پر اتہہ ناطہ کرتا ہے ہم نے وہان ناطہ
تلاش کیا ہے۔ آگے جو پرمیشر کو بہاوے گا سو ہی ہوگا۔ مہتا جی دل ٹھکانے رکھو۔ پرمیشور بھلا ہی کریگا۔
تب کالو نے کہا بیٹا جیرام مین دل مین شرسار ہون۔ جیسے بیٹے اور داماد مین چاہتا تھا ویسی ہی بی بی
نانکی کا سکہہ دیکہا اور آنکہین ٹھنڈی ہوئین۔ اب مین چاہتے جی گورو نانک صاحب کا سکہہ دیکہون تو
دل ٹھنڈا ہو۔ جیرام نے کہا مہتہ جی تم یہان ہی رہو۔ اور ان بی بی کو بلا لیتے ہین تو کالو نے کہا بیٹا
جیرام میرا یہان رہنا بہت بہاری ہے۔ اور وہان مین لگا ہوا ہون۔ تو پہر جے رام کہا مہتا جی تم میری
پہاند کی جگہ ہو۔ تو میرا باپ ہے۔ تو پہر کالو نے کہا بیٹا جیرام جس وقت گورو نانک جی کی کوڑمائی ہووے
اوسوقت مجہکو خبر کرنی۔ بیٹا گورو نانک جی کو نظر مین رکہنا۔ کوئی پیسہ ٹکا کہین گنواوے نہین۔ تب
بی بی نانکی نے کہا باپ تو شکر کر جو راضی رہے۔ تو روز کہتا ہے۔ جو آج یہ کہویا اور کل وہ کہو دیا۔ باپ جی
یہ فقیرون کو کہلاتا ہے تو ہمارا دل کانپتا ہے کہ کہین سرکاری روپے کم نہ ہو جائین۔ اور ہم کسی طرح سرکار
سے فارغ ہو وین۔ لیکن باپ جی جب لیکہا سرکار کا بہر دیتا ہے تو کچہہ بڑہتا ہی ہے۔ یہ کوئی نرنکار کا
روپ ہے۔ آدمی نہین ہے۔ تو جے رام نے کہا اسواسطے ہم کہہ نہین سکتے۔ تب پہر کالو نے کہا بیٹا جیرام جو



پہر لیکہا کروگے تو جو بڑہیگا تم نے اپنی طرف کہینچ لینا۔ اسکے لاکہ کا لکہہ برابر ہے اور باپے کو تم بلا کر سمجہا
دو۔ اور مین بھی بہت کہتا ہون۔ جیرام نے آدمی بہیجکر باپے کو بلایا۔ جیرام نے کہا بہائی بالا تو گورو نانک

جی کا حضوری دوست ہے ہم تو جانتے ہین جیسا گورو نانک جی ہیتا تو خبردار کوئی ٹھگ ہیسے ویسی جگہہ نہ پہینکے۔ پہر کالو نے کہا بیٹا بالا ساتھ رہنے کی شرم ہوتی ہے۔ بالے نے کہا جیرام کا کہا مجہے بُرا نہ لگا پر کالو کا کہا مجہے بُرا لگا۔ تو بالے نے کہا مہتا جی بہلا کچہہ تیرے دلمین غرور ہو جو بالا گورو نانک جی کے ساتھ رہتا ہے کچہہ فضولی کرتا ہوگا۔ سو مہتا جی ہمارے بہاگ تو بڑی دوست ہے جو مین جو گورو نانک جی کے ساتھہ رہتا ہون ہمکو گورو نانک جی پرمیشور نظر آتا ہے۔ کالو تمکو دولت کی بہوک ہے تو اسکے ساتھ رہو جو کچہہ ہاتھہ مین آوے لیتا جا۔ اکٹھا کرتا جا۔ جو وہ کرے سو کرے ہم آگے عذر نہین کرتے ہم سے کچہہ نہین ہوتا۔ جو اسکو کچہہ کہین اور جو تجہ سے کچہہ ہوتا ہے تو آئے کر تب جے رام نے مہتا جی بہائی بالا سچ کہتا ہے۔ گورو نانک جی آدمی نہین کچہہ اور ہی نظر آتا ہے اچہا مہتا اب تم سدہا رو جس وقت ناطہ ہو۔ اوس گہڑی ہمنے جلدی کام کرنا ہے پہر قبیلے کے ساتھہ مو پڑجاے گا۔ آپہی سمجھیگا۔ تب کالو اپنے گھر کو گیا۔

جب ایک مہینہ گذرا تو گورو نانک جی پر ایک آدمی نے چغلی کہائی۔ سن جیرام تیرا سالا مودی ہے۔ تو اسکو سمجہاتا نہین تو جانتا ہے کہ پٹہانون کی کیسی خو ہے۔ تو جیرام غم کہا کر گھر آیا۔ آکر نانکی کو اکیلے لے بیٹھا۔ کہنے لگا سن پرمیشر کی بندی آج فلانے شخص نے مجہکو کہا ہے جو جیرام تیرا سالہ مودی ہے پیسے کھوتا ہے تو اسکو سمجہاتا نہین۔ پٹہانون کی خو جانتا ہے۔ یا نہین۔ سو نانکی مین کیا کرون۔ جو کچہہ تو کہے سو مین کرون۔ تو نانکی نے کہا تمہارے دل مین آتی ہے سو کرو۔ ہمنے کیا کہنا ہے۔ ہمنے بہی تمہارے کہے پر چلنا ہے تو جیرام نے کہا تم مصلحت دلمین کرو۔ تو پہر نانکی نے کہا جی بہی تمکو یقین نہین آتا۔ تم جانتے ہوگے۔ کہ بہائی کی خیر خواہی کرتی ہے۔ جہانتک دنیا کی دولت ہے وہ سب گورو نانک جی کے ہاتہون مین سے نکلی ہے۔ پر اچہا جی تمہارے دلمین آئی ہے تو تم یہ کام کرو۔ اب تو تم ایکدفعہ لیکہا سمہالو۔ جو لیکہا پورا ہوا اچہا ہے بڑہے چاہے نہ بڑہے۔ کم کچہہ نہ ہو تو تمنے کسی کے کہنے سے پہر نہین ہٹکنا۔ جے رام نے کہا مین نہین سمجہا تہا۔ جو تمکو یقین ہے تو مین نے کیا کرنا ہے۔ تو نانکی نے کہا جی ایسا تم نہ کرو۔ اب مین گورو نانک جی کو بلاتی ہون۔ تو جیرام نے کہا اچہا جی تمہاری خوشی۔ تو بی بی نانکی نے تلسان لونڈی کو گورو نانک صاحب کے پاس بہیجا اور کہا بہائی تم مہربانی کرکے ہمکو درشن دو۔ تو تلسان لونڈی نے آکر نمسکار کیتی۔ تو آگے سے نانک جی نے کہا کیون تلسان آج کیون آئی ہے۔ تلسان نے کہا مہاراج جی

نانکی نے کہا ہے جو میرے بہائی جی کو جا کہو جو مجکو اپنا درشن دد - اسواسطے آئی ہون - گرو نانک
جی نے کہا چلو نکسان آتے ہین سبہی سے گرو نانک جی نے بالے سے کہا - بہائی بالا مجہکو بی بی نے
کیون بلایا ہے تو بالے نے کہا جی کسی کام کے واسطے بلایا ہوگا - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا
میرا دل گواہی دیتا ہے کہ میرے پر کسی نے چغلی کہائی ہے - تو بالے نے کہا جی تمہارے اوپر کسی نے
کیا چغلی کرنی ہے - تو کسی کا کیا کرتا ہے - پہر گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا پتاشیون کا برتن لے
آؤ - تو بالا لے آیا - تو گورو نانک جی نے جہولی کیتی جسقدر پتاشے برتن مین تہے سب ڈلوالئے
پانچ سیر پتاشے نکلے - سب لیکر گورو نانک جی بی بی کے پاس آئے - آگے سے بی بی نانکی اُٹھ
کہڑی ہوئی - آؤ بہائی جی - پیڑا ڈالدیا - گورو نانک جی بیٹھ گئے - بی بی جی نے بالے کو بھی پیڑا دیا
بالا بہی بیٹھ گیا - گورو نانک جی نے کہا بی بی مجہے کیون بلایا ہے - تو نانکی نے کہا بہائی جی بہت
دن ہوئے تھے تمہارے دیکہنے کی بہت خواہش تھی اسواسطے آپ کو بلایا ہے - تب گورو
نانک جی نے کہا بی بی جی مجہکو اندیشہ ہو رہا ہے کہ کیون بلایا ہے اسطرح کہا - تو بی بی نانکی نے
کہا - بہائی جی تم کو سب کچہہ معلوم ہے کہا نہین جاتا - تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی مین اپنی دل
سے جانتا ہون جو میرے اوپر کسی نے چغلی کہائی ہے - سو مین بہی کہتا ہون اُسیرے سے لیکہا
لیجیے - تب بی بی نانکی نے دلاسا دیا - تو گورو نانک جی نے کہا نہ بی بی جی یہ حساب کی بات ہے پہنا



لحاظ شرم کسی کا نہین - تو بی بی نانکی نے کہا بہلا بہائی جی -
سمت ۱۵۴۲ سی مگہر سُدی ۱۵ کو لیکہا کیا حساب دیا تین مہینے کا ایک سو ۳۵ روپیہ گورو نانک
جی کے کہاتے پڑے لیلے دینے کے بچے ہے - گورو نانک نے بہتیلجے رام سے کہا لو جیجا جی - اب

اُنکی طرف سے فارغ ہوئے۔ یہ مودیخانہ کسی اور کو سونپو۔ ہمارا کرتار کرتار ہے تو جے رام پاؤن پر گر پڑا
بی بی نانکی کہنے لگی مجھکو چھوڑکے نہ جانا۔ تو گورو نانک جی نے کہا اب تو لیکھا پورا ہوا ہے جو گھٹ بڑھ
جائے تو کیون جنجالون مین پڑتے ہو۔ تو جے رام نے کہا آگے مین کچھہ جانتا تھا کچھہ جانتا تھا۔ اب
مجکو وہ نو نظر سے یقین آگیا ہے۔ تو میرا قصور معاف کرین مین بھولا ہون۔ جو مین چغلی سہی تیری
بہین کا کہا خاطر پر نہ لایا تو پھر ان بی بی جی نے کہا جہان سے کم ہوگا مین جواب کرون گی تو بالے
نے کہا گورو نانک جی تو کوئی ظاہر اپسر ہین۔ یا رام چند کشن ہین۔ تمکو آگے کیونکر خبر ہو جاتی ہے بھلا
نانک جی تیری بہین اور بہنوئی دونون خوشامد کرتے ہین تم کرتار کی طرف ہی دیکھو۔ گورو جی میرے پر
مہربانی کرو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بھلا بھائی بالا تیرا کہا مجہ سے پہیرا نہین جاتا تو بالے نے نمسکار کی تو
بی بی نانکی اور بہنوئی جیرام بالے کے اوپر بہت خوش ہوئے۔ کہنے لگے بھائی بالا آج تو نے گورو نانک جی
کو ہم کو نئے سر سے دیا ہے تو پہر ایک سو ۲۵ روپیہ گورو نانک جی کو چکائے پچھلے اور ستارہ ستو تیہ
اور رہا۔ لیکن گورو نانک جی مودی خانہ بیٹھے۔ جتنے کارخانے تھے وہ سب گورو نانک جی کو مبارکان
اور بدھایان دینے لگے۔ ہندو اور مسلمان خوشی ہوئے۔ کہنے لگے جو ہم نے سنا تھا جو گورو نانک جی نے
مودیخانہ چھوڑ دیا ہے تو ہم بہت دلگیر ہوئے تھے۔ گورو نانک جی کی تمام طرف سی تعظیم کرنے لگے۔
بولو بھائی جی واہگورو۔ ساکھی اور چلی ❖

ساکھی ۱۱۔

سمت ۱۵۴۴ متی ماگھہ بدی کو گورو نانک جی کی کڑمائی مولے چونے بھکھوکے رندھاوے کے گھر مین ہوئی
جے رام اور بی بی نانکی نے جہتے کالو اور اماں بی بی کو خبر بدھائی کی کہلا بھیجی اور بلائے بھیجا کہ تم آؤ تو
چوکڑ خرچیے۔ کالو سنکر بہت خوش ہوا اور اماں بی بی بہت خوش ہوئی۔ جو آدمی خبر لیکر آیا تھا اوس کا
منہ کہنڈ سے بھرا۔ کہنے لگی مین قربان تمہارے مونہ کے جس نے گورو نانک جی کی بدھائی کی خبر دی جتنا
پریوار قبیلہ بیدیون کا تھا سب نے آ بیٹھے۔ کہنے لگے کہ گورو نانک جی ہماری کل مین کوئی اچھا جیو
پیدا ہوا ہے۔ کیون جو اوتار دہارکر ہماری کل کو نرمل کیا اور اماں بی بی نے اپنے پیکیان کو بدھائی
بھیجی۔ راما جھنگڑ بی بی کا باپ تھا۔ بہرائی بی بی کی مان تھی۔ گورو نانک جی کے نانا نانی تھے اور کالو کے
ساس سسر تھے اور کہا آؤ تو سلطان پور جائین چوکڑ خرچین۔ تو وہان سے بہرائی نانی آئی اور راما

ناناا ورکرشنا ماما تینین یہ سنکر خوش ہوے۔ تلونڈی۔ کالو کو آملے۔ تلونڈی اکٹھے ہو کر چلے۔ کالو
لالو بیدی۔ امان بی بی اور ماموں کرشنا جھنگڑ۔ نانی بہرائی چھے آدمی تیار ہوے۔ دو بزرگ رامے کی
ساتھ آئے تین ڈکرا اور ایک مردانا ڈوم گھر کا تہا۔ کالو کے ساتھ آئے کل ۱۲ آدمی اکٹھے ہو گئے۔
لیکن رامے جھنگڑ نے بہت کچھ ساتھ لیا۔ جب چلنے لگے تو کالو رائے بلار کے پاس گیا۔ رائے نے کہا کالو
گورو نانک خبردار ہے تو کالو نے کہا رائے جی مجکو آپ نے اندیشناک کیا۔ رائے کہا نہ کالو اور واسطے
کہا ہے۔ وہ آگے ساد ہے۔ کوئی بول لگاڑنہ کرنا۔ کالو کہا نہ رائے جی یہ تو میری مراد ہے اور رائے
جی تم پرمیشور کی جگہ ہو کر کہتے ہو تم بھی مہربانی کے ساتھ کہو۔ رائے نے کہا جا کالو رب تیرا بھلا کریگا
کام راس آئیگا۔ ہمکو بھی ڈر ہے۔ پر کالو گورو نانک جی کا ماتھا میری طرف سے چومنا اور پاؤں پر ہاتھ
لگانا اور جے رام کو میری بندگی کہنی۔ بی بی نانکی کے سر پر پیار دیکھیو۔ جاؤ کالو سائین کی پناہ ہے
کالو چھکڑے پر سوار ہو کر چلا۔ پانچویں دن سلطان پور آیا۔ جمعرات کو دن۔ اور لوگ مبارکباد دینے
لگے۔ گورو نانک جی کو خبر ہوئی کہ ماباپ آئے ہیں۔ چاچا۔ نانا۔ نانی۔ ماما اور مردانہ ڈوم بھی آیا ہے۔ گورو
نانک جی سنکر اٹھ دوڑے۔ جاتے ہی کالو کے قدموں پر گر پڑے۔ کالو نے ماتھا چوما۔ گورو نانک جی نے
کہا باپ جی رائے جی تو راضی تھے۔ تو کالو نے کہا بیٹا اچھا یاد کرایا۔ رائے جی نے تمہارا ماتھا چومنا کہا تھا
مجھکو بھول گیا۔ پھر گورو نانک جی امان بی بی کے قدموں پر گر پڑے تو ماں نے منہ چوما اور گلے لگایا اور
کہا بیٹا تو نے ہماری کل پاک کی یعنے نرمل کی۔ پھر نانک جی رامے نانے کے پاؤں پر پڑے تو رامے نے گلے
لگایا اور چھوڑے نہین تو نانی بہرائی نے کہا چھوڑ اسکو۔ تو رامے نے بہرائی کو کہا جب میری مراد پوری



ہوگی تو مین گل سے چھوڑونگا۔ بہرائی نے کہا تیری مراد کسطرح پوری ہوگی تو رامے نے کہا بیس ۲۰
روپیہ گورو نانک جی کے سر پر سے قربان کرونگا تو میری مراد پوری ہوگی تو بہرائی نے کہا قربان کردے

تو رامے نے کہا کوئی فقیر لینے والا ہوگا؟ تو نانکی نے کہا جا تلسان کوئی فقیر ہے تو اوسکو لے آؤ۔ تلسان جا کر فقیروں کو بلا لائی۔ تو نانکی نے کہا ناناجی بیس روپے نقد قربان کروگے کہ ٹکے قربان کروگے تو رامے نے کہا بیٹی جو تو کہیگی سو کرینگے۔ تو نانکی نے کہا ناناجی ٹکے قربان کرو۔ رامے نے کہا بیٹا کشنا بیس روپیہ کے ٹکے لے آؤ۔ بہرائی نے کہا بیٹا دس روپیہ کے میرے سے لے آؤ۔ پانچ روپیہ کے کشنے کے لیے آؤ۔ دہل پنے ڈالے پینتیس روپیہ کے ٹکے لایا۔ بیس روپیہ کے ٹکے رامے نے قربان کیے۔ دس روپیہ کے نانکی نے پانچ رامے نے قربان کیے۔

سمت ۱۵۴۱ ماگھ سدی کو جمعرات کے دن سلطان پور سے روانہ ہوئے۔ اچھا مہورت بچار کر کرواز کون چلے۔ کالو۔ لالو۔ راما۔ کشنا۔ پرمانند پلتا۔ جے رام۔ اور نوکر چاکر بہت تھے۔ آگے نندھے برہمن کو بھیجا۔ وہ پکھوکے رندھاوے آیا۔ یہ کھوہ رندھاوے کا پوترا دتا رندھاوا تھا۔ اوسکا مولا چونا پٹواری تھا۔ نندھے برہمن نے مولے کو جاکے خبر دی۔ مہتا مولا اسکی رسوئی میں تھے مولے نے کہا نمسکار پانڈا جی۔ آؤ جی کہاں سے آئے۔ نندھے نے کہا جی سلطان پور سے آیا ہوں۔ مولے نے کہا پانڈا جی کیونکر آنا ہوا۔ نندھے نے کہا مہتہ جے رام اور پرمانند پلتے نے بھیجا ہے۔ نندھے نے کہا مہتا جی تلونڈی سے کالو بیدی۔ جے رام کا سسر آیا ہے۔ چوکر خرچنے واسطے۔ جیرام نے کہا ہے کہ مہتے مولے کو خبر کر آؤ۔ میں اسواسطے آیا ہوں۔ مولے نے کہا آویں ہمارے سر آنکھوں پر آویں۔ اتوار دسمی کو پہر دن چڑھے جا نکلے۔ آگے مولے نے سامان کر رکھا تھا۔ پرمانند پلتے نے اپنے ہاتھ سے جا کر چوکر خرچا دونوں طرف راہ و رسم جو تھی سب ہوئی۔ لوکا لونے پرمانند بیدی سے کہا مہتا جی تم ساہا مانگو۔ پرمانند دانا تھا۔ مولے کو اکیلے لے بیٹھا اور ساری بات ادسے کی۔ دیکھو مہتا جی لڑکا بھی جوان ہے اور لڑکی بھی بڑی سنتے ہیں۔ ساہا بھی دیا بیدی تلونڈی سے آئی ہیں۔ اور سب جہنگڑ نانکی کے لڑکے کے بلجھے سے آئے ہیں۔ تو مولے نے آگے سے جواب دیا بہلا مہتا جی تم خاطر جمع رکھو۔ ایک دفعہ ہمکو میعاد دو۔ پہر اچھا ساہا کوئی سودھ کے بھیج دینگے۔ بڑی عزت اور تعظیم سے سلطان پور آئے۔ مبارکبادیاں ملنے لگیں۔ بی بی نانکی نے شیرینیاں بلا کر گلے کو بٹھلائیں۔ چوتھے دن کو رخصت ہونے لگے۔ تو مردانے ڈوم نے کہا گورو نانک جی کچھ اپنی بدھائی دو۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ کیا لیتا ہیں ہمکو تمہارے ساتھ کام ہے۔ مردانے نے کہا جی مجھکو کوئی اچھی چیز دو تو گورو نانک جی نے کہا مردانیا اچھا چیز

لیتا ہین۔ پر اچھی چیز سے خفا ہو جائیگا۔ تو مردانے نے کہا جی جو تم اچھی چیز دوگے تو مین خفا
کیون ہونگا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ تم مراسی ہو۔ ٹکے پیسے کپڑے سے خوش ہوتے ہو۔
اور بھلی بات نہین جانتے۔ تو مردانے نے کہا گورو جی جو اچھی چیز جانتے ہو وہی دو۔ تو گورو نانک جی
نے کہا ہمنے تمکو تارون کا ہنر دیا۔ یہ ہمکو چاہیئے۔ تو مردانے نے اوٹھکر تعظیم کی۔ تو گورو نانک جی نے
کہا مردانیا کچھ ہماری بات مان۔ مردانے نے کہا جی فرمایئے۔ مردانتے بیدیان کا مراسی ہے تو نے
اوسنے نہین مانگنا۔ مردانے نے کہا جی یہ بات مانی۔ لیکن تم ہماری خبرگیری مین رہو تو گورو نانک
جی نے کہا مردانے پرمیشر سب کی خبرگیری مین ہے۔ تو سب گہرون کو رخصت ہوئے۔ ملکر خیر
و عافیت سب تلونڈی گئے۔ تو گورو نانک جی کا طریقہ جو قدیم سے تھا کوئی آئے کسی کو خالی نہ
چھوڑین۔ لوگون مین باتین ہوئین جو مودیخانہ لوٹا دیا۔ ور نانکی اور جے رام کو آکر لوگ سناوین
نانکی نے جے رام سے کہا مت لوگون کے کہے۔ پہری جیرام اندر سے گنتی کرے۔ پر باہر سے
سانس نہ نکالے۔ تو ایک دین گورو نانک جی نے آپ کہا جیجا جی حساب سرکار کا دوا دو بہت
دین ہوئے۔ تو جیرام نواب کے پاس گیا عرض کی نواب سلامت گورو نانک جی کہتے ہین حساب لو
تو نواب نے کہا جیرام نانک مودی کو بلاؤ۔ جیرام نے ندے برہمن کو بہیجکر بلائے لیا۔ اور کہا کہ
گورو نانک وہی لالا وادر حساب دو۔ گورو نانک جی بہی لیکر نواب کے پاس گئے۔ آگے سے لوگ
نواب کے کان مین باتین بھرے تھے کہ نواب صاحب مودی پیسے لٹاتا ہے سلتے ہین گورو نانک
جی نے نواب کو سلام کیا۔ نواب نے کہا رے مودی تیرا نام کیا ہے۔ گورو نانک جی نے کہا میرا نام
نانک نرنکاری ہے۔ تو نواب نے کہا۔ رے جیرام مین تو کچھہ نہ سمجھا مودی نے کیا کہا۔ پھر جے رام
نے فارسی مین نواب کو سمجھا دیا۔ تم کہتے ہو بے چون و بے چگون و بے نمون اوسکی صفت ہے
اوسکا مین بندہ ہون۔ نواب نے ہنسکر کہا جے رام مودی کا بیاہ ہوا ہے۔ جیرام نے کہا جی ابہی اسکا
بیاہ نہین ہوا۔ نواب نے کہا اب مین سمجھا جو بیاہیگا تو ایسی بات سمجھوگا۔ نواب نے کہا گورو نانک جی
مین نے سنا ہے کہ تو میرے پیسے لٹاتا ہے۔ تو جان مین دولت خان لودہی ہون۔ تو گورو نانک
جی نے کہا نواب سلامت حساب لیجئے اور جو کچھہ فقیرون کا نکلے خوشی لی دے تو دیجئے جو نہ آوے
تو نہ دیجئے تو نواب صاحب نے کہا رے جے رام مودی کسطرح بولتا ہے جیرام نے کہا نواب سلامت

سودی سچا ہے۔ سودی خلا مند نہین۔ نواب نے کہا جادو رائے نویسندہ کو بلاؤ۔ جادو رائے نویسندہ
نے آ سلام کیا۔ نواب نے کہا بھئے جادو رائے گورو نانک صاحب سے حساب لو۔ تو جادو رائے نے کہا اچھا
نواب سلامت۔ حساب کرنے لگے۔ پانچ دن اور پانچ رات حساب ہوتا رہا۔ جادو رائے نویسندہ نے
بہت باتین بنائین پر پرمیشور اور سچ کے ساتھ کچھ نہ چلے۔ تین سو اکیس روپیہ گورو نانک جی کے
زیادہ نکلے۔ جیرام خوشی ہوا اور آکر نواب کو مجرا کیا۔ نواب نے کہا کیون رے جیرام حساب ہوا تو جیرام
نے کہا۔ ہان نواب سلامت۔ نواب نے کہا۔ ارے کیونکر ہوا؟ جیرام نے کہا نواب سلامت جادو رائے کو بلا کر
نواب نے کہا رے جادو رائے کو بلاؤ۔ جادو رائے نے بلایا۔ جادو رائے نے آکر نواب کو سلام کیا۔ نواب نے کہا
ارے جادو رائے حساب لیا ہے؟ کیونکر ہوا؟ تب جادو رائے نے کہا نواب سلامت تین سو اکیس روپیہ
گورو نانک کے زیادہ نکلے۔ تو نواب نے کہا ارے ہمارے یاد رکھے۔ جادو رائے نے کہا نواب سلامت گورو
نانک صاحب کے دینے سرکار نے دینے۔ تو نواب نے کہا کہ لوگ کہتے تھے جو گورو نانک پیسے لٹاتا ہے۔ جیرام نے
عرض کی۔ نواب سلامت لوگ دشمنی بہت کرتے ہین۔ نواب نے کہا بھوانیداس خزانچی کو بلاؤ۔ بھوانیداس
خزانچی نے آ کے سلام کیا۔ نواب نے کہا ارے بھوانیداس جو گورو نانک جی کے پیسے آتے ہین ابھی ادا
کرو۔ اور تین ہزار روپیہ دو۔ بھوانیداس نے کہا بہت خوب۔ نواب سلامت۔ بھوانیداس نے تین سو اکیس روپیے
پہلے دیئے اور تین ہزار روپیہ اور دیا۔ گورو نانک جی تھیلیان لیکر اپنے گھر آئے انمین سے کچھ دکان
پر لے گئے۔ زیادہ بی بی جی کے پاس رکھے۔ جیرام بہت خوش ہوا۔ گھر مین آیا آگے سے نانکی نے پوچھا کیون
جی کیونکر حساب ہوا۔ جیرام نے کہا سن پرمیشور کی بندی مین آج بڑا حیران ہون جو گورو نانک جی ظاہرا
پیسے لٹاتے ہین اور جب حساب ہوتا ہے تو ہم سے بڑھتا ہے تو نانکی نے کہا آج کیا بڑھتا نکلا جیرام
نے کہا تین سو اکیس روپیہ بڑھتے نکلے کھاتے پیتے لٹاتے۔ تب نانکی نے کہا جی اسکے پاس جو رائے
بار برساتا ہے اتنا اور کوئی نہ برساویگا۔ جیرام نے کہا پرمیشر کی پیاری رائے بلار نے کتنا برساونا ہے اس
سے بہت لوگ برساوینگے تو جیرام کے کہنے سے نانکی بہت خوش ہوئی۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی ۱۱ چلی

ساکھی ۱۲-

سمت ۱۵۴۴ اساڑھ سدی سمتی کو نسا ہا لکھا بہادروان سدی سمتی کا ساہا لکھا آیا بابی نانکی جی گھر بابا کیجی
اور نہ تھے برہمن کے ہاتھ چٹھی لکھکر بھیج بتاشے اور لاچی لے کنگاسے چڑھکر کے اور پانچ روپیہ نقد

تلونڈی کالے کے گہر بھیجے۔ کالو کے گہر آنند منگل چار ہونے لگے کالو نے اپنے ساہو رت اچھو
آدمی بہیجا۔ وہان بھی مبارکباد ہونی اپنی اپنی جگہہ بدہائیان بانٹنے لگے۔ کالو رائے بلار کے پاس
گیا رائے جی مبارکباد کالو نے کہا رائے جی تمہارے بیٹے کا ساہا لکھا ہوا آیا ہے۔ رائے نے کہا۔ کالو
گورو نانک جی کو میرا بیٹا کہنا۔ وہ گوروؤن کا گورو اور پیرون کا پیر ظاہر ہے۔ میرے ویسے غلامون
کا غلام تو کالو نے کہا جی تمہارا ہمکو ادب کرنا چاہیے۔ رائے نے کہا بہلا کالو اور ادب کی باتین تہوڑی
ہین کالو نے کہا بہلا جی ہمارا گناہ بخشنے مین بہولا ہون۔ رائے نے کہا خدا بخشیگا۔ جاؤ تیری
مراد حاصل ہوگی۔ میرا گورو نانک جی کو سلام کہنا۔ سارے اوپر کون کون چلے۔ کالو۔ لالو۔ پرسرام
نندلال۔ اندرسین۔ بہرایا۔ جگت رام۔ لالچند۔ جگتیت مل۔ جہٹ مل جتنے بیدی تہے سب تیار
ہوئے۔ جب بہادرون کی سنگرانت لگی۔ سات دن گذرے تب تلونڈی سے چلے۔ اچھے سر
رامانا تا۔ ماکت نا بہی آیا۔ سلطان پور آکر پہونچے۔ آگے پرمانند پہلے اور جیرام کے گہر اترنے کہا جب پانچ
دن سلہٹ مین رہے تو سلطان پور سے چلے سارے اوپر جا کر ٹہرے ہوئے پرمانند اور جیرام کے
اپنے پروہت برہمن کو آگے بہیجا۔ مہاجا کے مولے کو خبر کرو۔ جو بیدیان کی جنج آئی ہے۔ تمکو معلوم ہو جو
چونے کو نہ ہے برہمن نے جاکے خبر کی۔ آشیرباد جاکے کیا۔ کہا جمان خوش رہو مولے نے کہا پاندہا
نمسکار۔ نرہے نے کہا جنج باغ مین اتری ہے تمکو خبر کرنے کے واسطے مجھکو بہیجا ہے۔ بہائی جے رام
پرمانند نے کہا ہے جاؤ جہتے مولے کو خبر کراؤ۔ مولے نے کہا اچھا جی۔ تب نہر نے جیرام وغیرہ کو خبر
جاکے آگے سے مولے نے اپنے بہرا بہائی اکٹھے کئے اور جہتے رندہاوے پاس جا کے کہڑا ہوا۔ کہنے لگا
چودہری جی بیدیون کی جنج آئی ہے۔ جہتے رندہاوے نے کہا بیٹا اچھا مولے کے ساتھ جاؤ جو کچھ
مولا کہے سب کچھ راضی ہو کر کرو۔ آپ بھی ساتھ ہو مولا میری دہیہ تیری نہین تو مین تیرے ساتھ ہی تہا
بہلا کیا چودہری جی جو تمہارا حکم ہے سو تم ہی ہو۔ جہتے نے کہا۔ مولا بہلے لوگ تمہارے گہر ڈہکے ہین کچھ
شرم کو دیکہنا اور زبان میٹھی رکھنا۔ ہمارا کہنا یہی ہے مین سنتا ہون کہ کالو بیدی بہشیان کا پہلاری ہے
بڑا بڑبولا ہے۔ اور تو بھی زبان کا سخت ہے۔ پرمانند جیسے بہلے آدمی بیچ آئے ہین اپنی طرف سے ادب کرنا
مولے نے کہا اچھا چودہری صاحب جی تم ہماری پشت پناہ ہو۔ ہمکو تمہاری وڈیائی پرمیشور کی دی
ہے جہتے نے کہا بہلا مولا جا آگے چل مولے نے پنچ چوڑے کے پہلے پیڑی بہیجی با اقبال نند دا بہی ساتہ

ہی تہا۔ اچھی تعظیم و تکریم کی رات کو جنج چڑھی ساہو کے ساتھ بڑی دولت لٹائی۔ فقیر دولت لیکر بہت راضی ہوئے



جنج اندر گئی تعظیم بہت طرح کی۔ سوا پہر رات کو لانوان ہوئین تو بالے نے کہا گورو جی جو باتین مین کہتا
ہون آنکھون سے دیکھی حاضر کی باتین کہتا ہون سنی ہوئی نہین کہتا تو گورو انگد جی سیفن باتین
سنکر ابک مین بیراگ کرتے ہین۔ جب بلاوان کا وقت ہوا۔ تو گورو جی نے کہا بھائی بالا تو میرے ہی
پاس ہے گورو جی جو کچہہ گورو نانک جی کا پوشیدہ خرچ تہا سو میرے ہی پاس تہا تو مینے کہا بھلا جی نز
آپکے ہی پاس رہوگا۔ گورو جی بہلا رس ما۔ تین دن جنج رہی۔ چوتھے دن رخصت ہوئی۔ ڈولی لیکر
سلطان پور آئے لالو کالو کہے جو لڑکا اور عورت گھر مین چلین اور گورو نانک جی کہین یہان ہتی مین
اور ناکی بیجے رام کہے یہان ہی رہین کیون جو مودیخانہ کا کام ہے پیچھے سے کون چلائیگا کالو نے کہا بیٹی
نانکی تیری مان بھی انتظار کر رہی ہے۔ اسکی بھی مرادہے۔ یہ جھگڑا ہوتا ہی تہا جو مولا بھی آیا۔ مولے جی نے
نے کہا جو لڑکا اور عورت یہان ہی رہین۔ تلونڈی نہیجو یہ جھگڑا کیا۔ دن ہوا تو پرمانند نے کہا مونجہ
اب جھگڑا فعہ ہے لڑکے کی مان کی بھی مراد ہے اپنے گھر جاوین۔ پہر آکر یہان ہی رہین۔ کام مودیخانہ کا یہان
ہی ہے۔ اسکا رکہنا کر نیک ہے۔ بات اسی طرح ہے جو ڈولی گھر لیجاوین۔ نانک جی اور ماتا چونی کی ڈولی
جنج جتنی تلونڈی سے آئی تھی ولملی ماتا چونی کی تلونڈی لے گئے۔ گورو نانک جی تلونڈی گئے تو گورو
نانک جی نے کہا بھائی بالا ہمارے آتے تک کام چلاتا۔ تو بالے نے کہا گورو جی مین تو جٹ ہون مجھکو
یہ کام کب چلتا ہے۔ پہر گورو نانک جی نے کہا بھائی بالا کام کرتا رچلا ونگیا۔ تم ہم مین کہر سے رہو۔ ایک مہینہ
کو یہان آوینگے اب تم کام چلاؤ۔ تو بالے نے کہا بھلا گورو جی جو کچہہ تم کہوگے سو کرونگا تو سب تلونڈی گئے۔
بالے نے کہا گورو انگد جی مجھکو وہان کی خبر کچھ نہین۔ تلونڈی مین گورو جی نے کیا کیا پہر گورو نانک جی

خوشی سے سلطان پور آئے۔ جیرام اپنا نکی بہن کو آ کر ملے۔ ماتا چونی ننان کے قدموں پر پڑی۔ آگے
سے بی بی نانکی نے کہا ٹھنڈی ٹھیری رہو۔ ماتا چونی کا ماتھا چوما۔ گلے لگا کے پاس لے بیٹھی۔ اگلے دن
کو گورو نانک جی مودیخانہ آ بیٹھے۔ اور ماتا چونی پیکے گئی ہوا آپ گھر میں رہ گیا۔ گورو نانک جی
مودیخانہ آ کے کام چلانے لگے۔ آگے کا لو تھا جو ہو لایا۔ جو گورو نانک جی کا طریقہ تہا سو جا جا دے
تبیلے کے ساتھ بہا تھوڑا کرین اور ماتا چونی خفا ہوئے گورو جی کی اور سکو خوشی نہ ہوئے۔ گورو جی
اپنے خیال میں مگن رہین۔ مہینہ دو مہینے کند جاوین گھر نہ آوین۔ جب مولا بیٹی کو ملنے جاتے تو بیٹی مجھ
کو کہے باپ جی تو نے مجھے کہاں دیا۔ یہ تو لوگوں کو کھلاتا ہے اور گھر کیطرف کچھہ نہیں توجہ کرتا۔
مولا جی رام سے آ کر کہے اور گورو نانک جی سے کہے تو گھر سنبھال پاتشانہ۔ گورو نانک جی آگے نہ بولین اور
ماتا چونی کا نام سلکھنی تہا۔ گورو جی کے گھر جو آئی۔ اسواسطے ماتا چونی کہلاتی تہی۔ مہینہ کے مہینے
جھگڑا کر جاتین اور چندو رانی گورو نانک جی کی ماں کا نام تہا۔ بیٹی کو آ کر ملی۔ بیٹی گلے ملکر
روئی اور کہنے لگی مین کیا کرون تیرا لڑکا فقیرون کو لٹاتا ہے اور گھر نہین سنبھالتا۔ چندو رانی نے
غصہ ہو کر نانکی کو کہا۔ کہنے لگی کیون جی تم ایسی حکومتین کرنے لگے تمکو پرمیشور کا خوف نہین تو بہائی کو
نہین سمجہاتی۔ بھرجائی کو ایک کر نہین جانتی نہ تو بہرجائی کی خبر لیتی ہے نہ بہنوئی سالے کو سمجہاتا ہے
تمہارے دلمین کیا آئی ہے سو تم کہو۔ تب نانکی نے کہا سن ماسی بہائی میرا حریر نہین تہا نہین کوئی برا کام
نہین کرتا۔ پن دان بھوکے ننگے کو کرتا ہے۔ اپنی کمائی جا ہے کچھہ کرے۔ تم طعنہ تو تب دو جب تمہاری
بیٹی کو کسی بات کی کمی ہو اور اچھے بہلے گہر ہے۔ گہنے کی جگہہ گہنا۔ کپڑے کی جگہہ کپڑا اور مین جی
جی کرتی ہون۔ بہائی کے نجیر بینے کبھی اسکو بلایا نہین تم ہمکو بے فائدہ کہتی ہو۔ تب تمہاری خوشی
ہم تو کچھہ نہین کہتے۔ پہر شرمندی ہو کر چپ کر رہی۔ کچھ کہہ نہ سکی شرمندی ہو کر اپنی بیٹی کے پاس
آئی کہا سلکھنی تیری ننان نے مجھہ کو ماتہوں شرمندہ کر دیا مجھکو جواب کوئی نہ آیا۔ دیکھہ بیٹی تو بہی بچے ہمکو
چل۔ تو سلکھنی نے کہا امان مین تو کچھہ بھی کبھی تو نہین رہتی ننگی نہین رہتی گہنے کپڑے کہانے پینے کو سب
کچھ ہے۔ چندو رانی نے کہا۔ بیٹی جو سب کچھ ہے تو پہر کیون کہتی ہے۔ تو آگے سے بات ہونی نے کہا امان
میرے ساتھ بولتے نہین۔ گھر بہی نہین آتے۔ مین کیا کرون کس کو کہون۔ تب چندو رانی نانکی کے
پاس آئی۔ آکر کہا بیٹی نانکی مین نے تیری بہرجائی سلکھنی کو بہت سمجہایا ہے۔ آگے سب کہنے لگے مین

ہو کبھی ٹکتی نہین رہتی۔ مجھکو گہنے کپڑے بہت ہین۔ پر میرے ساتھہ بولتے نہین میرے اوپر خوشی نہین ہوتے۔ مین کیا کرون۔ تب بی بی نانکی نے کہا ماسی چندو رانی بہائی کسی طرح بہت سخت ہین۔ جو کبھی مین بلا بھیجتی ہون تو بھی نہین آتی۔ جو کبھی دلمین آتا ہے تو لو والکھی آتی ہے۔ تو مین دل مین نہین کہتی جو میرے سے چھوٹا ہے۔ یون کہتی ہون میری بہر جائی ہے۔ مین جی ہی پڑی کرتی ہون کہ کسی طرح سے راضی رہے۔ اور کیون جو ہمنے گود پائی ہے۔ اور اچھی کتہریون کی بیٹی ہے۔ اچھا آپ چلانی ہوگے۔ تو چندو رانی نے کہا اچھا بیٹی نانکی پرواہ تو کسی بات کی نہین۔ پھر تو آپ ہی جان۔ عورتون کا رتب ہی تو یہی ہے۔ تو بی بی نانکی نے کہا۔ ماسی تو بھی سچی ہین اور وہ بھی سچی ہے۔ پر میشر اچھا کریگا تو بیٹی کو دلاسا دیکر سمجہا اور کہو کہ بیٹی تم اوسکے کہے پر چلا کرو۔ اور ماسی تو جانتی ہوگی۔ جو مین بہائی کی حمایت کرتی ہون اور مین گورو نانک جی کو بہائی نہین جانتی۔ مین پرمیشر ہی جانتی ہون وہ آدمی نہین تو ٹہیک جان اسمین فرق نہ جان۔ ہم گورو نانک سے ایسا ڈرتی ہین جو کہنے کی کچہہ بات نہین۔ کیون جو گورو نانک جی فقیر بن گیا ہے۔ بہلا ماسی جی اب تو جاؤ پرمیشر کو بہاویگا تو مین بہائی



کو بہت حوصلہ دلواؤن گی۔ آخر مین چندو رانی اپنے گھر کو چلی گئی +

ایک دن گورو نانک جی جے رام کو ملنے آئے تھے۔ بی بی نانکی جی نے کہا بہائی جی آج پرمیشور ہمارے اوپر بہت مہربان ہوا ہے۔ جو آپنے ہمکو درشن دیا ہے۔ گورو نانک جی نے کہا بی بی جی مین تمہارا غلام ہون۔ تو بی بی نانکی نے کہا جی یہ بات پھر مجھکو نہ کہنا۔ بلکہ مین تیری غلام ہون۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی تو مجھسے بڑی ہے۔ بی بی نانکی نے کہا بہائی جی کچھہ دنون مین بڑی ہون پر کرمون مین بڑی نہین ہون۔ بڑا وہ جو کرمون مین بڑا ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی

تو بھی ہے پر یہ پرمیشور نے مجھکو بھی بتلایا ہے۔ تیرے پر پرمیشر مہربان ہے تو بی بی نانکی نے کہا بھائی مجھ پر بھی پرمیشر مہربان تب جانونگی جب تو میرا کہا مانیگا۔ تو گورو نانک جی نے خوش ہو کے کہا بھلا بی بی جی جو کچھ تو کہے گی وہ مانونگا۔ تو بڑی بہن ہے تیرا پیار ساتھ بھلا بھی بہن بھائی کا ہے تو نے میری سیوا پیچھے بھی بہت کی تھی۔ تیرا تو مجھ پر بہت سا ہے۔ کہو کچھ تو اس منہ سے کہے گی وہ مانونگا تو بی بی نانکی نے کہا بھائی جی ہم بہت شرمندے ہوئے ہیں تو بھائی کو دلاسا نہیں دیتا۔ اچھے باپوں کی بیٹیاں گودی پالے کرلاتے ہیں۔ اور ان کا دلاسا نہیں ہوتا۔ تو بہت شرمندہ ہوتے ہیں۔ تو سادہ ہے اپنے دل میں سوچ دیکھ۔ تو ہمارا کہنا مان۔ تو گورو نانک جی نے کہا کیوں بی بی کسی بات کی اوسکو کمی رہی ہے۔ نانکی نے کہا بھائی جی کیوں کمی ہے۔ جو سب کچھ پرمیشر کا دیا حاضر ہے لیکن ایک منہ کا دلاسا سب باتوں سے بڑا ہے۔ چاہیے اور کچھ نہ ہو اور منہ کا دلاسا ضرور ہو عورت کی ذات کو یہی بات چاہیئے۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی تو اس بات کا دلبرستو کہہ کر نانکی نے کہا بھائی میرے من پر یہ بات ہے جو تیری اولاد دیکھوں اور اپنی گود کھلاؤں تو گورو نانک جی نے کہا بھلا بی بی جی جو کچھ تو کہتی ہو وہ بھی ہو جائے گا۔ یہ بات کہکر چلے گئے۔ بی بی کا کہنا مان لیا۔ گھر آنے جانے لگے۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی ؀

ساکھی ۱۳۔

گورو نانک جی مودی خانہ کریں اور سب کو راضی رکھیں۔ اپنے گھر بھی آنے لگے۔ بی بی نانکی جی سنکر بہت راضی ہوئی جب گورو نانک جی تئیس برس کے ہوئے تو بیٹے سری چند جی پیدا ہوئے۔ بڑی مبارکباد ہوئی آنند منگل ہوئے۔ جب سری چند جی ساڑھے تین برس کے ہوئے اور لکھمی داس صاحبزادے پیٹ میں تھا اور گورو مودی خانے بیٹھے تھے۔ ایک دن گوبند لوک نے آکر تری جاسے میں دکھائی دی۔ تو گورو نانک جی نے کہا آؤ جی بیٹھو۔ تو وہ گوبند لوک بیٹھ گیا اور کہا راضی خوشی ہو۔ گورو جی نے کہا جو کرتا کو بھاوے۔ گوبند لوک نے بچارا کہ یہ تو جگت کے ادھار نے کے واسطے آیا تھا۔ یہاں بیٹھے رہا جگت تو نرگم ادھرے گا۔ کوئی نصیحت کہے۔ گورو نانک جی کو کہنے لگا جی تمہارا نام کیا ہے۔ گورو جی نے کہا نام نانک نرنکاری ہے۔ کہنے لگا جی تم تو نرنکاری ہو۔ کس واسطے آئے ہو اور کیا کرنے لگے ہو۔ تو گورو جی نے کہا بھلا ہو سے جی وہی کرینگے تو گوبند لوک چلا گیا صبح کو گورو نانک جی نہانے جایا کرتے تھے

جب ۱۰ مہینے گذر گئے تو ایک دن گورو نانک جی دریا کے بیچ مین گھسے گئے غوطہ لگایا۔ وہ
نکلے۔ تو مودیخانہ اور سرکار مین شور پڑ گیا جو گورو نانک جی چھپ گئے۔ کوئی کہے جو سرکار کے پیسے
کھو گیا۔ فقیروں کو کھلاتا اور لٹاتا تھا یہی شور ہو رہا تھا تو تیسرے دن گورو جی نکلے۔ تو
شور پڑا جو گورو نانک مودی کو بھوت لگا خفتی ہو گیا۔ دولت خان مودی کو خبر ہوئی تو دولت خان
لودہی نے جیرام کو پکڑ منگایا۔ کہا تیرا سالا نانک مودی تھا تو پیسون کا جواب کر۔ جیرام نے گورو نانک
جی سے آکر عرض کی کہ دولت خان لودہی حساب مانگتا ہے چلکر حساب دو۔ تو گورو نانک جی ٹھاکر
ساتھ ہوئے۔ جاکے حساب دیا سات سو ساٹھ روپیہ گورو نانک جی کے تہہ پتے نکلے دولت خان
نے کہا ہے نانک تو مودی خانہ اپنا حساب آپ کے لے۔ آگے مودی خانہ کا کام چلا۔ تو گورو نانک جی
نے کہا خان جی یہ پیسے میرے نہین۔ یہ پیسے خدا کے ہین فقیروں کو کھلاؤ۔ تو گورو نانک حساب
فارغ ہو کر گھر نہ آئے۔ باہر ہی ہے۔ پھر مولا سوہرا چلکر اگاڑ ہو گیا۔ پھر تیسرے مہینے گورو نانک
جی کے گھر لکھمی داس صاحبزادہ پیدا ہوا۔ مولا چونا شامے پنڈت کا سیوک تھا مولا۔ شامے کے
پاس جا دوڑا۔ دیکھو جی نانک نہ کچھ کرتا ہے کسی طرف نکل جاتا ہے۔ میری وسے بہت دکھی ہوا ہون

ساکھی ۱۴۔

شامے پنڈت نے کہا جی گورو ان مین بہت میٹھتا ہے۔ شامہ اور مولا آئے گورو نانک جی کے پاس
گورو آگے۔ گورو دین مین بیٹھے تھے۔ شامے پنڈت نے کہا گورو نانک جی یہ کیا رنگ اور روپ بنایا ہے



کیا پچھیان باتین کرتا ہے۔ چلکر کچھ کام کر۔ بسنت کی بہار آئی ہے گورو نانک جی ایک شبد اٹھایا راگ بسنت
راگ بسنت محلہ پہلا۔ باجا بالک نگری کا چی دستان تال پیارو۔ دوسے مائی دوسے

بابا پڑھیے پنڈت کرو۔ بچار وسوامی پنڈ تام ویونی۔ کیت بدھ بادو پران جی +
اسکا مطلب یہ ہے۔ بدن کا جی نگری ہے۔ من بالک سا جا ہے۔ کام کرودھ لوبھ موہ ہنکار پانچ دشمن ہین۔ وہ مائی آنکھیں ہین۔ وہ باپ سرون ہین۔ سنکر دیکھکر کہتے ہین۔
پھر مولا سوہرا بولا جو تجھے بڑی آگ لگی ہے کہ تیرا بسہ ہو گیا ہین تو پھر گورو نانک نے دوسری پوڑی کہی
ہتھیر اگن بناس پت مولی ساگر پنڈی پایا۔ چند سورج دو گھر ہی جیتیرا لیا گیان نہ پایا +
اسکا مطلب یہ ہے۔ ہتھیر اگ جو ہے وہ ترشنا ہے۔ بناس پت جو ہے پتر بیٹیاں جورو دھن و دنگا کو دہم جوائی۔ سوگسا ہین۔ شاما پنڈت تم بچار و سورج کا چاندنا جو ہے ناہ کمل ہین ہے۔ وہ چاندنا جاگے تو گورو پورا ملے تو اندھیرا جائے۔ گیان پراپت ہو۔ شامی پنڈت نے کہا گورو نانک جی گھٹ ہی مین رام کو سمر اور کام کر۔ رام سب کی خبر جانتا ہے۔ تو گورو نانک جی نے تیسری پوڑی کہی۔
رام رونا جانے ایک ٹل نہ بیوگ کرے + تا نکے پچھن جانئے ایک کہا دھن سنگ رہے +
اسکا مطلب یہ ہے۔ رام سب کی خبر رکھتا ہے۔ پر کرپا اوسی پر ہے جسکو پریم اور دھیرج ہے جسکو یہ بخشتا ہے۔ تو مولے نے کہا جی یہ ڈھیٹھ ہو لے ہے کسی کا کہا نہین مانتا۔ پھر شامے پنڈت نے کہا گورو نانک جی کسی کا کہا بھی مانتے ہو۔ تو گورو نانک نے چوتھی پوڑی کہی +
کہیا نہ آکھیا مانے تس ہی سیتی واسا + پر نوت نانک داس وا سا کہن تو لہ کہن واسا +
اسکا مطلب یہ ہے۔ یہ جو رسنا ہے وہ کسی کے کہے مین نہین۔ اوستی اور نندا کرتی ہے۔ کہا نہ کہا نہ جانتی نہین پھیکا میٹھا بولتی ہے۔ آٹھون پہر اسی سے واسا ہے۔ شاما پنڈت کرتار مہربان ہووے تو یہ رسنا ہمیں نے ہٹے۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی +

ساکھی ۱۵۔

یہ سنکر مولا چونا نواب کے پاس فریادی گیا۔ نواب دولت خان لودھی نے کہا ارے یار خان یہ کون ہے۔ کس پر فریادی ہے۔ یار خان نے مولے کو کہا تو کون ہوتا ہے اور فریادی کس پر ہین۔ اوسنے کہا جی مین نانک مودی کا سسر ہون اور نانک پر فریادی ہون۔ یار خان نے کہا نواب سلامت یہ گورو نانک مودی کا سسر ہے اور گورو نانک پر فریادی ہے۔ نواب نے کہا یار خان اسکو آگے لاؤ۔ یار خان مولے کو نزدیک لے گیا۔ نواب نے مولے سے پوچھا۔ مولے نے عرض کی نواب سلامت

سات سو ساٹھ روپیہ گورو نانک جی کے جو باقی نکلے ہین وہ نانک جی کے قبیلے کو دین۔ نواب
نے کہا سولا گورو نانک تو کہتا ہے جو فقیرون کو دو پھر سوے نے کہا نواب سلامت گورو نانک کے
مہر گی ہے نواب نے کہا حق تو انکا ہے تو وہ کہتا ہے فقیرون کو دے۔ پر نانک کو ملان لگا دو
جب گورو نانک صاحب کو ملان جہاڑا کرنے لگا۔ تو گورو نانک صاحب چپ ہو رہے



جب گورو نانک جی کی ناس مین پلیتے شرے کی بو گئی تو گورو نانک صاحب نے شلوک کہا +
دہرگ تنان کا جیو یا جو لکھہ لکھہ بیچن ناون + کہیتی جن کی اوجڑی کہلواڑے ناہین تہاؤن +
پھر ملان کہنے لگا تو کون ہوتا ہے تو اپنا نام ہمین بتاؤ۔ تو گورو نانک جی نے راگ مارو مین شبد کہا۔
مارو محلہ پہلا۔ کوئی آکھے بھوتنا کوئی کہے بیتالا۔ کوئی آکھے آدمی نانک بیچارا بہیا دوانہ شاہ
کا نانک بورانا +

رہاؤ۔ تو دیوانہ جانئے جان بیہے دوانہ ہو + ایکی صاحب باہر دوجا اور نہ جانے کوء +
تو دیوانہ جانئے جو ایکا کار کما + ایکی صاحب باہر دوجی اور سیانپ کا + تو دیوانہ جانئے جان
صاحب دہرے پیار + مندا جانئے آپکو اور بہلا سنسار +

جب ملان کی بھی نشا ہو گئی۔ تب صفت کرنے لگا۔ ملان نے نواب کے پاس آ کر کہا۔ نواب
صاحب گورو نانک تو خفتی نہین۔ اسکو کوئی رہبر ملا ہے وہ خبردار ہے۔ نواب نے کہا جے رام کو
بلاؤ جے رام کو بلایا۔ اوسنے آکر سلام کیا۔ نواب نے کہا جیرام ہم تو گورو نانک جی کے پیسے نہین
رکہتے۔ گورو نانک نے کہا ہے فقیرون کو کھلاؤ سارے کا سارا اوسپر فریادی ہے۔ ملان نے کہا
جو گورو نانک خبردار ہے جو تو کہے سو کرین۔ جیرام گورو نانک سے بہت ڈرتا تھا۔ جیرام چپ کر رہا۔

نواب نے کہا جیرام تو جواب کیون نہین دیتا۔ جیرام نے کہا نواب سلامت آپ سب کچھ سمجھتے ہین کیا جواب
دون۔ نواب نے کہا ہے رام حق قبیلے کا بھی ہے۔ جیرام نے کہا نواب سلامت نانک بھی حاضر ہے کہین دور نہین
گیا۔ نواب نے کہا گورو نانک جی کو بلا دو۔ گورو نانک جی کو آدمی بلانے گیا۔ گورو جی نہ آئے۔ آدمی پہر آیا۔ کہنے
لگا جی وہ نہین آتا۔ نواب وقت خان خفا ہوا کہا جا کر پکڑ لاؤ۔ آدمی نے جا کر کہا گورو نانک جی نواب بہت
للکار کرتا ہے گورو نانک جی اوٹھ کہڑے ہوئے نواب کے پاس آئے۔ سلام نہ کیا۔ نواب نے غصے ہو کر کہا آگے
کیون نہین آئے تھے۔ گورو نانک جی نے کہا سن نواب جب تیرا نوکر تہا۔ تب تیرے پاس آتا تہا۔ اب پرمیشر کے
نوکر ہوئے ہین۔ نواب نے کہا جی تم ایسے ہوئے ہو تو ہمارے ساتھ چلکر نماز پڑہو جمعہ کا دن مبارک ہے۔
تو گورو نانک جی نے کہا چلو جی اچھی بات ہے۔ تور انتہ نواب اور قاضی صاحب اور گورو نانک جی اور کتنے ہی



لوگ گئے۔ مسجد مین جا کہڑے ہوئے۔ جتنے لوگ مسجد مین تھے اونے سب اپنی جگہہ کہنے لگے کہ آج گورو
نانک جی اس پلے پر آیا ہے۔ اور ہر ہندو اودہا جنان سلطان پور مین سب جگہہ ایک شور پڑ گیا۔ اور جیرام
بہت دلگیر ہو کر گہر مین آیا جب نانکی نے دیکہا کہ میرا خاوند آج بہت دلگیر آیا ہے۔ تو نانکی اوٹھ کہڑی ہوئی
کہا جی آج کیا بات ہے تم ایسے دلگیر کیون ہوئے۔ جیرام نے کہا سن پرمیشر کی بندی لوگ کہتے ہین کہ تیرے
بہائی گورو نانک نے کیا کیا۔ نواب کے ساتھ جمعہ مسجد مین نماز پڑہنے گیا ہے۔ اور سارے شہر مین ہندو
مسلمان مین شور پڑ گیا ہے کہ آج گورو نانک مسلمان ہوا ہے۔ مین کسطرح دلگیر نہ ہون۔ تو آگے سے نانکی
نے کہا جی تم اوٹھکر رسوئی کرو تم گورو نانک جی کیطرف سے کوئی غم نہ کرو۔ بے فکر رہو۔ گورو نانک جی جو میرا
بہائی ہے اسکا رب حمایتی ہے۔ گورو نانک جی کی طرف کوئی بری نظر کرکے نہین دیکہتا۔ اوٹھکر تم کہانا کہا
ابھی بات کرتے تھے جو شور پڑا۔ اور نت ہے برہمن کو جیرام نے خبر لانے کے واسطے بہیجا تہا۔ تب تین ندہا

برہمن آ پہونچا۔ آ کر جے رام کو مبارکباد دی۔ نانکی اور جیرام پوچھنے لگے۔ بیٹا سمجھ کیونکر بیتی ندے نے کہا جی مین اندر تو نہین گیا۔ لیکن مین نے مسلمانون کی زبانی سنا ہے کہ نواب نے نماز پڑھی۔ اور گورو نانک جی کھڑے رہے۔ جب نواب نماز پڑھ چکا تو کہنے لگے ارے گورو نانک تو نماز پڑھنے آیا تھا۔ یا کھڑا ہونے کے واسطے۔ تو نے نماز ہماری طرح کیون نہین پڑھی۔ تو گورو نانک نے کہا مین کس سے نماز پڑھتا۔ تو نواب صاحب نے کہا تو ہمارے ساتھ نماز پڑھتا۔ تو گورو نانک جی نے کہا۔

تھا تمھو کے زمین پر دل تھے آسمان ÷ گھوڑے قندھار خریدوا دولت خان پٹھان۔

تو گھوڑے خریدنے قندھار مین گیا تھا۔ مین نماز کس سے پڑھتا۔ تو نواب نے کہا ارے نانک تو اتنا جھوٹھ بولتا ہے۔ مین تو یہان ہی کھڑا ہون۔ تو نانک نے کہا سن نواب تیری دینہ تو یہان پڑی تھی۔ اور جو نماز پڑھنے والا تھا۔ سو قندھار گیا تھا۔ تو قاضی صاحب نے کہا دیکھو نواب صاحب ہندو اتنا جھوٹھ بولتا ہے تو نواب نے کہا قاضی گورو نانک سچ کہتے ہین۔ سجدے کے وقت میرا خیال قندھار مین گھوڑیون کی خرید و فروخت مین تھا۔ پھر قاضی نے چغلی کھائی سن خانصاحب ہم تو نہ گئے تھے۔ ہمارے ساتھ نماز پڑھتے۔ پھر نواب نے کہا گورو نانک جی تم قاضی صاحب کے ساتھ نماز پڑھتے۔ تو گورو نانک جی نے کہا نواب جی قاضی بچھیرے کو سنبھالنے گھر گیا تھا۔ مت بچھیرا کھات مین نہ پڑے۔ تو دونون کو یقین آیا۔ دونون گورو نانک جی کے مشکور ہوئے۔ کہا جی تو تو آپ پرمیشور کے پیارے ہو۔ بھائی جی بھی مین سنکر آیا ہون۔ پھر نانکی بولی ہمرا نانک بھائی کو کہان چھوڑا۔ ندے نے کہا مجھانی مینے وہان چھوڑا ہے۔ جیرام انہسے ناراض ہوا۔ ارے تو وہان ہی کھڑا ہوتا۔ گورو نانک نکلتا۔ تو مل آتا۔ تو ندے نے کہا جی وہ تو مسیت مین تھا۔ جتنے لوگ تھے سب گھرون کو آئے وہ تو مجھکو کہین نظر نہ آیا۔ کیا جانون کہان گیا۔ تو نانکی نے جیرام کی منتا کی۔ کہنے لگی تم گنتی کچھ نہ کرو۔ گورو نانک بھی آتے ہین۔ اوسی وقت گورو نانک جی جیرام کے گھر آئے۔ تلسان لونڈی نیچے سے پکاری نانکی بھائی جی آیا ہے تو بولی نانکی ایک بیچارا ہو بیٹھی کیون جی مینے تو کہا تھا جو بھائی نانک کا رب حمایتی ہے۔ گورو نانک جی کی طرف کوئی نہین دیکھ سکتا۔ جیرام بہت خوش ہوا کہنے لگا۔ بھوجی تمکو ایسا یقین آیا ہے۔ کہنے لگا بھائی جی کیونکر مضبوط رہا۔ ہمنے تو بہت اندیشہ کیا۔ تم بنی ہو تو گورو نانک نے کہا جیجا جی جو کچھ ہوئی سو اچھی ہو گئی۔ پھر جے رام نے کہا بھائی جی جو ہمکو کوئی پوچھے

تو کیا کہنے لوگون سے کچھ نہین تمہارے منہہ سے سنئے سو اچھی خبر ہے تو گورو نانک جی نے کہا جیجاجی دولت خان نماز پڑھنے لگا ہم پاس کھڑے ہوئے ہے جب نماز پڑھ چکا تو کہنے لگا ارے نانک تو نماز پڑھنے آیا تھا کھڑا ہو نے آیا تھا تو نے نماز نہین پڑہی ہم نے کہا۔

ستھا ٹہو کے زمین پر دل و سے آسمان ✦ گھوڑے قندھار خرید دا دولت خان پٹھان



تو نواب نے کہا مین تو کچھ نہین سمجھا۔ تو نے کیا کہا ہے۔ تو ہم نے کہا خان جی روح آپ کا قندھار گھوڑے خرید کرنے گیا ہوا تھا۔ دیہی یہان تھی مین کس کے ساتھ نماز پڑہتا نواب نے کہا قاضی کے ساتھ نماز پڑہتے تو ہنسنے کہا خان جی قاضی کی گھوڑی سوئی ہے اور بچھیرا پیدا ہوا ہے اوس محلہ مین کہاتے ہے۔ قاضی نے زمین پر سجدہ کیا اور روح قاضی کا بچھیرے مین جا رہا۔ مت گرہے مین بچھیرا گر کر نہ بجاوے۔ یہ سنکر دولت خان نے ہنسکر کہا کیون قاضی گورو نانک جی نے کیا کہا ہے۔ تو قاضی جی نے کہا خان جی ایسی ہی بات ہے۔ تو نواب نے کہا قاضی گورو نانک تو آپ ہی پیغمبر ہے۔ اب اس پر حرف کوئی نہین چلتا۔ تو پھر نواب نے مجھکو کہا کہ گورو نانک جی اور تیرا سسر فریادی ہوا ہے۔ جو فقیرون کو نہ دو۔ اب کس کو دو ہمنے کہا مین تو تجھکو کہہ چکا ہون۔ آگے تو جان۔ تو نواب نے کہا اسن گورو نانک جی آپ ہے پیسے تیرے قبیلے کو دیتے ہین۔ آدہے اپنے ہاتھ سے تم فقیرون کو دو۔ تو ہم نے کہا ہم کچھ نہین جانتے تو جان۔ یہ بات ہم کہہ آئے تھے۔ جیجاجی آگے تمہارے دل بہاو بھلی لگے یا بری لگے تو جے رام نے کہا تم سے جو ہوئی ہو ٹھیک ہوئی تو نانکی نے کہا ابھی نہین یقین آیا۔ او تھوڑ سوئی کہاؤ۔ تو جے رام نے کہا بھوجی تو گورو نانک جی کی بہین ہے تجکو بھی اسکا کچھ اثر ہے۔ ہم ایسے بھرم مین ہے۔ بہن جو گورو نانک جی ہے اور تو بھی بہن ہے اور تھوڑا سا مین بھی وہن ہون۔ تمہارے ساتھ ہمارا سنگ ہے۔ تو پھر جے رام اور گورو نانک آور بانے

نے رسوئی کہائی۔ رسوئی کہا کر بیٹھے تھے سو مولا آیا اور چندو رانی آئی۔ آگے تسا مر پنڈت اور ملا دونوں
جھگڑ گئے تھے۔ اب چندو رانی گورو نانک جی کی ساس آئی۔ اوسنے جگورو نانک جی کو دیکھا بجلی کی طرح
کڑک کر کہنے لگی۔ سن وے نانک اس بات کو بیاہ کیا تھا جو کنبہ چھوڑ کر چھوڑ چلا ہے تو گورو نانک جی
نے شبد بولا + راگ مارو محلہ پہلا + جل تات پتا پنڈ کمایا + ترن کرتے لیکھ لکھایا + الکہنام جوت پائی
مل مایا ست گوائی + مورکھ من کلیسے کر سی مانا + اودھ چلنا خصمے بہاتا +۔
رہاؤ ۔ ۱ ۔ تج سواد سہج سکھ ہوئی + گھر چھڈ نے رہے نہ کوئی + کچھ کھائے کچھ دھر جائے + جو
بہر دنیا آئے + سچ کا یان پہ سہنڈائے + فرمائیش بہت چلائے + پی سہج سکہالی سو وسے + ہتھ
ہونی کا سے روو سے ۔ گھر گہن دانی بہائی + یا پ پتہہ تر ان نہ جائی + بچھو بیڑا بیو بہر نا ؤ + کہو
نانک اوتر ہے تاہو + تو چندو رانی بڑی جھکنہ جھکنہ ہی + پھر مولا اپنی بیٹی کو چھوڑے نہیں +
اور سری چند پورے پانچ برس کے تھے ۔ بولو بہائی جی ڈگورو ساکھی اور چلی +



ساکھی ۱۶۔

جب گورو نانک جی سلطانپور سے نکل کر کھڑے ہوئے ۔ باہر ہی رہے ۔ بی بی جی کے گھر نہ آوے ۔ چندو
رانی اور مولا بیٹی کو نہ چھوڑے ۔ اور بی بی نانکی نہ دیوے ۔ لڑتے جھگڑتے بہت جھگڑا ہوا تب بی بی
نانکی جی نے کہا ۔ اچھا ماسی سر سکھنید میرے پاس ہے ۔ بہر جائی کو اور لکھمی اس کو تم لیجاؤ ۔ جو کچھ قسمت
کی بات ہو کسی بات سے بہائی خفا ہو تو بخشائے لین ۔ پر میشر سے ہم کو کیسی برابری ہے ۔ چندو رانی
اور مولا اپنی بیٹی اور دو بیٹے کو لے گئے ۔ پھر کتنے دنوں بعد لونڈی سے کالو نے مردانے کو گورو نانک
جی کی خبر کے واسطے بھیجا ۔ جاؤ مردانہ گورو نانک جی کی خبر لاؤ ۔ ہمنے اللہ کی ہوئی بات سنی ہے جو

گورو نانک جی فقیر ہو گیا ہے۔ یہ سنتے ہی مردانہ سلطانپور آپہنچا آتے ہی شہر میں سے سنا ہو
گورو نانک جی فقیر ہو بیٹھا ہے۔ مردانہ نانکی کے پاس آیا۔ آکر خبر لی۔ کہنے لگا زادی یہ کیا ہوا مجھ
کالو نے مجھکو خبر کے واسطے بھیجا ہے۔ جاؤ گورو نانک جی کی خبر لاؤ۔ تو نانکی نے کہا بھائی مردانہ
یہی خبر ہے جو دیکھتا ہے اور جو اور خبر لینی ہے تو بھائی نانک کے پاس جاؤ۔ جو کچھ جواب دیگا وہ کالو
اور اماں بی بی کو جا کے کہنا۔ تو مردانہ گورو نانک کو آ ملا۔ کہنے لگا یہاں یہ کیا کیا۔ اچھی بھلی کرت کو چھوڑ
کر انگوچھا سر پر باندہ لیا تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ ہم نے تجھکو تار کا طریقہ دیا تھا۔ ہم تمہاری انتظار
میں تھے۔ مردانے نے کہا کہو مجھکو تو گورو نانک جی نے کہا مردانے ہمارے ساتھ چلو۔ مردانہ نے
کہا کہاں چلتے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا جس طرف کرتا لیجائے۔ مردانے نے کہا گورو نانک جی مجکو
جتے کالو نے آپکی خبر کے واسطے بھیجا ہے اور اماں بی بی انتظار میں ہوگی۔ اور تم کہتے ہو جو ہمارے ساتھ
چل۔ میں کیا کروں مجھکو تو مشکل پڑی ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا سن مردانہ ہمارے ساتھ پھر کچھ
تنگ ہے۔ سکھ بھوگ مانگے تو جاؤ۔ مردانے نے کہا مجھکو تو مشکل بنی۔ اب میں کہاں جاؤں مجکو تمہارے
جیسا کوئی نظر نہیں آتا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ تار بجاؤ۔ تو مردانے نے کہا جی میں نے تو کبھی تار
نہیں بجائی۔ تو گورو نانک جی نے کہا ہم نے جو تجکو تار کا کسب دیا وہ کہاں ڈالا ہے۔ تو مردانے نے کہا
جی میں نے تو کچھ نہیں کہا یا۔ جہاں تم نے رکھا ہے وہاں پڑا ہوگا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ تار
بجاؤ۔ مردانے پاس رباب نہ تھا۔ حکم مانا اور اوٹھ کھڑا ہوا۔ مردانہ شہر میں آیا کوئی ربابی ڈھونڈنے لگا
کیا دیکھے جو ایک ربابی ایک پٹھان کے آگے گاتا ہے اور مجھونا رباب ہاتھ میں بجاتا ہے۔ مردانے
نے اوسکو سلام کیا۔ تب تک پٹھان اوٹھ کھڑا ہوا۔ تب مردانے نے اوس مراسی کو کہا کہ چل بھائی تجھ
ایک بندہ خدا بولاتا ہے اور وہ مراسی مردانے نال اوٹھ چلا۔ راہ میں آیا تو پوچھنے لگا بھائی تو کون
ہوتا ہے۔ مردانے نے کہا میں بھی مراسی ہوں۔ پھر اوس نے کہا بھائی تو کہاں کا ہے۔ تیرا نام کیا ہے
مردانے نے کہا جی میرا نام مردانہ ہے اور رائے بھوئے کی تلونڈی میں رہتا ہوں۔ مردانہ اوسکو
لیکر گورو نانک جی کے پاس آ بیٹھا۔ اوسکو کہا بھائی رباب بجاؤ۔ گورو نانک جی کی سمادھ لگی ہوئی تھی
جب اوس ربابی نے تار بجائی تو گورو نانک جی کی انکھیں کھل گئیں۔ اور گورو نانک صاحب نے
کہا۔ اور مردانہ تو بجا۔ مردانے نے گورو صاحب کا حکم مانا۔ اور رباب بجانے لگا۔ مردانے نے

ایسی تار بجائی جو جنگل کے ہرن بیہوش ہوکر گر پڑے۔ تو گورو نانک جی بہت خوش ہوے اور
مردانہ بھی اپنے دل میں بہت خوش ہوا اور کہنے لگا میں بجانا نہیں جانتا تھا۔ یہ مجھکو آج غیب کی فتح ہوئی
اور وہ مراسی حیران ہوگیا۔ کہا کہ میں نے بڑے بڑے مراسی دیکھے ہیں۔ لیکن یہ گن کسی میں نہیں دیکھا
تو پھر گورو نانک جی نے کہا کیوں مردانہ۔ مردانے نے کہا جی واہ واہ۔ مردانے نے ڈنڈوت تعظیم کی کہنے
لگا میں تجھکو پرمیشر جانتا ہوں جو تو فرماوے وہی کروں۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ کوئی رباب لو
مردانے نے کہا جی کوئی طنبورا لیں۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ رباب تو ڈھڈیہ گورکھی ساج ہے اور
جو اور باجا ہے وہ سب بیکار ہے۔ تو مردانے نے کہا جی رباب ہی ملے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مرد
سوال کرنا اچھا نہیں۔ پرمیشر کراتی ہے۔ جاؤ بی بی جی کے پاس جاکے کہو بی بی جی نانک نے ایک
سوال کیا ہے جو مانو تو کہوں۔ جو نہ مانو تو نہ کہوں۔ اگر اوس نے مان لیا تو کہنا۔ کہ ایک رباب لے دو
اگر نہ مانا تو نہ کہنا۔ مردانہ اوٹھ کھڑا ہوا۔ تو اوس مراسی نے کہا جی یہ رباب حاضر ہے تو نانک جی نے
کہا بھائی مراسی تو نے دیا ہمکو پہنچا۔ لیکن یہ ہمارے کام کا نہیں۔ مردانہ بی بی نانکی کے پاس جاکھڑا
ہوا۔ بی بی نانکی نے کہا کیوں بھائی مردانہ کہاں سے آئے ہو۔ مردانے نے کہا رانی جی مجکو گورو
نانک جی نے آپکے پاس بھیجا ہے۔ بی بی نانکی نے کہا بھائی جی راضی ہے۔ آج پرمیشر ہمارے اوپر بہت
مہربان ہے جو ہمکو بھائی جی نے یاد کیا ہے۔ کہو کیونکر بھیجا ہے۔ کیا کہا ہے۔ مردانہ کو پیڑھی دی۔ پوچھنے
لگی کہو بھائی مردانہ۔ مردانے نے کہا جی گورو نانک جی نے ایک سوال کیا ہے۔ اور کہا ہے جو مانے
تو کہوں جو نہ مانے تو نہ کہوں۔ تو بی بی نانکی نے کہا دھن میرے بھاگ ہیں۔ جو بھائی نانک جی نے
سوال کیا ہے۔ بھائی مردانہ بیشک کہو۔ تو مردانے نے کہا جی ایک رباب جتنے کو آ جاوے اتنے کو لے
دو۔ تو بی بی نانکی نے کہا ایک کیا سو لو۔ بھائی مردانہ تو بھائی جی کو کہو۔ مجکو ایک دفعہ اپنا درشن دو
تو مردانے نے گورو نانک جی کے پاس آکر کہا۔ گورو جی بی بی جی کہتی ہیں ایک کیا سو کہو تو لیدوں
لیکن مجکو ایک دفعہ اپنا درشن دو۔ گورو نانک جی نے کہا۔ چلو بھائی مردانہ بی بی نانکی کا کہا نہیں ہیلا
جاتا۔ نانکی پیچھے بھی ہماری بہن تھی۔ چلو بھائی تو گورو نانک اور بھائی مردانہ دونوں بی بی نانکی
کے پاس آئے۔ آگے سے بی بی نانکی نے پیڑھا دیا اور ایک پیڑھا مردانہ کو دیا۔ دونوں بیٹھے۔ گورو
نانک جی نے بیٹھکر کہا بی بی جی کچھ کہو۔ تو بی بی نے کہا جو تم منہ سے کہو مجکو وہی قبول ہے لیکن

ایک بہاری بات دیاؤ۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہلا بی بی جی کہو۔ تو بی بی نانکی نے کہا بہائی
جی تم فقرالیس بے شک کیا کرو۔ اور تم میرے پاس ہی رہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی ہم
تمہارے پاس ہی ہین جسوقت تم یاد کروگے اوسی وقت حاضر ہوجاوینگے تو بی بی نانکی نے کہا
بہائی مردانہ تم جاکے کوئی رباب پسند کرو اور جو کچھہ مول لگے ہمسے پاس سے لے جاؤ۔ مردانے نے گورو
نانک جی سے پوچھا۔ جی گورو جی کسطرح کا ہو تو گورو نانک جی نے کہا بہائی مردانہ بی بی جی سے پوچھو
جس قیمت کا کہے اوسی کا لے آؤ۔ بی بی نانکی نے کہا بہائی مردانہ جیسا تیری خوشی ہو جلدی واچھا
لے آؤ۔ دام کا صرفہ نہ کرنا اچھے سے اچھا لے آؤ۔ مردانے نے کہا جی بہت اچھا۔ مردانہ اوٹھہ
کھڑا ہوا بی بی نانکی نے کہا بہلا بہائی مردانہ کہانا کہا جاؤ۔ اور بہائی بالے کو بھی بلالاؤ۔ مردانہ
بالے کو بلانے آیا۔ مردانے آکر کہا ججمان تجھکو گورو نانک جی اور بی بی جی نے بلایا ہے۔ بالے
نے کہا کیون مردانہ۔ مردانے کہا سوالی کی ہے گورو نانک جی کو اور مجھکو اور تجھکو اسواسطے بلایا
ہے۔ تو بالے نے کہا سن مردانہ مین تو گہر کیطرف کو چلا تھا۔ لیکن چل مت گورو نانک جی اور
بی بی نانکی غصے ہووین تو بالا مردانے کے ساتھ گورو جی کے پاس آیا تو آگے سے گورو نانک جی
نے کہا کہ بہائی بالا آؤ۔ تو بالا گورو نانک جی کے قدمونپر گر پڑا۔ تو گورو نانک جی نے کہا آؤ بہائی
بالا کرتار یاد آوے۔ جو پرشاد بی بی جی نے تیار کیا تھا تینون نے کہایا تو بالے نے گورو



نانک جی کے آگے ہاتھہ جوڑے اور خوشی مانگی۔ جی گورو جی ہمکو خوشی ہو تو ہم گھر وطن کو جاتے
ہین تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا ہمارے اوپر کیون رنج ہوتے ہو۔ تو بالے نے عرض کی
گورو جی بہلا قدرت ہے جو ہم تمہارے اوپر رنج ہوون۔ ہم بلکہ آپ سے کچھہ مانگا چاہتے ہین۔ تو

گورو نانک جی نے کہا مانگ بہائی بالا جو کچھ مانگو وہ کرتار سے دلوا دین۔ بالے نے کہا گورو
جی مین یہی مانگتا ہون جو کرتار یاد آوے اور تمہاری چال دیکھکر دل ٹھہرے سنسار کوئی
کچھ کہتا ہے کوئی کچھ کہتا ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا تمکو کرتار آرام سے رکھیگا سنسار
پڑا جھگڑا ہے سنسار کہتی کی طرح ہے۔ بالے نے گورو نانک جی کے پاس سے رخصت لی۔ گھر کو
روانہ ہوئے۔ تب بی بی نانکی نے کالو اور اماں بی بی کو اچھے پیغام دیئے۔ بالا پیغام لیکر تلونڈی کو
گیا اور مردانے کو گورو جی نے رباب لینے بھیجا تو بی بی نانکی نے کہا بہائی مردانہ جتنے کو ملے اتنے ہی کو
اچھا رباب لے آو۔ جو میرا بہائی جی مجھ سے خوشی ہو۔ جو کچھ لگے وہ آکر لے لینا۔ مردانہ اوٹھکر تعظیم
اور گورو نانک جی بہت خوش ہوئے۔ مردانہ مراسیون کے گہر ڈہونڈنے لگا۔ جہان جائے وہان
یہی کہین جو گراہیوان کا ڈوم آیا ہے۔ مردانے کو کوئی آدر نہ دے۔ کتنے دن مردانہ پہرتا رہا
پہر مردانہ گورو جی کے پاس آیا۔ گورو جی نے مردانے سے پوچہا کیون مردانہ تو مردانے نے کہا
جی سب کچھ آپ کو معلوم ہے تو گورو نانک جی رنگ مین آئے۔ کہنے لگے او مردانہ بیشک کہو مردانے
نے کہا گورو جی بے شک کہنے کی کچھ بات نہین۔ تو مردانہ کانپا اور کانپ کر کہا۔ جی سنسار کہتا ہی
جو آیا ہے گراہی کا ڈوم۔ یہ بات لوگ کہتے ہین۔ ڈوم کوئی رباب نہین دیتا۔ تمنے کہا جو رسیا ہو
لاؤ۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ سنسار ایسی ہی جھک مارتا ہے سنسار کھسم کے تیری طرف
آویگا۔ تم کوئی رباب لے آؤ۔ مردانے نے کہا جی مجکو کوئی مراسی آدر نہین دیتا۔ تو گورو نانک جی نے
کہا مردانہ ہمارا کہنا مانو۔ مردانے نے کہا جی جو کچھ کہو۔ تو گورو جی نے کہا مردانے جنگل مین ایک جاٹونکا
گانون ہے۔ دونون ندیون مین اوسمین ایک ربابی رہتا ہے اوسکا نام پہرندا ہندو اور اوسکو پہرو
بھی کہتے ہین۔ تو اس سے جا کر رباب مانگ۔ جو نہ دے تو ہمارا نام لینا۔ مردانے نے کہا اچھا گورو
جی۔ پہر مردانے نے کہا گورو جی کچھ دام بھی پاس ہو تو۔ گورو نانک جی نے کہا مردانہ جو کچھ دام چاہیے
سو بی بی جی سے لے جاؤ۔ مردانہ بی بی جی تک پاس آیا۔ بی بی نے کہا کیون بہائی مردانہ۔ مردانے
نے کہا بی بی جی جتنا شہر تھا مین نے سب ڈھونڈا مجکو ہاتھ نہ آیا۔ اب گورو جی نے مجکو دو سیجا ہی
قیمت کے واسطے تمہارے پاس آیا ہون تو بی بی نے کہا بھلا بہائی جی جو کچھ تو کہے سو دیدون۔
مردانے نے کہا بی بی جی سات روپیہ۔ تب بی بی نے سات روپیہ نکالکر مردانے کے ہاتھ دیئے۔

مردانہ گوروجی کے پاس سے گیا۔ تو گورو نانک جی نے کہا جاؤ۔ مردانہ جلدی جاؤ۔ اور جلدی آؤ۔ مردانہ تیتے کے روین جا پہونچا۔ جاکر ڈھونڈھنے لگا۔ یہان پھرندا یا پھیرو ربابی کہان رہتا ہے۔ کوئی نہ بتاوے دو دن ڈھونڈتا پھرا۔ مردانہ تنگ ہوگیا۔ مردانے نے کہا بھائی یہان تو نہین ہے کہان ڈھونڈون اور کہان سے پوچھون۔ اپنے دلمین خیال دوڑانے لگا۔ مین کیا کرون مردانا بہت اداس ہو کے چلنے لگا۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی ورچلی ❊

ساکھی ۱۷

مردانہ نہایت غمگین اور فکرمند ہوکر ایک درخت کے نیچے جا بیٹھا۔ اور سری گورو نانک جی کا خیال کرنے لگا۔ تو تیتے کے روین خود بخود پھرندا ربابی مردانے کو آملا۔ آکر پوچھنے لگا کیون بھائی کسکو ڈھونڈتا ہے ❊



مردانے نے کہا جی یہان ایک ربابی رہتا ہے اوسکا نام پھرندا یا پھیرو ہے۔ پھرندا نے کہا تیرا کیا نام ہے۔ تو کون ہوتا ہے۔ تجھکو کس نے بھیجا ہے اور تیرا شہر کونسا ہے تو مردانے نے کہا جی میرا شہر رائے بھوئے بھٹی کی تلونڈی ہے۔ مردانہ میرا نام ہے اور گورو نانک جی نے بھیجا ہے۔ رباب لینے کو آیا ہون۔ پھرندے نے کہا میرا نام ہی پھرندا ہے۔ اور گورو نانک جی نے تجکو میرے ہی پاس بھیجا ہے اور رباب بھی میرے پاس ہے اور گورو نانک جی میرا قدیم سے دوست آشنا ہے۔ تو مردانے نے کہا مجکو رباب دو۔ پھرندے نے کہا سن مردانہ رباب کیا نا معلوم جو پھرندا کہان سے رباب لے آیا۔ جو مردانہ دیکھے تو کیا دیکھے جو قدرتی رباب ہے۔ مردانے نے کہا جی قیمت کہو پھرندے نے کہا۔ مردانا اس رباب کی قیمت تیرے پاس نہین ہے اور اسکی قیمت ہمکو لینی بھی نہین

ہے۔ مردانے کو حیرانی لگی بہائی یہ کون ہے۔ مردانہ رہ نہ سکا۔ مردانے نے کہا تمنے اسکی قیمت
کیوں نہیں لینی۔ پھیرندے نے کہا مردانہ یہ رباب ہمکو قدرتی ہاتھ آیا ہے اسکی آواز بہی نکلتی ہے
جو پھیرندا یہ رباب کسی اور کے آگے نہ بجانا۔ جب آپ گورو نانک جی ہونگے اونکے آگے بجانا۔ مردانہ
ہمنے اسکا مول نہیں لینا۔ یہ چیز اونکی ہے۔ یہ بہائی چل دیکھوں وہی گورو نانک صاحب ہے کہ کوئی
اور ہے تو مردانے نے کہا جی چلو یہ حکم ہو تو ایکدفعہ بجا دیکھوں۔ پھیرندے نے کہا بہائی اور کے
آگے حکم نہیں۔ مردانہ تو جان۔ جو تمہیں گورو نانک نے بہیجا ہے تو بجا دیکھ۔ مردانے نے ہاتھ
مین لیکر ٹھاٹ بنایا جب تار بجائی تو پیچہیں سے بہی آواز نکلی تو بہی نرنکار تو بہی نرنکار۔ اور
پیچہے سے گورو نانک جی کی اونگلی نکلی اور کوئی آواز نہ نکلی۔ مردانہ حیران ہوگیا۔ کہا کہ بہائی
پھیرندا جلدی چلو۔ پھیرندا اور مردانہ نوین دن گورو نانک جی کے پاس آئے رباب آگے رکھدیا
گورو نانک جی نے کہا مردانہ دیر کیوں لگائی مردانے نے کہا جی تیری بان تو ہی جانے ہمکو کچھہ معلوم
نہیں کوئی خبر نہیں ہوتی کہ تو نہگت ہے یا نرنکار ہے ہم بڑے حیران ہین جہان تمنے مجھکو بہیجا
تھا وہان پہنچے جا کر ڈھونڈا کسی نے پتا نہ دیا۔ تیسرے دن جب مین چلنے لگا تو یہ ساد ہہ آملا۔
اسنے آپ ہی پوچھا اور سب حقیقت سنی۔ تو رباب کہین سے نکالا۔ اور حقیقت اس سے پوچھو
بولو بہائی جی واہگورو ساکھی اور چلی ٭

ساکھی ۱۸۔

پھر گورو نانک جی نے پھیرندے سے پوچھا۔ کہو بہائی تو کون ہے تو اسنے کہا کہ میرا نام پھیرندا ہے
تو گورو نانک جی نے پھیرندے کو گلے لگایا کہنے لگے بہائی پھیرندا یہ رباب تجھکو کہان سے ہاتھ
لگا ہے تو پھیرندے نے کہا جی آپ جانی جان ہو تم سے کیا بہولا ہوا ہے تو گورو نانک جی نے
کہا پھیرندا مین تجھکو اسکے واسطے پوچھتا ہون۔ پھیرندے نے کہا جی وہ واسطہ بتلا دے پھیر
گورو نانک جی نے کہا بہائی پھیرندا مجھے مردانے نے پوچھا ہے مین اسواسطے پوچھتا ہون۔
سو مردانے کے من مین بہی ہے۔ تو مردانے نے کہا جی مین سب کچھہ پوچھہ چکا ہون آگے پوچھنے
کی کوئی بات نہین رہی تو پھر بہائی پھیرندے سے پوچھا بہائی پھیرندا رباب کی خبر دو۔ تجھکو
کہان سے ملا ہے تو پھیرندے نے کہا جب مین دواپر جگ مین بھگتی کرتا تھا۔ اور میری ساد ہ

لگی تھی۔ آپ بھی روپ دہار کر میرے پاس آ کھڑے ہوئے جب میری آنکھین کھلین تو مین
تمہارے قدمون پر گر پڑا۔ آپ نے میرا بھرم کاٹ کر جنم مرن سے دور کیا۔ نصیحت کی اور ایک یہ رباب
دیا اور کہا کہ کلجگ کے سمانت مین جب اندھ گھور ہوگا۔ تو نانک اوتار دہار کر گورو کہاوے گا تب یہ رباب
لونگا یہ کہکر انتردہیان ہوگئے مین دیکھتا ہی رہ گیا۔ یہ رباب تمہاری امانت تھی تمکو پہونچا دینی تھی۔ تم اپنی
امانت لو۔ پہر یہ رباب دیکر چلا گیا۔ تو مردانے نے کہا گورو جی جو کہو تو مین آگے تک رخصت کر آؤن۔ تو گورو نانک
جی نے کہا جاؤ مردانہ کر آؤ۔ مردانہ کوس آدھ کوس اسکے ساتھ ہو گیا۔ مردانے کے دیکھتے ہی اوجھل ہو گیا۔ مردانہ
دیکھے تو مین اندہا بھی نہین ہوا مجھکو سب کچھ نظر آتا ہے۔ یہہ کیا ہوا۔ حیران ہو رہا۔ حیران ہو کر گورو نانک جی
کے پاس آیا۔ گورو نانک جی ہنسکر مردانے سے پوچھنے لگے۔ کہو مردانہ کہان تک رخصت کر آیا ہے۔ مردانے
نے کہا جی وہ تو میرے ہی اوجھل ہو گیا۔ مینکو دیکھنے سے رہ گیا تو گورو نانک جی نے کہا۔ مردانہ وہ ان باتون سے الگ
پہرتے ہین۔ ہمکو ہی کرتا نے ظاہر کرنا تہا۔ تو گورو نانک جی نے مردانے کو حکم کیا۔ مردانہ رباب بجاؤ۔ مردانے نے
رباب ہاتھ مین لیا۔ ٹہاٹ بنانے لگا۔ تو گورو نانک جی نے حکم کیا۔ مردانے آپ ہی بنجائے گا۔ جلدی ہو مردانے
نے حکم مانا۔ ٹھاٹ بنگیا۔ تو مردانہ رباب بجانے لگا۔ دم سے یہ آواز نکلی تو ہی نرنکار نانک بندہ تیرا۔ گورو نانک
جی کی سمادھ لگ گئی۔ مردانہ کیا دیکھے کہ یہ تو دیہہ بدیہہ ہوگئے۔ دو رات اور دو دن سمادھ لگی رہی۔ مردانے
نے رباب چھوڑ دیا۔ گورو نانک جی نرنکار ہو گئے۔ مردانے کو بھوکھ لگی۔ تو مردانے کا دل گھبرایا۔ ادہر گورو نانک
کو چھوڑ بھی نہ سکے یہ دل مین سوچ کرے۔ کب جاگے اور مین رخصت لون۔ جب سویرا ہو گیا تو گورو نانک
جی نے آنکھین کھولین۔ پوچھنے لگے کیون مردانہ کیا خبر ہے مردانے نے کہا جی تیری بھوکھ اور دکھ کرتا نے
دور کی ہے اور ہماری دور نہین ہوئی۔ تو تو پرمیشر ہوا ہم آدمی ہوئے۔ ہماری کچی عقل تیرا اور ہمارا ساتھ
کہان ملے تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ ہمارے ساتھ دکھ بھوکھ ہے جو قبول ہے تو ہمارے پاس
رہو اور جو نہ قبول ہو تو جاؤ۔ مردانے نے کہا جی یا تو مجھے اپنے جیسا کر دو یا میرا علاج کرو۔ جو مین تیرے پاس
رہون تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ یہ دونون باتین کرتا کے ہاتھ ہین مین اسکا بالشت ہی ہے جیسی جس
ویسی کاٹی۔ آگے تیری خوشی جو جانتا ہین تو رہو۔ نہین تو جاؤ۔ مردانے نے کہا مین جاتا ہون۔ تو گورو صاحب
نے کہا یہ رباب بی بی جی کو سونپ جانا۔ مردانہ رباب لیکر بی بی جی کے پاس آیا۔ بی بی نانکی کے دل مین
خوف آیا۔ بی بی مردانے سے پوچھنے لگی۔ کیون بھائی مردانہ یہ رباب کیون دیا۔ اور بہت دن کر آیا ہین گورو

بہائی جی کو یہان چھوڑا۔ مردانے نے کہا بی بی جی وہ تو آپ پرمیشور ہے اوسکو تو دوکہہ سوکہہ کچہہ نہین ہم
کو دوکہہ بھوکہہ لگی ہوئی ہے۔ مین گورو نانک جی سے رخصت لے آیا ہون۔ گورو نانک جی نے مجھے رخصت
کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ رباب بی بی جی کو سونپ جائین تو بی بی جی کا بیراگ چھوٹ گیا کسی طرح نہ رکے۔
تلسان لونڈی بہی بہر رکھے اور آنکھین پونچھے پر دہیہ کا مرہ بیاپ گیا۔ دن بیتا اور رات ہوئی تو بہائی جیرام آیا



جے رام دیکہکر حیران ہوگیا۔ پوچہنے لگا کیون نی تلسان آج نانکی اتنا کیون روتی ہے کیا ہوا ہے۔
تلسان نے کہا ٹھاکر جی مردانہ بہائی کو چہوڑ چلا ہے اسواسطے روتی ہے۔ کیون بہو جی ہم آپکے حکم سے
باہر نہین جسو جس صورت گورو نانک جی تمہارے پاس رہین اور تمہارا من سنتوکھ مین آئے وہی صورت
بناؤ ہم وہی کرین تو نانکی نے کہا مین سنتوکھ مین تھی جو مردانہ بہائی جی کے ساتھ تھا بہلا بہائی جی پر جیا رہیگا
سو مردانہ بہائی جی کو چہوڑ چلا ہے وہ اوداس ہو جاویگا۔ جیرام نے کہا بہو جی یہ کیا جو تم مجھکے۔ تم ہمکو اوپدیش
دیتے تھے۔ اب تم آپ بھٹکنے لگے۔ گورو نانک جی مہاراج نکمہ تو نہین ہے۔ گورو جی تو پیرون ہے تم
دل پر کچہہ خوف نہ کرو۔ جسطرح مردانہ گورو جی کے ساتھ رہتا ہے اوسی طرح رکھو۔ ہم بہت خوش ہین۔ تو
نانکی نے کہا جی تم مردانے کو کہو۔ جے رام نے کہا مردانہ تم کیون گورو نانک کو چہوڑ چلا ہین۔ تیرے ساتھ
اوسکا بہت پیار ہے۔ مردانے نے کہا بہائی جی کیا کرون اوسکی تو سمادھ لگتی ہے کھلتی نہین اگر کہین
شہر مین ہو تو خوف نہ ہو جنگل مین خوف رہتا ہے۔ جیرام نے کہا روٹی کپڑے واسطے کہا ہوگا۔ تو
روٹی کپڑا یہان موجود ہے بہلا کوئی دین تو گورو نانک جی کے ساتھ رہو مردانہ یہہ بات نظر آتی ہے کہ
گورو نانک جی کے ساتھ کون رہ سکتا ہے بہلا جو آپکی طرف ہی ہوکے۔ تبتک کچہہ کہیے۔ نانکی
ایسے جے رام مردانے کو کہا۔ بہلا مردانا جو اس شہر مین رہو تمہارے دونون وقت روٹی کہایا کرو۔ اور جو

بھائی جی دور جائیں تو خرچ نقد لے جاؤ۔ یہ بات سنکر مردانہ بہت خوش ہوا۔ مردانے نے کہا بھلا جی جو
تم کہوگے وہی کرونگا۔ اور نانکی جی بھی خوشی ہوئیں۔ مردانے کو رات رکھا۔ کھانا کھلایا جب دوسرا دن
ہوا تو مردانے کہا بہنیا جی مین جاتا ہون۔ جیرام نے کہا مردانہ کھانا کھا جاؤ اور کچھ خرچ لے جاؤ مردانے
نے کہا اچھا بھائی جی مردانے کو رسوئی کھلائی۔ اور جے رام نے اپنے گل کا جوڑا گٹھڑی مین سنوا کر
مردانے کے گلے مین ڈالا اور کہا بھوجی مردانے کو کچھ خرچ دو۔ نانکی نے کہا جو تم کہو سو مین دون جیرام
نے کہا جو تمہارے دل آتی ہے وہی دو۔ مین بہت خوش ہون۔ بی بی نانکی جی نے بیس روپیہ مردانے
کو دیئے اور کہا مردانہ بھائی کو کہنا جو مجھکو دیدار دینا۔ مردانے نے جوڑا گل مین ڈالا اور بیس روپیے لیکر گورو
نانک جی کے پاس آیا۔ آکر متھا ٹیکا۔ گورو نانک جی نے کہا آؤ مردانہ رباب کیون لے آیا ہین۔ مردانے
کہا بی بی جی نے بہت بیراگ کیا۔ بھائی جیرام آیا اوس نے میرا دلاسا کیا۔ مجھے کہنے لگے تو گورو نانک جی
کے پاس سے نہ جاؤ مینے کہا بھلا بھائی جی۔ جیرام نے اپنا جوڑا اپنے گل مین پایا۔ اور بیس روپیہ خرچ کے لئے
دیئے۔ اور کہنے لگے جبتک اس شہر مین رہو دونون وقت روٹی کھا جایا کرو۔ اور جب دور جاؤ تو خرچ
اپنے پاس رکھو۔ اور بی بی جی نے کہا ہے جو بھائی جی سے کہنا جو مجھکو اپنا درشن دو۔ گورو نانک جی نے
کہا اور مردانہ یہ کیا کیا۔ پھر بھی ڈوم ہی ہوگیا۔ آگے ہی اونکو سری چند پالنا پڑا ہے یہ تو کیا کر آیا۔
مردانے نے کہا جی مین نے تو نہین مانگے انہون نے مجھکو آپ ہی خوشی ہوکر دیئے ہین تو گورو نانک جی
نے کہا جاؤ مردانہ یہ روپیہ پھیر آؤ۔ اور جوڑا اتنکو مباح ہو۔ اور مردانہ نظر کرتا رہے رکھو۔ آدمی کی آس مین
گناہ ہے اور پرمیشر کی امید مین آرام ہے۔ جا پھیر دے آؤ۔ مردانے نے کہا جی تم بھی چلو۔ اور بی بی نانکی
کو درشن دو۔ تیرے درشن کو ترستی ہے۔ اسکا دل سخت نہ کرو۔ تو گورو نانک جی نے کہا چلو بھائی
مردانا۔ تیرا کہا پھیرا نہین جاتا۔ ہمکو تیرے ساتھ کام ہے۔ مردانہ گورو نانک جی کو بی بی نانکی کے
پاس لے آیا۔ مردانے اور گورو نانک جی کو آتے دیکھا تو تلسان لونڈی دوڑ آئی۔ کہنے لگی بہو جی تمہارا
بھائی جی آیا ہے۔ بی بی جی نے کہا تو جھوٹی ہے۔ تلسان نے کہا بھوجی میری مجال ہے۔ مین تمہارے
آگے جھوٹھ بولون اتنے مین اوپر آ چڑھے۔ گورو نانک جی اور مردانہ بی بی نانکی گورو جی کے چرنون کو
گر پڑی۔ گورو نانک جی نے بی بی نانکی کا ماتھا دونون ہاتھ سے لیا۔ کہنے لگے بی بی جی مین ہمیشہ
تیرے پاس نہین آتا۔ جو تو قدمون پر دوڑتی ہے۔ تیرا میرا پہلا رشتہ بہن بھائی کا ہوتا چلا آیا۔



اب کلجگ مین بھی ہوا ہے جیسا مین ہون ویسی تو ہے۔ یہ ہمکو بڑا پاپ ہوتا ہے جو تو ہمارے قدمون پر
دوڑتی ہے۔ تو ایسا جان جو مین سچ کہتا ہون۔ تب بی بی نانکی نے کہا بھلا بھائی جی جسطرح راضی ہوگے
مین اوسی طرح کرونگی۔ پر تم مجکو درشن دیا کرو۔ گورو نانک جی نے کہا جسوقت تم یاد کروگے تمہارے پاس
ہی حاضر ہونگے۔ پھر گورو نانک جی نے کہا او مردانہ روپے بی بی جی کو دیدو تو بی بی نے کہا بھائی جی
اسنے تو نہین مانگے ہمنے آپ ہی دیے ہین۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی تم ہمکو کرتار کے پاس سونپ چھوڑو
تو یہ پرمیشور کی پیاری ہے۔ اور بڑی ہے۔ بڑون کا کہنا پرمیشور سنتا ہے تو نانکی نے کہا جی تم جانتے
ہوگے کہ مین بھائی جانتی ہون۔ مین تمکو بھائی نہین جانتی مین تمکو پرمیشر جانتی ہون۔ تو گورو نانک
جی نے کہا۔ بی بی جی منہ کہنے کی نہین۔ یہ روپیہ لو۔ اور ایک ہماری بات مانو جو ہم کہین۔ بی بی نے
کہا۔ بھائی جی تم بے شک کہو۔ لحاظ مت کرو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی کبھی مردانہ آگے پیچھے
آئے۔ ہم ہون چاہے نہ ہون مردانے کو خالی نہین روانہ کرنا۔ تو بیدی کل کی انس ہے اور ہمارا اسکو
ساتھ بچھو ہے۔ مہری چند تو تو نے آگے ہی گو ڈال لیا ہے اور ہمکو اب رخصت دو۔ ہم یہان ابھی نہین
ہم چلتے پھرتے اچھے ہین تو بی بی نانکی جی نے کہا تم یہان ہوتے ہو تو مجھکو حوصلہ رہتا ہے چاہے کبھی
درشن ہوتا ہے چاہے نہین تو بھی مین نہین گھبراتی اور جو دور جاؤ تو مین گھبرا جاؤنگی آگے بھائی جی
جو تمہاری رضا ہوگی سو کرونگی۔ میرا بس کیا ہے تو گورو نانک جی نے کہا۔ بی بی جی تم خاطر جمع رکھو جسوقت
تو یاد کریگی تو اسی وقت مین پاس آن حاضر ہونگا۔ تو نانکی نے کہا بھلا بھائی جی تم ہم سے سو جھوٹھ بولو
تو گورو نانک جی نے کہا بی بی جی سو جھوٹا ہی چاہئے سدا کہتا نہین بنتا۔ الغرض روپیہ دیکر دونون
رخصت ہوئے۔ جب باہر نکلے تو گورو نانک جی نے مردانے سے پوچھا کہو مردانہ کہان چلتا ہین۔ تو

مردانے نے کہا جی مین کیا بادون - اگاڑی تمہاری اور پچہاڑی ہماری - جہان چاہو - وہان چلو - تو گورو نانک جی نے کہا چلو مردانہ ایمن آباد کے پرگنہ مین ایک لالو سادہ رہتا ہے اوسکا درشن کرتے چلین مردانے نے کہا چلئے - بولو بہائی جی واہگورو ساکہی اور چلی ٭

ساکہی ۱۹ -

سات دن مین سلطانپور سے لالو کے گھر مین پہونچے - آگے بہائی لالو کہیلے گھڑتا تہا - دیکہے تو ایک بیا جیب لٹ ہے اور گلے مین سیلی ہے اور ایک ڈوم ساتھ ہے - لالو آگے سے اوٹھ کھڑا ہوا - گورو نانک جی نے کہا بیٹھ بہائی لالو - کام کر - بہائی لالو تو مونہہ پر گر پڑا پہر کہنے لگا جی مین واقف نہین



تم اپنا آپ ظاہر کرو - تو گورو نانک جی نے کہا جی ہم پردیسی فقیر ہین تو بہائی لالو نے کہا جی پردیسی کو پہ سنسار ہی ہے پر تم بلع نہ رکھو - تم بہلے لوگ نظر آتے ہو - جون کی تون کہو - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو تو جانتا ہے جو کوئی نہ جانے تو کہین - تو لالو نے کہا کرتار کی کرتار جانے - پر جو گورو نانک جی سادہ پیدا ہوئے ہین - دیکہا تو نہین - پر وہ مجکو نظر آتا ہے - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو پہر کیون پوچھتا ہے تو بہائی لالو نے کہا جی ہماری عقل ناقص ہے - ہم کیا جانتے ہین تو پہر بہائی لالو نے کہا تیرا کیا نام ہے تو مردانے نے کہا بہائی لالو میرا نام مردانہ مراسی ہے - بہائی لالو نے کہا جی تمہارا نام کیون نہین بتاتا - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو مردانے نے جو بتلایا - تو بہائی لالو نے کہا اپنا نام بتلانے سے کوئی پاپ نہین ہوتا - تو گورو نانک جی نے ہنسکر کہا میرا نام نانک نرنکاری ہے - تو بہائی لالو گورو نانک جی کے قدمون پر گر پڑا - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو جی ہمارا تمہارا یہی بچن تہا - تو بہائی لالو نے کہا جی آگے چہیڑتی نہین - اندر کی اندر کہنی - گورو نانک جی منسے بہائی لالو نے

کہا جی تم کیون ہنستے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو جو تو کہے کسی طرح چہپی بہی ہے
یہ بات چہپی نہین رہتی تو لالو نے کہا جی رضا تمہاری ہم کیا کہین یہ بات کہہ کے بہائی لالو رسوئی
کرنے لگا تو مردانے نے کہا گورو نانک جی یہ بہائی لالو بڑا تا آدمی ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا
یہ اور وہ اور ہم اور تم کتنے جگ اکٹھے رہے ہین۔ تو مردانے نے پوچہا جی ہمنے تو سنا ہے جو پورن بہگت ہو
ہین وہ جنم مین نہین آتے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانا اوتارون کی جو پوجا کرتے ہین سو چاہے
کیسا ہی بہگت ہو وہ پہر جنم مین آتا ہے۔ کیونکہ اسکو واشنا رہتی ہے اور جو نرگنی بہگت ہوے اور
واشنا کائی اوسکی پریشیر بغیر نہو تو بہی جنم لاتی ہے جو ایک نرنکار کی رہ شنا کرتا ہے وہ نرنکار ہی
مین سماتا ہے۔ نرنکاری جو ہین نرنکار ہی کی باشنا کرتے ہین انہین اور نرنکار مین فرق کچہ نہین
ماسوائے عبودیت کرساوتارون کا سمرن کرے اور باشنا کوئی نہ کرے تو بہی جیو اسی جون بہوگے گا۔
مردانہ یہ بات سچ پرتیت کر جانے۔ تب تک بہائی لالو رسوئی تیار کر کے بلانے آیا۔ چلو گورو جی پرشاد تیار
ہوا ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا یہان ہی لے آؤ۔ لالو نے کہا جی چوکے چلو۔ تو گورو نانک جی نے
کہا بہائی لالو جتنی زمین ہے اتنا ہی چوکا ہے۔ بہائی لالو نے پرشاد لاکے پیش کیا۔ جب مردانہ دیکہے
تو کیا دیکہے کہ کودھرے کی روٹیان اور سرسون کے ساگ کی بہجی ہے تب مردانے نے دلمین سوچ
کی۔ گورو نانک جی انترجامی تہے۔ گورو نانک جی نے مردانے کو کہا کیون مردانہ۔ مردانے نے کہا
سنکہہ جی تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ کہائین گا تو جانے گا۔ تو مردانے نے ٹکڑا توڑ کر مونہہ مین ڈالا
تو امرت کا مزا آیا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ پرشاد کی خبر دو کیسا ہے تو مردانے نے کہا جی
کونسا مزہ کہون تو لالو نے کہا جی تو نانک نرنکاری ہے تمنے پرشاد کیطرف نہ دیکہا تمنے امرت کی
طرف دیکہا تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو جو امرت ہوتا ہے۔ وہ تو تمنے اس پرشاد مین ڈالدیا ہے
تو بہائی لالو نے ماتہا ٹیکا کہنے لگا جی آج تمنے مجکو نہال کیا اور جنم جنم کی میل اوتاری۔ گورو جی مین
نہال ہوا تو مردانے کو گورو نانک جی نے کہا کہو مردانہ اب کہان چلتے ہو تو مردانے نے کہا جی جہان
تمہاری خوشی ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا جو تو کہے سو کرون مردانے نے کہا جی مین نہین کہہ سکتا۔
پر جی اس شہر مین ہمارا دل نہین لگتا۔ تو گورو نانک جی نے کہا دیکہہ مردانہ ہم تین دن لالو کے گہر
ہین رہے ہین اور دل بہی خوشی ہوا لیکن اب بہائی لالو سے رخصت ہوتے ہین اور یہان دل نہ لگنا کہنا

ہوتا ہے - تو مردانے نے کہا جی میرے دل کی معلوم کی - جس گلی کوچہ آ نکلتے ہیں - سو ہمکو کہنے ہیں جوائے ہیں کو راہی اور تیری تو ہی جان - پر میں تو دکھی ہو جاتا ہوں - پہر بہات ہوگی تو گورو نانک جی نے بہائی لالو سے کہا بہائی لالو تجکو کرنا رہا وادے ہمکو تو رخصت کر - اب ہم چلتے ہیں - تو بہائی لالو نے کہا جی ہم میں کیا اوگیا پڑی ہے تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو تجھمیں اوگیا کوئی نہیں پڑی لیکن ہم سے سنار تکلیف ہیں ہے - بہائی لالو نے کہا جی تم پرمیشر ہو - تم سے کیا کوئی دکھیگا - تم نے کسی سے کچھ لگاؤ نہیں رکھا تمہارا لگاؤ تو پرمیشر کے ساتھ یا سادہ سنت کے ساتھ ہے تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو تو سچ کہتا ہیں - پر سنار بکلل رد ہے جو اپنے من مانی کرتا ہے دوسرے کے من کی باتیں کوئی نہیں مانتا تو پہر گورو نانک جی نے ایک شبد کہا - شبد اوٹھ چلان تو آکہی چہار گیا سر گہت × بیٹھ رہاں تو آکہی میٹھا شہر گہت × جے بولان تو آکہی بڑ بڑ کرے بہت × چپ کران تو آکہے اس گہٹ ناہیں مت × کاتی گلیں نمیونی کہنے کڈہان جہٹ × اپنے او بھنے نا لکا کرنا رکہے بہت × بہائی لالو سنار کے پاس سے کرتار ہی رکہے تو رہیں اب تم ہمکو رخصت کرو - تو بہائی لالو نے کہا جی تم آئے ہو تو کوئی دن درشن دو - تو گورو نانک جی نے کہا بہائی لالو تیرا تو اٹکا نہیں لیکن ہم سے کوئی تکلیف پائیگا - اسواسطے ہم جاتے ہیں اور مردانے کا دل بھی اداس ہوا ہے - تو بہائی لالو نے کہا جی ایک مہینہ تو یہاں - جیون تون کرکے کاٹو - تو گورو نانک جی نے کہا - مردانا بہائی لالو کا بھی کہا ماننا چاہئے - بہائی مردانا نے کہا جی بہلا ہو تو گورو نانک جی بہائی لالو کے پاس رہے - جب دو دن ہوئے تو مردانے نے کہا جی تم تو مہینہ یہاں ہی ہو - مجکو حکم ہو تو میں تلونڈی ہو کے پہر آؤں تو گورو نانک جی نے کہا مردانا تم یہاں ہی رہو تو کہاں جاتا ہے تو مردانے نے کہا جی میں تہوڑے دن تمہیں ہی آتا ہوں - تو گورو نانک جی نے کہا جا بہائی جلدی آ جانا - تو مردانا گورو نانک جی سے رخصت ہو کر تلونڈی گیا ٭



اسکے پیچھے گورو نانک جی نے یہ طریقہ پکڑا جو دن کو جنگل میں پہریں اور رات کو بہائی لالو کے پاس رہیں - اسطرح پندرہ دن گذرے - بولو بہائی جی واہگورو - ساکہی اور چلے ٭

ساکھی ۲

تو مردانے نے لعل نکالکر جواہری کے ہاتھہ دیا۔ جواہری دیکھے تو کیا دیکھے جو اس لعل کے اوپر
لکہا ہے جو کوئی یہ لعل لاوے اوسکو سو روپیہ مہمانی دینی۔ لعل چاہے بیچے چاہے نہ بیچے۔
جواہری نے سو روپیہ لیکر مردانے کے ہاتھہ مین دیا۔ اور مردانے سے پوچھنے لگا۔ بہائی اسکا
دام کہو تو مردانے نے کہا جی مین مالک سے پوچھہ آؤن۔ جوہری نے لعل اپنے پاس رکھا اور مردانے
سے کہا جا بہائی پوچھہ آؤ۔ مردانے نے سو روپیہ گورو نانک جی کے آگے لاکر رکھے۔ گورو جی
نے کہا مردانہ یہ سو روپیہ کیسا ہے۔ مردانے نے کہا جی اونہون نے دیا۔ مین لے آیا۔ تو گورو
جی نے پہر مردانے سے کہا جاؤ مردانہ پوچھہ آؤ۔ یہ روپیہ کیسا ہے۔ مردانے نے کہا بہلا جی۔
مردانے نے آکر جوہری سے پوچھا۔ کہ مالک کہتا ہے کہ یہ سو روپیہ کیسا دیا ہے۔ اس لعل کا
دام دیا ہے تو جوہری نے کہا بہائی اس لعل کے اوپر لکہا ہے جو کوئی یہ لعل لاکے چاہے بیچے
چاہے نہ بیچے اوسکو سو روپیہ مہمانی دینا۔ نیز لعل مانن پڑا ہے مالک سے مول پوچھہ آؤ۔ مردانے
نے گورو جی کو آکر کہا۔ گورو جی جوہری یہ کہتا ہے جو اس لعل پہ لکہا ہے جو کوئی یہ لعل لاوے
اوسکو سو روپیہ مہمانی دینا چاہے بیچے چاہے نہ بیچے تو گورو نانک جی نے کہا کیون مردانہ
بیچتا ہے مردانے نے کہا جی مین کیا جانو تم جانو۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ مین تجکو کسواسطے
پوچہتا ہون تو مردانے نے کہا جی مین نہین جانتا۔ تم مجکو کس لیے پوچہتے ہو۔ تو گورو نانک جی
نے کہا مردانہ مین تجکو اسواسطے پوچہتا ہون یہ لعل نہین یہ پرمیشر کا نام ہے وہ جوہری جو تین
پیسے دیتا تہا۔ اوسکی وہی نظر آئی اور یہ جوہری سو روپیہ مہمانی دینے لگا بغیر دام لیے یہ کرتار
کا نام لعل ہے۔ چاہے بیچ چاہے نہ بیچ۔ جو بہو کہہ سنگ قبول کرنی ہے تو نہ بیچ نہین تو بیچ لے۔ مردانہ
سمجہ گیا اور کہنے لگا کہ جی مین نہین بیچتا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ اوسکا سو روپیہ پہیر دے
آؤ۔ اور اپنا لعل پہیر لاؤ۔ مردانے نے کہا بہلا جی۔ مردانہ اوس جوہری کے پاس گیا جاکر کہنے
لگا۔ شاہ جی یہ اپنا سو روپیہ لو اور لعل ہمارا پہیر دو۔ مالک نہین بیچنا چاہتا تو جوہری نے کہا
بہلا بہائی لو جی اپنا لعل لے۔ لعل مردانے کے ہاتھہ مین دیا۔ مردانے نے اپنا لعل لے لیا۔ اور
سو روپیہ مردانے نے جوہری کے آگے رکھا اور کہنے لگا۔ شاہ جی یہ سو روپیہ اپنا گن لو تو جوہری



نے کہا بہائی اس لعل پر لکہا ہے جو کوئی یہ لعل لائے اوسکو سو روپیہ مہائی دینی ہم نے اپنا دہرم
رکھنا ہے یہ روپے تمہارے ہیں ہمارے نہین جا ہے لعل بیچ جا ہے نہ بیچ۔ تو مردانے نے لعل اور
سو روپیہ اگر گورونانک جی کے آگے رکہے تو گورونانک جی نے کہا مردانہ یہ روپے کیون لے آیا
ہین۔ مردانے نے کہا گوروجی مین روپیہ دے رہا تو اوسنے نہین لیے اوسنے کہا بہائی ہمنے اپنا دہرم
رکھنا ہے۔ اس لعل پر لکہا ہے جو کوئی یہ لعل لائے اوسکو سو روپیہ مہائی دینی یہ روپے تمہاری ہین
ہمارے نہین مین کیا کرون وہ لیتا نہین ہے تو گورونانک جی نے پھر مردانے سے کہا مردانہ تو جاکر
یہہ کہو شاہ جی جو یہ لعل بیچین تو مہائی لین اور جو نہ بیچین تو مہائی کیسی لین تو مردانے نے کہا بھلا
گوروجی۔ مردانہ اوس جوہری کے پاس سو روپیہ لے گیا۔ کہنے لگا شاہ جی ہم روپے کیسے لین۔ جو
بیچین تو مہائی لین جو نہ بیچین تو کیسی لین۔ یہ سو روپیہ اپنا پھیر لو ما لک نہین لیتا۔ مگر جوہری کہے
ہرگز روپیہ نہ لے۔ مردانہ پھیر لایا۔ تو گورونانک جی بہی روپیہ نہ رکہین اور جوہری بہی نہ لے تو مردانے
نے اسی طرح سات پھیرے ڈالے۔ الغرض تنگ ہوکر اخیر جوہری کے گہر ڈال آیا۔ جوہری نے اپنے
دل مین بچار کیا۔ مجھکو یہ روپیہ پھیر لینے جوگ نہین اور یہ چیز ایسی ہے جس نے سنکا دک۔ برہما دک
سوتے ہین۔ اور یہ لعل بہی اچرج کا دیکہا۔ جسپر سو روپیہ مہائی دینی لکہی ہے اتنی میری عمر ہوئی
مینے بڑے بڑے دام کے لعل دیکہے ہین پر یہ مہائی کسی پر نہین دیکہی۔ یہ کوئی قدرتی لعل دیکہا۔
یہہ اوس مالک کا بہی دیدار کیا چاہیے۔ یہہ بچار کرکے اس دہر کے غلام سے کہا ادہر کا تو درست
کہین جاتے رہین۔ تو اونکو جانے نہ دینا اور مین بہی آتا ہون تو جلدی چل۔ ادہر کا غلام شہر سے
باہر نکل آیا اگر دیکہے تو کیا دیکہے ایک تو روپیہ پھیر دینے والا ہے اور دوا ور شخص ہین۔ کل تین آدمی

بیٹھے ہیں۔ ادہر کا غلام دیکھکر دور ہی بیٹھ رہا اور مردانہ تنگ ہوکر بیٹھ رہا اوسکو بھوکھ ایسی لگی تھی جو بول نہیں سکتا تھا اور کہنیکی بات کچھ نہیں اور ڈرتا منہ سے بول بھی نہیں سکتا۔ اور گورو نانک جی دیکھے تو مردانہ اندہی اندر سہتا ہے وہ بھی چپ ہوکر بیٹھا ہے جب ایک گھڑی گذری تو سالس رائے جوہری اچھی سجاوٹ کرساتھ آیا اور روپیہ اور میوہ اور پکوان مٹھائی بہت لایا۔ نذر دینے کے سو نور روپے اور سب چیز گورو نانک جی کے آگے لارکھیں۔ اور ہاتھ جوڑکر کھڑا رہا تو گورو نانک جی نے کہا کہ سالس رائے جی کہو کیا کہتے ہو تو سالس رائے نے کہا جی یہ سو روپیہ فقط تمہارا ہے سو لیو۔ تو گورو نانک جی نے کہا سن سالس رائے جی اگر لعل ہیں تو روپیہ لیں۔ تو



جوہری نے کہا جی میں نہیں جانتا۔ کہ تم لعل ہو کہ وہ لال ہے میں تو بہت حیران ہو رہا ہوں تو گورو نانک صاحب نے شبد کہا۔

راگ مارو محلہ پہلا۔ لالعل اوپایا لالولال دسن۔ جنہاں لالی نہ بسریں دوجا نہ جانن سن سالس تو جوہری اپنا لال پچھان۔ کوڑے لعل نہ گندہ مٹھا پناسا ہ سیان۔

۱۔ رہاؤ۔ کینکر پتھر میل کے نام رکھایو شاہ۔ بن ستگور پورے اندھے مول نہ بجھے راہ۔

۲۔ ہیرا ہیرا کر بنجیارا تی اسے دیہہ۔ کائی ساکھ نہ ادسجیا کلرو ٹھا مینہ۔ مہ سالس سن اک بینتی جے کرم پراپت ہوئی۔ نانک ایک راہ ٹیٹے دکھ نہ لاگے کوئی۔ ۳۔

یہ سنکر سالس رائے نے کہا جی تمہارا نام کیا ہے اور تم کون ہوتے ہو اور تمہارا دیس کون ہے۔ ہمکو حیرانگی لگی ہے۔ بڑے بڑے اتیت کھٹ درشن دیکھے لیکن تمہارا بھید نہیں پایا جاتا ہے میں حیران ہو رہا ہوں۔ تم اپنی بتاؤ۔ تو گورو نانک جی نے کہا سن سالس رائے نام ہمارا

نانک نرنکاری ہے اور ہین بھی نرنکار کے دیس کے اور بھیکہ بہی ہمارا نرنکار ہے۔ تو سالس نے کہا جی تم نرنکار کو جانتے ہو تمنو نرنکار کو دیکہا ہے۔ تب گورو جی نے شبد کہا +

راگ ما رو محلہ پہلا۔ بن مجھار بسس جل نرمل پدم ناچا دل رے + پدم ناچا دل جل رس سنگت سنگ دوکہ نہین رے + وا ورتون کبہونہ جانس رے + بھکہیں بال بسس جل نرمل امرت نانکہس رے + ا۔

رہاؤ۔ لبس جل نت نروست الی ال چرچا گن رے + چند کمندنی دورون نوہ سس انہو کارن رے + پنڈت سنگ بیٹھی جن مور کہہ اگم شاستر رے + اپنا آپ توکبھی نہ چیہر سعلان پوچھ جیون رے + امرت کہنڈ رودھ مدہ سنچس توان بن جاترے + اپنا آپ کو کبہونہ چہاڈ سر سین پریت جیون رے + ۳۔ ایک پکھنڈی نام دراچے ایک ہرا جرنی رے + پورب لکھیا پاوس نانک نام جپ رے + ۴۔

یہ سنکر اوس جوہری نے کہا مجکو نہال کر دیجی یہ روپیہ لیجی۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی جوہری یہ روپیہ تمکو رکھنے کے واسطے ملے ہین۔ ہمارے کام کے نہین تمکو سمجھتے ہین ہم فقیر اتیت ہین تو جوہری نے کہا جی یہ میوا اور پکوان تو کہاؤ تو گورو نانک جی انگیکار نہ کرے اور مرولتا منہہ سے نہ بولے اور اندر سے کہے کسی طرح لین تو بہلا ہو کہ مین یہو کہا ہون۔ تو گورو نانک صاحب نے شبد بولا +

راگ ما رو محلہ پہلا۔ پریت پکوان سو بھوجن کہیے نچی لوچا پورسی + سبھائی رسنا رس بوے تو من رہے حضوری - ا۔

رہاؤ۔ سن سالس تون بہائی بیرے + سبھہ ٹری نا ہوے پھیرے + ا۔ میوا تہارا کہی ست کے مانگے جوڑے + کہاون کہاسے اگہا وے سوئی جو کچہ نے منوا موڑے +

یہ سنکر ادہر کا غلام آگے سے ہی گورو نانک جی کے قدمون پر گر پڑا۔ تو گورو نانک جی ادہر کے غلام پر بہت خوش ہوئے تو گورو نانک جی نے تیسری پوڑی کہی + ۔

اوتم جنم سو ساکت کہیئے نیچ نارائن پاوے + لوبہ لہرتے سوئی چہوڑے سادہ سنگت گن گاوے من سانس سے ایہ گولا تیرا آپ نارائن مانا + نانک بہگت سنگ ملایا او نچے پد تہ رنا نا

یہ سنکر سالس رائے جوہری نے ہاتھ جوڑ کر بنیتی کی اور کہا گوروجی سائین کے واسطے میری بھی گت کرو۔ ہمکو بھی اس بلائے سے لکا لو۔ تو گورو نانک جی نے کہا سن سالس رائے تو اپنے ادہر کے غلام کے قدمونپر گر پڑے تو تیری گت ہووے۔ تو سالس رائے نے کہا جی ادہر کا تو سادہ ہے۔ اگر آپ حکم دو تو مین کتے کے قدمونپر گرون۔ تو گورو نانک جی سالس رائے پر بہت خوش ہوئے تو گورو نانک جی نے کہا بہائی سالس رائے کرتا کے آگے ماتہا ٹیک۔ تو سالس رائے گورو نانک جی کے چرنونپر گر پڑا۔ تو گورو نانک جی نے سالس رائے کو سر سے انگوچہا اوتار دیا اور کہا کہ سالس رائے اسکو سر پر باندہ۔ سالس رائے نے لیکر سر پر باندہا۔ سر پر باندہنے سے سالس رائے کے کپاٹ کہل گئے۔ سالس رائے کا رنگ اور ہو گیا۔ سالس رائے کو شبد پراپت ہوا۔

شبد۔ ستگور داتا نام جن دینو کہول کپاٹ + ایک جو بچ دبجیا بوہڑ نہ آوی ہاٹ + ستگور نانک پورا پچہی کا سوا + رہاؤ۔ اگم نگم و کہا و تا کہولے نیتر کپاٹ انت + جگت دہجارا سکل ہر شاہ ایک بہگونت + وچ ہلاست گورو پونجی ہاری نام + آٹھ پہر دہن لاگ ہے سوئی ہماری کام + ۳ + سالس نہوڑی بنتی تو سن لیہو کرتار + کچھے رنگ اوتار کے چاہڑ پور رنگ اپار + ۴۔ تو گورو نانک صاحب نے شبد بولا +

راگ بلاول محلہ پہلا۔ گورو کا شبد ندہان ہو سن نکہہ آواگون + لکہہ جنی ہرما سے پہر یاد رکیگا کیون + تیرا نرمل پیرا نام ہے کوئی پرکھے پرکہن ہارنیو +

۱۔ رہاؤ۔ بید پران نت نہ جاینا پڑہ پنڈت بیچار + پیرا ہر کا نام ہے جس چڑہا دتوے پار + ۲۔ انجن باجے سبہ کو دیکہین وچہ دناس + جن لو تن ہر دیکہتو سو ٹرین گاس + کنچن کنچن ہو یا نانک دہرے اپار جندرا کہلا کو ہری جن نانک دہرم دوار + ۴۔

تو گورو نانک جی نے ادہر کے غلام اور سالس رائے جوہری کو بشنبر پور مین چیلہ کیا۔ بڑی مہربانی کی اور راج گدی پہ بٹھلایا اور کہا سن بہائی سالس رائے جب تک تو جیتا ہے تب تک راج گدی تیری ہے۔ اور جب تیرا بدن چہوٹے تو ادہر کا غلام بیٹھے اور تیری اولاد کا کام نہین۔ اور سن بہائی سالس رائے جی پہلے راج گدی اسکی تہی لیکن ہمنے تیرا بہاو رکہا ہے۔ کیون جو تو سنتا سری سوت مین اس کا صاحب ہین اور تیرے بدن چہوٹنے مین تہوڑے دن ہین۔ دو برس اور سات مہینے تو نے اور جینا ہے اسواسطے تجکو بٹھایا ہے اور ادہر کے کچہت تو کوئی نہین پر حکم کرتار کا اسطرح ہے تو گوروجی

دو برس اور سات مہینے وہان رہے۔ مردانہ نے کہا کہ یہان رہنے کے لیئے آئے ہو۔ اوداسی سو نکلے
ہو۔ جب یہ بات مردانہ کی گورو نانک صاحب نے سنی ہنسے۔ بالا اپنے دلمین گنتی کرے۔ دیکھو یہ ڈومون کی
باتین نہین چھوڑتا۔ لیکن منہ سے کچھ نہ کہے جب سال رہے جہری کا بدن چھپا تو گورو جی نے
اوسکا سسکار کیا۔ پرم دھام کو گیا تو گورو نانک صاحب ادہر کے غلام کو گدی نشین کرکے رخصت ہوئے




اور بشہر دیس کو چلے۔ بولو بہائی جی واہ گورو ساکھی اور چلی ٭

ساکھی ۳۲۔

بشہر دیس سمندر کے ٹاپو میں تھا۔ مردانے نے کہا جی آپ کہان چلتے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا
مردانا جہان کرتار لیجائے وہان چلے چل۔ تو پھر مردانے نے کہا جی تم بشہر پور میں تھے سو وہان کیا
کیا۔ گورو جی نے کہا مردانہ جو ہمکو کرتار کا حکم تھا وہ ہم نے کیا۔ ہمنے ادہر کے غلام کو راج گدی بٹھلانا تھا۔
چلو مردانہ آب رہنے کے نہین۔ تو مردانے نے کہا جی اب تو اوس شہر کا نام بتاؤ تو مین ساتھ ہوون تو گورو
نانک جی نے کہا مردانہ اب ہم بشہر دیس جو سمندر کے ٹاپو مین ہے وہان ایک سادھ ہے اوسکا درشن
کرنے چلین تو گورو نانک جی وہان سے چلے جاتے جاتے دیکہین تو کیا دیکہین کہ دہرتی نظر نہین آتی
گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا ہم کس کے اوپر جاتے ہین تو بالے نے کہا کہ تیری تو ہی جانتا ہے۔ تو گورو
نانک جی نے کہا کہ ہم مچھلی پر جارہے ہین۔ تو مردانے نے کہا کہ اتنی مچھلی کہان سے آئی ہے۔ تو گورو جی نے
فرمایا مردانہ بتیس کوس کی لمبی ہے اور پانچ کوس چوڑی ہے۔ بلا پانی صحرا مین رہتی ہے۔ تو مردانے نے
اپنے دلمین سوچا منہ سے چپکی ہو رہا۔ تین دن رات برابر اوس مچھلی پر چلے گئے۔ جب مچھلی کا چہرہ نظر آیا تو
مردانہ حیران ہوگیا۔ اور کانپنے لگا۔ تو بالے نے کہا او مردانہ کیون کانپتا ہے اوسنے کہا جہان۔ یہ مچھلی ہمکو

کہا سے گی۔ تب بالے نے غصہ ہوکر کہا۔ او مردانہ ابھی تک تجھکو اعتبار نہین آیا۔ تو مردانہ حیران ہوگیا حیرانی مین
کہنے لگا۔ نرنکار تیریان قدرتان تجھکو ہی پروان ہین جب ایک لحظہ گذرا تو مچھلی نے چو گالی کی۔ تو اوسکے
منہہ سے کئی قسم کے بھوجن نکلے تو مردانہ بہت خوش ہوا۔
تب گورو نانک جی نے مچھلی سے کہا آپ تو کون ہے۔ اوسنے کہا مہاراج مین مچھہ ہون۔ تو گورو نانک جی



نے کہا تو مچھہ کیونکر ہوا۔ تو مچھہ نے کہا کہ مین ترتیا جگ مین بڑا پنڈت تھا۔ اور چارون بید پڑھا ہوا تھا۔
ایک شخص میرے پاس پڑھنے کے لئے بڑی امید کرکے آیا تو مین نے اوسکو نہ پڑھایا۔ اوسنے کہا مجھے تو نہین پڑھایا
بدیا کو لیکر مچھہ ہوجاؤ۔ تو مین اوسکے قدمون پر گر پڑا۔ مینے کہا میری گت کیونکر ہوسکی تو اوسنے کہا کلجگ
مین گورو نانک جی اوتار دھار کر تیری گت کرینگے۔ اسواسطے مین مچھہ ہوا ہون۔ یہ سنکر گورو
نانک جی ہنسے اور ہنسکر کہنے لگے۔ آ بھائی اب کیا منشا ہے۔ تو مچھہ نے کہا مین تمہارا راستہ دیکھتا تھا
جو میرے واسطے اس راہ آویگا تم اب آئے ہو۔ تب گورو نانک جی نے کہا اب تو اپنا مطلب کہو۔ تو مچھہ نے
کہا جی میری خلاصی کرو۔ تو گورو صاحب نے کہا کیون گھبراتا ہے کل تیری دیہہ چھوٹیگی تو مچھہ نے کہا جی
تب تک تم میرے پاس ہی رہو۔ مردانے کو بھوجن کی خوشحالی اور ساتھہ جان بچنے کی خوشحالی تو مردانے
کہا جی رہو۔ اسکا کچھہ بھلا کرو۔ تو گورو نانک جی نے ہنسکر کہا کیون بھائی بالا تو بالے نے کہا۔ جی میرے
لینے کی کچھہ نہین۔ تو مردانے نے کہا جی مین برا کہتا ہون۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ ہمنے
تجکو کیا کہا ہے۔ تو برا کہتا ہے۔ مردانے نے اپنا آپ سنبھالا۔ بچار کر دیکھا جو یہ پرمیشر کا پیارا ہے اور
مین ظاہری جواب دیتا ہون تو مردانہ گلے مین پلہ ڈالکر کھڑا ہوا۔ تو گورو نانک جی نے کہا کیون مردانہ
یہ کیا حال ہے۔ مردانے نے کہا اتنی مدت سے ہمکو آپکے ساتھ پھرتے ہوئی۔ مگر ہمنے آپکو جانا نہ ہم ہیں تو بخش

تو گورو نانک صاحب نے کہا مردانہ ہم نے جو تجکو ساتھ لیا ہے۔ سو تجھے تیرا پن باتان سب قبول کرلی ہین پہلے سے جی پران ہو تو دل مین کچھ گنتی نا کرو تو تمام بات پیچھے کی بیٹھ پر ہے۔ جب دن چڑھا تو تمہ کی دیکھ چھوٹی پرم دھام کو جا پراپت ہوا۔ تو گورو نانک صاحب نے کہا چل بھائی پیچھے ہم بھی آوینگے۔ یہ کہکر گورو نانک جی چلتے ہوے۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی ٭

ساکھی ۳۳۔

آگے سمندر کے ملک مین رہتا تھا تو مردانے نے کہا جی آگے تو سمندر ہے جہان پٹڑی کوئی نہین اور نہ بھی کوئی نہین تم کہان جاؤگے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ بول نہین تو پاسے نے کہا او مردانہ تو تو پاؤ گلے مین ڈال کھڑا ہوا پھر کیا ہوا۔ تو مردانے نے کہا جہان آگے راہ کوئی نہین تو پاسے نے کہا دیکھ مردانا چپ کر جا بول نا رہن۔ تو گورو جی نے کہا میرے پیچھے پیچھے چلے آؤ۔ آگے گورو نانک جی اور پیچھے بالا اور اسکے پیچھے مردانہ۔ جیسے دھرتی پر چلے جاتے تھے ویسے ہی سمندر پر چلے جائین۔ مردانہ گورو نانک صاحب کو کہنے لگا تم پرمیشور کے پیارے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ مت بول چپ رہو۔ مردانے نے کہا جی اب ہمکو کس کا ڈر ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ آگے بڑی بلا آتی ہے تو مردانے نے کہا جی پھر کیوں آگے جاتے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ جو مڑتے ہین تو بھی پیچھے آتی ہے۔ چھوڑتی نہین۔ اس سو آگے ہی کیوں نہ چلین۔ پانچ دن اور پانچ رات برابر سمندر مین چلے گئے۔ جب دیکھین تو کل آتی ہے تو گورو نانک جی کی نظر ایک لاٹھی پڑی تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ لاٹھی اٹھا لے۔ مردانے نے اوٹھا کر گورو نانک جی کے ہاتھ مین دی۔ تو گورو صاحب نے لاٹھی ہاتھ مین لیکر سامنے کال بی اور گورو جی کو چونک کر پڑی۔ جب کل نزدیک آئی تو گورو نانک صاحب نے کل کے منہ مین لاٹھی



دی۔ وہ پکارتی ہوئی دوڑی۔ پیچھے اوسکے نارد گوسائین آیا تو گورو نانک جی نے کہا بھائی بالا تو
کل سے خبردار رہو۔ ہم نارد گوسائین سے باتین کرین۔ تو نارد گوسائین نے کہا جی تم کل سے کیا کہتے ہو
کل تو تمہارے حکم سے کام کرتی ہے تو گورو نانک جی نے کہا نارد گوسائین سنسار کے اوپر اسکا کام ہے
کہ ہمارے اوپر بھی ہے۔ تو نارد گوسائین نے کہا جی سنسار اوپر ہی ہے تو گورو نانک جی نے کہا یہ ہمارے
اوپر کیون آتی ہے تو نارد گوسائین نے کہا اوس ہی سے پوچھو تو گورو نانک جی نے کہا تم بلا کر پوچھو تو نارد
گوسائین نے کل کو بلایا۔ کل آگے آکر کھڑی ہوئی تو نارد گوسائین نے کہا کل ماتا تجکو سادہون پر آنیکا
حکم نہین تو یہان کیون آئی تو کل نے کہا یا تو آپ چھوڑے یا لوگون کو چھڑا لیوے تو گورو نانک جی نے
کہا جو ہمارا ہوگا وہ سب چھوڑیگا ور تیرے دانت توڑیگا اور تیرے بال اوکھاڑیگا۔ اب تیرا کام پورا
کر چھوڑتے۔ لیکن تیرے کرنون کو نارد گوسائین آگیا ہے تو کل نے کہا مین تو حکم سے پھرتی ہون۔ تو گورو
صاحب نے کہا تو کس کے حکم سے پھرتی ہے تو کل نے کہا مین نرنکار کے حکم سے پھرتی ہون۔ تو گورو نانک جی نے
کہا ہم کسکے ہین تو کل نے کہا تم بھی نرنکار کے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا تجکو یہان واجب نہین اور سنسار
تھوڑا پڑا ہے تو کل نے کہا تو آپ کو رکھ ورنہ ایک آدہ کوئی تیرے ساتھ ہو اسکو رکھ اور سنسار سے تجکو کیا حساب
ہے تو گورو نانک جی نے کہا جو ہمارا اوپدیش کہاوے اوسپر تیرا زور نہ چلیگا چاہے تو کتنا ہی زور کرے۔ ہم تو آگے
ہی نرنکار سے بخشائے ہین تو نارد گوسائین نے کہا سن کل ماتا یہ زور آور ہے نانک نرنکاری ہے۔ تو کل پلٹا گورو
نانک جی کے قدمون پر گری۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی +

ساکھی ۴۳۔

گورو جی وہان سے آگے چلے ۱۵ یوم اور ۱۵ رات ایسے پون اہاری چلے گئے آگے راہ مین شہر ویس آیا۔ اوس
شہر کے نزدیک گورو جی جا بیٹھے۔ ایکدن گذرا دوسرا دن گذرا تو مردانے نے کہا جی حکم ہو تو مین شہر مین جاؤن
تو گورو نانک جی نے کہا کیون مردانہ کیون جاتا ہے۔ مردانے نے کہا جی مین بہت دن کا بھوکا ہون شہر
مین سے کچھ ملے تو منہ مین ڈالون تو گورو نانک جی نے کہا سنو بھائی بالا مردانہ کیا کہتا ہے تو بالے نے کہا
جی جنم کی عادت نہین جاتی اور تم پیارے نرنکار ہو تو گورو نانک جی ہنسکر کہنے لگے مردانہ کہا جاؤگے
مردانے نے کہا جی جہان حکم ہو تو گورو نانک جی نے کہا ایک جھنڈا باڈھی ترکھان ہے اوسکے پاس جانا اور
کسی پاس نہ جانا تو مردانے نے کہا جی مین تو اوسکا پتہ نہین جانتا تم کوئی نشان بتاؤ تو گورو نانک جی نے

کہا مردانہ اوسکے باپ کا نام پاکھر ہے تو اسطرح جاکر پوچھو۔ بہائی پاکھر باڈی کا پتر جو جھنڈا باڈی ہے وہ
کہاں رہتا ہے تو مردانے نے کہا اچھا مین جاتا ہون مردانا شہر مین جاکر پوچھنے لگا بہائی پاکھر باڈی کا پوتا
جھنڈا باڈی کہان رہتا ہے پوچھتا پوچھتا دو کوس پر گیا تو ایک آدمی نے کہا تو کون ہے کہان سے آیا ہے۔ تو مردانے
نے کہا جی بہائی جی تو مجھکو بتا وہ آپ پوچھیگا تو جھنڈے باڈی کا مکان بتا تو اوسنے کہا بہائی مین ایسے
نہین بتاتا تو اپنا نام اور ذات بتائیگا تو مین بتاؤنگا تو مردانے نے کہا بہائی اگلے لوگونکا یہی طریقہ ہوگا تو اوسنے
کہا بہائی اگلے لوگون کا یہی طریقہ ہے تو مردانے نے کہا بہائی میرا نام مردانہ ہے اور میرا جنم مراسی ہے تو اوسنے
پہر پوچھا بہائی تیرا وطن کون ہے تو مردانے نے کہا بہائی کبھی پنجاب شہر سنا ہے اوس پنجاب کے پرگنے مین رائے
بہوئے کی تلونڈی ہے وہ میرا شہر ہے تو اوسنے پہر پوچھا بہائی وہان ایک گورو نانک جی رہتے ہین اونکا
بھی تو محرم ہے۔ تو مردانے نے ہنسکر کہا بہائی تو اپنا نام بتا مین اوسکے ملاسی ہون تو اوسکو کیا جانتا ہے۔ تو
اوسنے ہنسکر کہا بہائی مردانہ وہ ہمارا پرانا یار ہے تو مردانے نے کہا جی تو اوسکو پہچانتا ہے تو اوسنے کہا بہائی
جو وہ نظر آوے تو اوسکو پہچان لون تو مردانے نے کہا بہائی وہ تو باہر بیٹھا ہے تو اوسنے کہا کہ چل بہائی
دکھلاوے تو مین اوسکو دیکھون تو مردانے نے کہا بہائی جی گورو نانک جی میرے بیچ ہونگے پہلی تو مجھکو
جھنڈے باڈی کا گھر بتا پیچھے تجھکو گورو نانک جی کی پاس لیجلونگا تو اوسکو کہا چل بہائی مردانا۔ مردانے نے کہا
تو اسجگہ اپنا نام بتلاوے اوسنے کہا بہائی مردانہ میرا نام گورو نانک جی جانتے ہین تو مردانے نے کہا بہائی وہ
تو جانتا ہے پر مین تو نہین جانتا تو اوسنے کہا بہائی مردانہ میرا نام اندرسین ہے تو اندرسین نے کہا بہائی مردانہ
یہان کا جو راجہ ہے اوسکا مین بہانجا ہون۔ یہ بات کرتے کرتے جھنڈے باڈی کے گھر جا پہونچے ..
... جھنڈا باڈی آگے چارپائی بچھا بیٹھا تھا اندرسین اور مردانہ دونون جا ملے اندرسین
کو جھنڈے باڈی نے دیکھا وہ اٹھ کھڑا ہوا بہت ادب کیا چارپائی بیٹھنے کو دی۔ اندرسین نے کہا بہائی



مردانہ بیٹھو۔ مردانے نے کہا بھائی جی تم بیٹھو مردانے کا ہاتھ پکڑ کے بیٹھایا جب چارپائی پر بیٹھ گئے۔
تو جھنڈے نے کہا جی یہ آدمی کہاں سے ہے تو اندرسین نے کہا بھائی یہ تیرا پتا پوچھتا پھرتا تھا۔ تو جھنڈے نے
کہا بھائی تو کون ہے اور تیرا نام کیا ہے۔ تو مردانے نے کہا جی میرا نام مردانہ ہے مراسی ہوتا ہوں اور گورو نانک
جی کے پاس سے آیا ہوں تو جھنڈے نے کہا بھائی مردانہ کیوں تو ہمکو پوچھتا پھرتا تھا ہمارے سے تجھکو کیا کام
ہے مجھے تو کیا جانتا ہے تو مردانے نے کہا بھائی جی ہمیں تجھ سے فقط یہی کام ہے کہ گورو نانک صاحب نے تجھکو یاد کیا ہے
جھنڈے نے کہا میں نانک کو نہیں جانتا اور نہ ہی کبھی دیکھا ہے تو مردانے نے کہا کہ وہ تجھی کو جانتے ہیں اس
لیے مجھکو بھیجا ہے تم وہاں تک ضرور چلیے۔ جھنڈے نے کہا اچھا جاتا ہوں۔ جب چارپائی بن چکے تو مردانے
نے کہا کہ بھائی جی چلو۔ تب جھنڈے نے دل میں بچار کی کہ کچھ لیجانا چاہیے پھر جھنڈے نے مردانہ سے پوچھا کہ
گورو صاحب کا سروپ کیسا ہے۔ جیسا تو بتائیں ویسا جتن کریں۔ مردانے نے کہا کہ نانک جنکا سروپ پوچھتا ہے
تب جھنڈے نے سمجھا کہ اتیت فقیر ہے کچھ عمدہ بھوجن بنا کرکے چلیں۔ پھر مردانہ سے پوچھا کہ مردانہ جو تو نے
کہا وہ میں نے سمجھا ہے لیکن تو جلدی نہ کر وہ اتیت فقیر ہے اوسکے پاس خالی ہاتھ کیونکر جاویں تو مردانے
نے اپنے دل میں بچار کیا کہ وہ تو پورا ہادی ہیں میں تو ساتھ ہٹھ کرکے پھرتا ہوں اب تو بھوجن کی جگہ آئی ہے
اچھا بھوجن کہائیں شہر میں اسواسطے آیا ہوں تو مردانے نے جھنڈے سے کہا بھائی جھنڈا جو کچھ تو نے
سمجھا ہے وہ اچھا سمجھا ہے لیکن جلدی ہو تو نے کچھ کرنا ہے تو جلد کر۔ جھنڈے نے کہا بہت اچھا۔ جھنڈے نے
کیا کیا۔ جھنڈا وہاں کا سردار تھا۔ راجہ کے باغ میں گیا۔ اور کہہ گیا وہ جو میں کنول شمل کے پھول لایا تھا
اوسکا سلونا کرنا اور روٹی پکاؤ اور پھولوں کا ساگ چھونکو۔ یہ کہکر آپ باغ میں گیا۔ وہاں سے عمدہ عمدہ میوہ جات
لایا۔ آتے بھوجن تیار ہوگیا۔ پرشادا اور میوے لیکر مردانے کے ساتھ ہو چلا مردانہ جہاں گورو جی تھیں۔ تو
مردانہ لیکر آیا۔ دیکھا کہ گورو نانک جی اور بالا دونوں اودیان میں بیٹھے تھے۔ دیکھکر جھنڈے نے کہا ہے
ست کرتار۔ گورو جی نے ہنسکر کہا آؤ بھائی جھنڈا ست کرتار۔ ایسا ہی بھائی بالے نے کہا ست کرتار۔ تو
جھنڈے نے پرشاد آگے رکھ دیا تب گورو جی نے کہا بھائی جھنڈا یہ کیا لے آیا ہے۔ جھنڈے نے کہا کہ تمہارے
لیے رسوئی لایا ہوں۔ گورو جی نے کہا کہ تو ہمیں کسطرح جانتا ہے۔ جھنڈے نے کہا میں تو نہیں جانتا
شاید آپ جانتے ہونگے۔ اسواسطے آپنے مجھے یاد کیا ہوگا۔ گورو جی نے کہا بھائی جھنڈا یہ پرشاد کہاں
سے آیا۔ جھنڈے نے کہا کہ یہ پرشاد پرمیشر نے بھیجا ہے پھر گورو جی نے کہا کہ بھائی جھنڈا سچ کہو تو پرمیشر

کو جانتا ہے۔ جھنڈے نے کہا جی وہ کون ہے جو پرمیشر کو نہین جانتا۔ مین تو آدمی ہون یہ سب جیا جنت پرمیشر کو جانتی ہے۔ تو گوروجی نے کہا تو کب کا ہے اور تیرے ساتھ کسکا بیوپار ہے۔ جھنڈا باڈی اور راندرسین باجے سودر مین کا بہا نجا گیان دہیان کرکے بیٹھے تھے تو جھنڈے باڈی نے کہا جی تم سوئی



تو کہاؤ سو گورونانک جی وہان بیٹھے تھا جہان پوتر بہوجن ہوتا تھا نہین تو یون ہاری رہتا تھا گورونانک جی نے کہا بہائی جھنڈا اسکے پانچ حصے کرو اور ایک علیحدہ مردانے کو نکالدو۔ تو جھنڈے نے کہا کہ تم تین آدمی ہو۔ پانچ حصے کیون کرتے ہو۔ تب گوروجی نے جھنڈے کو کہا کہ جو تھا تو ہے۔ اور پانچوان تمہارے ساتھ اندرسین ہے اوسکو لاؤ۔ تو بہوجن کہائین تب جھنڈے نے پانچ حصے برابر کیے۔ اور ایک حصہ الگ ایک مردانے کو دینے لگے۔ مردانے نے کہا مین نہین کہاتا۔ گوروجی نے کہا مردانہ کیون نہین کہاتا۔ پرشاد تو کہا مردانے تم کہاؤ مین بہی کہاؤن۔ گوروجی نے کہا مردانہ تو بہو کہا ہے ہمارے خیال مت پڑا کر۔ مردانہ بہو کہا تہا تب اوسنے پرشاد لے لیا۔ گوروجی نے کہا بہائی جھنڈا اندرسین کو لاؤ تو ہم بہی بہوجن کہائین۔ جھنڈے نے کہا پہلے آپ پرشاد مجھ مین ڈالدو تو میری مراد پوری ہو۔ تو گوروجی نے کہا بھائی جھنڈا تو کہتا ہے کہ پرشاد مونھ مین پڑے تو میری مراد پوری ہووے۔ ہم کہتے ہین کہ جھنڈے اور اندرسین کے کپاٹ کھلین تو ہماری آشا پوری ہو تو ہم پرشاد مونھ مین ڈالین تو جھنڈے باڈی کے من مین گیان پیدا ہوا جو یہ تو پرمیشر ہے اور ہم جیسی باہا گیان کرتے ہین وہی ہمکو آملا ہے۔ تو جھنڈے نے کہا جی جو تمہاری خوشی ہے وہی پوری ہووے تم یہ پرشاد تو کہاؤ۔ تو گوروجی نے کہا۔ بہائی جھنڈا ہم پندرہ سو کوس سے آئے ہین۔ سو پرشاد کے واسطے نہین آئے ہم تمہارے ملنے کے واسطے آئے ہین۔ تو جھنڈا باڈی وہان سے اوٹھا اور اٹھکر شہر مین آیا۔ اگر اندرسین کو ڈہونڈہنے لگا ڈہونڈتے ڈہونڈتے رات پڑگئی۔ اندرسین کو راجے کے باغ مین جا دیکھا۔ جھنڈے باڈی نے کہا تمکو نکالا ہونا

پہرتا ہون- اندرسین جنم کا اچھا تھا محبت پیار سے پوچھا کیون بہائی جہنڈا کسواسطے آیا ہین جہنڈے نے کہا جسواسطے ہم تم گیان کرتے تھے وہی آملا ہے تو اندرسین نے کہا کیونکر تو جہنڈے نے کہا جی وہ جو تم ماسی مردانہ میرے گھر لائے تھے اوسکا جو گورو نانک جی ہے سو کیسی بات کرتا ہے تو اندرسین نے کہا بہائی جہنڈا مین اوسکو جانتا ہون وہ میرا پرانا دوست ہے ہم اور وہ ملے ہوئے ہین تو جہنڈے باڈی کو حیرانی لگی جہنڈے نے کہا وہ کہتا ہی کہ مین پندرہ سو کوس سے آیا ہون آپکے ملنے کے واسطے آگے تو کبھی وہ اسجگہہ نہین آیا اور آپ کہتے ہو کہ میرا پرانا یار ہے اتنا جھوٹھ آپنے کیون بولا- تو اندرسین نے کہا بہائی جہنڈا تجہے آپ ہی خبر ہو جاویگی- جب ملین گے- تو پھر جہنڈے نے کہا جی تم چلو مین جو پرشاد دیگیا وہ انہون نے منہ مین نہین ڈالا- تمہارے واسطے تم چلو تو اچھا کرو تو اندرسین نے بچار کیا جو آگے ہمکو کوئی نہین جانتا اور یہ ہمکو ظاہر کرنے آیا ہے- تب اندرسین نے کہا بہائی جہنڈا اب تم جاؤ- ہم کل ملین گے تو جہنڈے نے کہا جی جو جن آتا چلا ہے وہ کہاتے نہین اور تم کہتے ہو کہ کل جائین گے یہ بات نہین ہوئیگی- تو اندرسین نے بچار کرکے کہا چلو بہائی جہنڈا جب گہری رات گذری تو اندرسین اور جہنڈا باڈی دونون گورو نانک جی کے پاس آئے دونون نے بچار کیا اندرسین نے جہنڈے سے پوچھا بہائی جہنڈا تو کچھ بولی کا بھی محرم ہین جو کیا بولی بولتا ہی تو جہنڈے نے کہا جی بولی بہلی بولتا ہے کہتا ہی کرتار کرتار- تو اندرسین اور جہنڈا ایک پہر رات گئی دونون آئے تو گورو نانک جی کرتار کرتار کہا- تو گوروجی نے ہنسکر کہا آؤ بہائی ستکرتار آؤ پرانے دوست تو جہنڈے نے کہا گوروجی ہمکو نہال کیا- دونون قدمون پر گر پڑے بڑے اوہین ہوکر خوشی ہوئی اندرسین نے ہاتھ جوڑکر کہا جی کچھ فرمایئے تو گوروجی نے کہا بہائی اندرسین ہم تم ترتیا مین اکٹھے تھے ہمارا تم سے اقرار تہا کہ یا تم ہمکو اُدہارین- اب ہم تمکو لینے وعدہ پر ملنے آئے ہین- اندرسین نے کہا جی تم وعدہ کے سچے ہو- لیکن



جو کچھ کرتے ہو وہ جھنڈے کے ساتھ کرو جو جھنڈے سے کرو گے وہ ہم سے ہی کرو گے تو گورو نانک جی نے کہا رضا تمہاری ویسی ہی ہوگی۔ تو اندر سین نے کہا کہو بھائی جھنڈا۔ جھنڈے نے کہا جی حکم کرو تو اندر سین نے کہا جو گورو نانک جی کہتے ہیں وہ مانو تو جھنڈے نے کہا گورو جی فرمائے تو گورو نانک جی نے شبد کہا +

راگ رام کلی محلہ پہلا ۔ اینده ہیں نے لیتہ تو بھاگے + مالی گوجل دہ دس تیاگے + اوپر گگن تلے اکاس + گھٹ میں سندرہ کیا پرگاس +۱ ایسا سمرتھ پربھ اکا نانونا + آٹھ پہر تاکو دھیاؤ + ا۔ رہاؤ ۔ تو جھنڈے نے کہا جی میں کچھ نہیں سمجھا تو گورو نانک جی نے سمجھایا۔ اینده ہیں دیہی میں مڈیاں ہیں اور بسنتر جٹھیری گن دیہی میں ہے اور دیہی مالی ماتا جو پانی پیتی ہے سو بالک کی دیہی کچی ہوتی ہے اسکو لگ نہیں سکتی کیون نہیں لگتی جو اوسکو نام کی لو ہوتی ہے یہ پربھ کا نام ایسا ہی ہے بھائی جھنڈا تو سن لگا رہی جب ۔ تیرے کو کچھ نہ لگیگا۔ تو جھنڈے نے کہا جی تم کہتے ہو جو نام جپو اور غریب تر کہاں ہوں میرا کنبہ کہاں سی کھائے۔ تو گورو نانک جی نے دوسری پوڑی کہی ۔

پوڑی ۔ پہلی ہا کہہ جی پہچھر ددہ + میلو کتیو صابن سود + پھرتے ترہیو ڈرتا پھری + ہوندی کوان ہوندی آسے ۲۔ تو جھنڈے نے کہا جی میں تو کچھ نہیں سمجھا تو گورو نانک جی نے مطلب سمجھایا جب لڑکا پیٹ میں ہوتا ہے تو دودھ نہیں ہوتا پستان میں ماکہن جی رہتا ہے جب بالک جنم لیتا ہے تو دودھ نکلتا ہی تو سوچ نکر بے فکر رہو۔ اوس صاحب نے رزق آپ ہی کیا ہے تو کیون ڈرتا ہے تو نہ ڈر یہ جو دیہا ور رزق ہے وہ ان ہونی ہے اور تو جو ہے تو ہمیشہ ہوتا آیا ہیں یہ تیرا ہی پسارا ہے تو جھنڈے نے کہا جی تم اسطرح کہتے ہو۔ یہ تو پوشیدہ بات ہے میں کیا جانوں ۔ تو گورو نانک جی نے تیسری پوڑی کہی ۔

دیہی گپت بدیہی دیسے + سگلے ساج کرے بگ ویشے + سادہ سنگ مل کر دیکھیاں + شاستر سمرت بید پڑیان +

تو پھر جھنڈے نے کہا جی میں تو کچھ نہیں سمجھا تو گورو نانک جی نے مطلب سمجھایا ۔ یہ دیہی بدیہی ہے اور اندر اس بدن کے سو کہہ نم دیہی ہے وہ پوشیدہ ہے وہ دیہہ کے ساتھ جاویگی اور یہ دیہی یہاں ہی چھوڑ جائیگا۔ وہ دیہی اس آدمی کو نہیں دکھتی ۔ یہ سب باتیں جگدیش کی بنائی ہیں۔ اس بات کا بچار کرنا آیا ہو۔ سادہ سنگت میں کرے چاہے بید شاستر میں کرے لیکن سادہ سنگت میں جلدی ملیگا۔ اور شاستر بید سے دیر سے دیر سے ملیگا تو جھنڈے نے کہا جی وہ تو دکھائی نہیں دیتا لیکن یہ تو سب دکھائی دیتا ہے جتنی صورت ہے اوتنی تو گورو نانک صاحب نے چوتھی پوڑی کہی +

درشٹ مان کو کہے ادرشٹ + ادرشٹ دیکہہ بہولی سب سرشٹ + ایسا برہم بچارو کوئی + نانک تان کی پرم گت ہوئی + ۴ -

تو جہنڈے نے کہا جی مین کچہہ نہین سمجہا تو پہر گورو نانک جی نے مطلب سمجہایا کہ سن بہائی جہنڈا جتنی درشٹ مان ہی وہ سب درشٹ ہی ہوئے ۔ بہیگر جیپ خالق ہی ایک پل بہر مین کئی رنگ تماشے دکہاتا ہی ظاہر جو نظر آتا ہی اسکو سنسار ادرشٹ کہتا ہی اور جو دیکہتے ہی آگے سے چہین ہو جاتے ہین اوسکو کہتے ہین جو دکہائی دیتا ہی ۔ درشٹ مان ہی جو کوئی ایسا برہم بچارے تو اوسکی پرم گت ہو تو جہنڈا قدمون پر گر پڑا اوٹہو نہین کہے جی مین بہولا ہون مجکو بخشو مین نے تم سے اتنی باتین کی ہین تو اندرسین نے کہا بہائی جہنڈا اوٹہو کچہہ ڈر نہین گورو نانک جی تیرے ہی واسطے آئے ہین تو جہنڈا اوٹھ کہڑا ہوا اتنے مین اڑہائی پہر رات گذری اور گورو جی نے کہا بہائی جہنڈا پرشاد لاؤ تو جہنڈے نے پرشاد آگے رکہا ۔ تو کہانے لگے تو گورو نانک جی اور اندرسین بالا جہنڈا جب گورو جی نے آدہا پرشاد کہایا اور آدہا رہا ۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی جہنڈا لے یہ پرشاد تو کہا ہم اندرسین نے کہا لے بہائی جہنڈا اوٹھا لے ۔ جہنڈے نے اوٹھا لیا ۔ لیکر کہانے لگا جب آدہا پرشاد کہایا تو جہنڈے کے کپاٹ کہل گئے ۔ جہنڈا بسیہ ہوگیا ۔ جہنڈے کو سب کچہہ بہول گیا ۔ جب اندرسین نے دیکہا کہ جہنڈا بسیہ ہوگیا ہے تو اندرسین نے کہا گورو نانک جی یہ کیا کیا تو گورو جی نے کہا بہائی اندرسین ہمکو جو کرتار نے دیا سو اسی واسطے ہم کیا کرین ۔ تو اندرسین نے کہا جی کرنا کیا تہا اور کیا کیا ۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی اندرسین جو تو کہے سو ہوسی ۔ تو اندرسین نے کہا جی تم نے اسکو راج گدی پر بٹہلانا تہا اسوقت راج گدی پر کہا بیٹہیگا تو گورو جی نے کہا رات کتنی ہے تو بالے نے کہا جی پہر رات ہے ۔ تو گورو جی نے کہا بہائی چل لاؤ اشنان کرین ۔ اور بہائی جہنڈے کو بہی نہلائین تو گورو نانک جی نہایا اور جہنڈے کو بہی نہلایا تو جہنڈے کی خماری اوتری ۔ جہنڈا گورو نانک جی کے قدمون پر گر پڑا تو گورو نانک جی نے کہا کیون بہائی جہنڈا کیون ۔ تو جہنڈا نے کہا جی تمکو سب کچہہ معلوم ہی تو گورو نانک جی نے کہا بہائی جہنڈا ہم نے تو تجہکو راجگدی پر بٹہلانا ہے تو جہنڈے نے کہا جی جو تمہاری رضا تو گورو نانک جی نے جہنڈے کو راجگدی بخشی تو سمندر سین راجے کو خبر ہوئی جو ایک سادہ میرے گانو مین آیا ہے اوسنے جہنڈے باڈی کو راج گدی دی ہی اور ستگور کیا ہے جب یہ بات سمندر سین نے سنی تو سمندر سین راجے نے کہا اس سادہ کو میرے پاس لاؤ ۔ تو گورو نانک جی اور بالا مردانا اندرسین اور جہنڈا باڈی پانچون

جنگل مین بیٹھے تھے جو راجے کے آدمی آئے اوٹھکر ساتھ ہی کہنے لگا گورو نانک جی ہمکو راجے نے بلایا ہے
ہمکو راجے نے بہیجا ہے تو اندرسین نے کہا کیون بہیجا ہے اونہون نے کہا گوروجی کو بلایا ہی تو اندرسین اٹھ
کہڑا ہوا اور کہنے لگا چلو مین راجے کی درشن کرا آؤن۔ تو گورو نانک جی نے کہا بیٹھ اندرسین۔ تو اندرسین نے
کہا جی وہ ہمکو نہین جانتا اور تم تو کسی کے برے مین نہین ہو وہ میرا ماموں ہے اوسکا نقصان کچھ نہین
اوسکی درشن کرا آتا ہون تو گوروجی نے کہا بہلا ہووے تو اندرسین نے راجے سدہرسین کو جا ماتھا ٹیکا۔ تو سدہرسین
نے کہا آؤ بیٹا کچھ کہو۔ تو اندرسین نے کہا راجہ جی مین کہنے ہی آیا ہون تو راجے نے کہا بیٹا کیا کہتا ہین تو
اندرسین نے کہا تمنے آدمی بہیجے تھے گوروجی کو بلانے تو راجے نے کہا بیٹا ہمنے ہی بہیجے تھے تو اندرسین
نے کہا جی کسواسطے تو راجے نے کہا ہمنے سنا ہی جو جہنڈی بادی کو بیدان کیا ہی ہمنے اسواسطے بلایا تھا
جو مین اوسکا درشن کرون تو اندرسین نے کہا راجہ جی دیکھنے مین بڑا فرق ہوتا ہے۔ ایک دیکھنے مین بہلا
ہوتا ہے اور ایک دیکھنے مین برا ہوتا ہے۔ تو راجے نے کہا بیٹا جس دیکھنے مین بہلا ہووے ہمکو بتا اوس طرح دیکھین
تو اندرسین نے کہا راجہ جی وہ تو پورن سادہ ہے اوسین اور پرمیشر مین کچھ فرق نہین اور وہ مہاتما ہے
تو کس طرح دیکہتا ہے تو راجے نے کہا بیٹا مین سادہ مورت کرکے دیکہتا ہون تو اندرسین نے کہا سادہ مورت
دیکہنے کی یہ طرح نہین ضابطے سے گہر بلاییے یا قدمون سے چلکر آپ نوار سادہ مورت دیکہنے جاییے تو راجے
نے کہا بیٹا تو اچھا کہتا ہے جو تو کہے سو مین کرتا ہون تو اندرسین نے کہا راجہ جی اچھا بہوجن اور اچھا میوہ
لو اور ادہینگی سے ماتھا چرنون پر رکہو۔ سادہ مورت دیکہنے کی یہ طرح ہے راجہ سدہرسین کو ہون کابلی
تہا راجے نے ہوئی مان لی۔ اچھے بہوجن اچھا میوہ اچھے کپڑے لیکر ساتھ اندرسین کو لیا۔ اور آکر سری
گورو نانک جی کے آگے ماتھا ٹیکا جو کچھ لایا تہا وہ آگے رکھا۔ تو اندرسین نے کہا گوروجی راجہ کرمونت ہے اس درس دیکہو آیا



کر دیا تو گورو نانک جی نے پشت پر تھاپی دی اور شبد بولا +

راگ بلاول محلہ پہلا - ایک راج دیا سدھر سین + اجن گیان پایا تہ تین + مٹے اندھیار گئے بکارا + ایسا صاحب میت ہمارا + سُن سدھر سین ایک بات ہماری + ایک راج دیا چھتر دھاری +

۱ - رہاؤ - اٹھارہ راجے تم ست کینو + سب جو کرے پربھ سو من بھینو + ایسی پربھ جی کرپا دھاری + جب گورمت اوپجی پرے سچیار + ۲ - سوناپور کا راج تمہارا + بین دیپ تم چرن پوجارا + برہما بشن مہیشر کیا اپجے + سدھر سین تم نرمل بھیے + ۳ - اندر سین سنگ تمہارا + کرن کال رن کے کرتارا + کہو نانک جس آپ دیال + تس ہر سب سوکھ سبے سنبھالا +

راجہ سدھر سین کو سوناپور کا راج دیا - اک چھتر کا سماج دیا گئے اٹھارہ راجے راج کرتے تھے گورو نانک جی اور اندر سین کے پرساد تین دیپ کا راج کرنے لگا اور مہا پرکھ ہوا - تو گورو نانک جی نے کہا دیکھ سدھر سین مت جھنڈے کی برابری کرین مت راج تیج میں فرق آ جاتا ہو - آگے تو جان - یہ سنکر راجہ سدھر سین ہاتھ جوڑ کھڑا ہو کہنے لگا جی کہو تو راج بھی سکو دے دون اور مین تمہارے ساتھ چلتا ہون ایسا وقت مجھکو کب ہاتھ لگے گا - تو گورو نانک جی نے کہا ہمنے جو جھنڈے کو سبھی سکھلایا ہے وہ تجھی بھی ہماری بہے اور تجھکو جو چھتر راج دیا ہے وہ راج بھی ہمارا ہے - ہم نے تجھکو راج اور تجھی دونوں دیئے ہین - تو جھنڈے کو ہمارا روپ جاننا - تو جھنڈے اور سدھر سین دونوں نے ماتھا ٹیکا - تو گورو نانک جی نے کہا اب ہم چلینگے تمہاری ہی واسطے کرتا - یہان لایا - یہ سنکر راجہ سدھر سین رونے لگا کسی طرح نہ سنبھلے تو گورو نانک جی نے کہا کیون راجہ کیون تو راجے نے کہا تم جی چلے جاؤگے اور میری جان نکل جاویگی تو گورو نانک جی نے کہا راجہ ہم تیرے ہی پاس ہیں ہم تم ایک ہو جاوینگے تمنے گنتی نہ کرنی - آرام سے رہنا تو راجے نے کہا گورو جی تم کچھ دن یہان ہی رہو ہمارا دل جگہہ پر رہی تو اندر سین نے کہا گورو جی راجے کا کہا بھی مانو ایک مہینہ یہان ہو تو گورو جی نے کہا بہت اچھا تہارا کہنا مانا - بعد ازان ایک مہینہ جھنڈے اور سدھر سین اور اندر سین کے پاس ہی بہت راضی خوشی ہو پھر وہان سے جانیکی تیاری کی - سدھر سین نے بہت منت کی - مگر گورو جی نے ہر طرح سو رخصت لیکر وہان سے آگے کو روانہ ہوئے - بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی +

ساکھی ۳۵ -

پھر گورو نانک جی سلسلادیپ کو چلے سمندر سمندر پانی پر جیسے زمین پر چلتے ہین تیسے پانی پر چلے گئے جہان


گوروجی کی خوشی آسے وہان بیٹھ جائین۔ آگے سلملادیپ مین شور پڑا ہوا تھا جو سدہر سین راجے
کو پاس ایک فقیر آیا ہے اور سدہرسین کو تین دیپ کا راج بخش کیا ہے۔ اور ایک وہان جھنڈا باڑی ہتا
ہے اوسکو ہمایسرکہ کیا ہے۔ یہ شور تمام شہر مین ہو رہا تھا۔ گو گورونانک جی شہر کے نزدیک جا بیٹھے
جب سات دن جنگل مین بیٹھے گذرے تو مردانے نے کہا جی حکم ہو تو مین شہر دیکھ آؤن۔ تو گورونانک
جی نے کہا کیون مردانہ بھوکھ لگی ہے تو مردانے کہا جی تمکو کرتا نے ایسا ہی کیا ہے مین تم سی اٹھ
کرکے پھرتا ہون اب تو شہر آیا ہے یہان سی تو کچھ منھ مین ڈالون تو گوروجی نے کہا مردانہ کچھ دھیرج کر
مردانہ چپ ہوکر بیٹھ گیا۔ اور کہنے لگا جی اس شہر کا کیا نام ہے تو گوروجی نے کہا مردانہ اس شہر کا نام
برہم پور ہے اور یہان کا راجہ برہمن ہے اور اوسکا نام مہرمین ہے۔ یہ باتین کرتے ہی تھے جو راجہ
مہرمین شکار کھیلنے آیا شکار کھیلتا بھی جہان گورونانک جی تھے وہان آنکلا۔ دیکھے تو چار آدمی اجاڑ
مین بیٹھے ہین پوچھنے لگا تم کون ہوتے ہو۔ اجاڑ مین کیون بیٹھے ہو۔ تو مردانے نے کہا جی شہر مین
جاکر کسی کے دوارہ بیٹھین تو راجے نے کہا تم تپت ہو تو مردانے نے کہا تمکو کیا نظر آتا ہے تو بالے نے
دیکھا کہ گورونانک جی تو بولتے نہین اور مردانہ خفا ہو رہا ہے تو بالے نے کہا راجہ جی ہم مسافر ہین



تو راجے نے کہا بھائی تم کس شہر سے آئے ہو تمہاری زبان سمجھی نہین جاتی۔ تو بالے نے کہا راجہ جی
ہم پنجاب کی دھرتی سے آئے ہین کبھی پنجاب سنا ہوگا تو راجہ نے سمجھا کہ یہ وہی ہین تو راجے نے کہا بھائی
تم نے اس شہر کا نون دیکھا جو راجے سدہرسین کا ہے تو بالے نے کہا راجہ جی وہان ہی سے آئے ہین تو راجے
نے کہا راجہ جی تمہارا کیا نام ہے تم کون ہوتے ہو تو راجے نے کہا ہم اپنا نام بتائین گے لیکن پہلے تو اپنا
نام بتا اور اپنے گورو کا نام بتاؤ۔ گورو تمہارا بولتا نہین تو بالے نے کہا جی گورو کا نام نانک نرنکاری

ہے اور میرا نام بالا ہے اور اوسکا نام مردانہ ہے تو راجے نے کہا سن تو یالا سدہر سین اور جہنڈے کو بھی
راج نے آیا ہے سچ کہتا۔ تو بالے نے کہا جی ہان بہی وے آیا ہے لیکن تم اپنا نام بتاؤ اور قوم بتاؤ تو راجے
نے کہا میرا نام مدہر بین ہے اور شہر کا نام برہم پور ہے ہم اس ولایت کے راجے ہوتے ہین۔ برہمن ہماری قوم ہی
تو بالے نے کہا اچہا راجہ جی معلوم ہوا اور کہا جی اس دیپ کا کیا نام ہے تو راجے نے کہا یہ سلا دیپ ہے تو بالے
نے کہا راجہ جی یہان کتنے راج کرتے ہین تو راجے نے کہا سن بہائی اتیت یہان اس دیپ مین اٹھارہ
راجے راج کرتے ہین تو بالے نے کہا جی ان راجاؤن کا کیا نام ہے تو راجے مدہر بین نے کہا سن بہائی اتیت
(۱) کول نین (۲) مدہر بین (۳) سدہر سین (۴) سکہہ چین (۵) اسر تبہ (۶) ساگر نین۔
(۷) بیر بین (۸) لال نین (۹) رائے این (۱۰) سکہہ ساگر (۱۱) نانگا پرسرام (۱۲) راجہ انگا گہنگا۔
(۱۳) سدہ سہنا لکا (۱۴) بدہ بیک بالکا (۱۵) راجا بین جوت (۱۶) راجا پال سنگار (۱۷) راجہ
ترتر نگ (۱۸) راجہ گمن رائے۔

تو بالے نے کہا راجہ جی ان اٹھارہ پر بڑا کون ہے تو راجے نے کہا بہائی سب سے بڑا کول نین ہی تو
بالے نے کہا راجہ سب باتین سچ کہکر یہ بات جہوٹھ کیون بولی۔ تو راجے مدہر بین نے کہا سن اتیت
تونے یہ بات کیا سمجھی ہے تو بالے نے کہا راجہ جی سب کے اوپر سدہر سین ہی تو راجے نے کہا سن اتیت تو
کیا جانتا ہے تو بالے نے کہا راجہ مین جانتا ہون جو ہمارے گورو نے سدہر سین کو سب سے بڑا کیا ہی تو راجے نے
کہا اتیت تیرا گورو تو بولتا نہین۔ تو بالے نے کہا راجہ جی میرا گورو تب بولے جب کوئی بلائے تو راجے نے کہا اتیت
ہم بلاوین۔ تو بالے نے کہا راجہ جو بول سکتا ہے تو بلاؤ تو راجہ گہوڑے سے اوترا اوترکر نزدیک آیا بالے سے
کہا انکی آواز کیا ہے تو بالے نے کہا جی انکی آواز کرتار کرتار ہے۔ تو راجے نے نزدیک آکر کہا گورو جی کرتار کرتار تو
گورو نانک جی کی سمادہ کہلی تو گورو نانک جی نے کہا ست کرتار جی ست کرتار جی تو راجے نے ماتہا ٹیکا تو گورو



نانک جی نے کہا آؤ بہائی مدہر بین - تو راجے نے کہا جی گانو مین چلو تو گورو نانک جی نے کہا راجہ ہمارا یہی گاؤن ہی ہے تو راجے نے کہا جی یہان اُجاڑ مین بیٹھنے سے کیا فائدہ ہے تو گورو نانک جی نے کہا راجا ہم اتیت فقیر ہین ہمکو اجاڑ ہی بستی ہے تو راجے نے کہا جی شہر مین کوئی بہنڈاری کی خبر لیگا تو گورو جی نے شبد کہا +

راگ بلاول محلہ پہلا - ایک بہنڈارا نام کا جن سب کچھہ دیا + جہرکہہ نانک سب جیہن کر اپنا کر لیا +
ایسا نام نہ چہڈئیے سدا سنگ ہمارے + لیکہا کبہی نہ پوچھئے من سیت پیارے +
۱- رہاؤ - بہوجن اوتم ہم کیا ستن پرشاد + جل ستیل ہر سے بہایہ ہر ہے مین شانت آباد + ۲-
ابتر ہم سجہا تیا کایا کے سنگ + نکہہ جو راسی ایک ہے بہے ہین جنگ + ۳- نانک کہی راجندر
سون سب جہو ٹہے پسارا + درشٹ مان سب بہول جائے ہے ایک نرنکارا + ۴-

یہ سنکر راجہ مدہر بین قدمو پر گر پڑا اور کہا جی مجکو کچھہ حکم کرو وہ مین ناظر کرون - تو گورو جی نے کہا راجہ جی ہم تمہین یہی کہتے ہین جو ہمنے سدہر سین کو ایک چیتر راج کہیا ہے جو کوئی اوسکو مانیگا اوسکا بہلا ہوگا - اور جو نہ ملنے تو وہ بہی راضی ہے - ہمنے جو کہنا تہا کہہ دیا ہے - راجے مدہر بین نے کہا جی وہ ہمارا سرتاج ہے ہم اوسکی رعیت ہین - تو گورو جی نے کہا بہائی کرتار جیت آؤ - بہائی مدہر بین راج اور بہاگ یہان ہی رہتا ہے ساتہہ نہین چلتا تو راجے نے کہا جی ہمکو تمہاری بات سے کام ہے راج کیا چیز ہے تو گورو نانک جی بہت خوشی ہوئے - کہنے لگے راجہ مدہر بین اب ہم چلتے ہین تو مدہر بین نے عرض کی جسطرح حکم ہو - اوسیطرح سے ہم راجہ سدہر سین سے ملین - تو گورو جی نے کہا راجہ مدہر بین جسطرح تم ہمارے آگے عرض کرتے ہو اوسیطرح راجہ سدہر سین کو آگے کہڑا ہوتا - تو مدہر بین نے کہا ہم تم سے بہی زیادہ کرکے جانینگے تو گورو جی نے کہا ایسا ہی چاہیئے - گورو جی تین مہینے راجہ مدہر بین کے پاس رہے - پہر وہان سے چلدیئے - بولو بہائی جی واہگورو - وساکہی اور چلی +

ساکہی ۳۶-

جاتے جاتے کہین بن اور کہین سمندر ایسے ہی چلے گئے ایک پہاڑ کے اوپر ایک شہر تہا - تو مردانے نے کہا جی اس پہاڑ کے اوپر کوئی شہر نظر آتا ہے تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ تیرا دل شہر مین بہت رہتا ہے تو مردانے نے کہا جی تمکو دینے کا ترس نہین آتا ستیس دن اور ستیس رات ایسی ہی چلے آئے ہین اور اب ایک شہر آیا ہے تو طعنے دیتے ہو تو گورو جی نے کہا - کہو بالا تو بالے نے کہا جی مردانہ سچا ہے ایک تو بہوکہا ہے-

اور ایک جنم کی عادت نہین جاتی تو مردانے نے کہا جمان تجکو تو گورو نے سنوارا۔ لیکن مجکو تو نہ سنوارا تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ ایسا شہر ہے جیسا کہ راہ مین تلیا جاتا تھا تو مردانے نے کہا جی مجھ پڑا ایسا شہر تو گورو نانک جی نے کہا چل بھائی مردانہ تجھکو اس شہر کا تماشا دکھاوین تو مردانے نے کہا جی مین نہین دیکھتا۔ گورو جی نے کہا مردانہ ضرور دیکھنا چاہیے۔ تو مردانے نے کہا جی تم جانو۔ دو کوس پر تھا وہان سے چلکر پہاڑی کے نیچے جا بیٹھے تو مردانے نے کہا جی اس شہر کا کیا نام ہے۔ گورو نے کہا کہ اسکا نام دیوگندہار ہے اور یہان کا راجہ دیولوت ہے۔ یہ دیوونکا بڑا راج کرتا ہے۔ سترہ لاکھ دیو اسکے ماتحت ہین۔ تو مردانے نے کہا جی اس شہر جانا نہ چاہیے۔ تو گورو جی نے کہا ضرور جانا ہے۔ مردانے نے کہا اچھا صاحب۔ چلو۔

دیولوت دیوون کا راجہ شکار کھیلنے آیا تھا دیکھے تو تین آدمی بیٹھے ہین۔ دیولوت راجہ تینون کو دیکھکر خوش ہوا اور کہنے لگا یہ خوراک مجھکو آج ہاتھ آئی ہے۔ راجہ نے ایک دیو سے کہا بھائی یہ خوراک ہماری ہے انکو پکڑ لاؤ۔ یہ شکار مجکو مدت سے ہاتھ آیا ہے تین دیو آئے۔ مردانہ گورو نانک جی کے ساتھ باتین کرتا تھا دیوون کو دیکھکر اوسکا رنگ زرد ہوگیا۔ مردانے نے کہا گورو جی دیو تو آئے۔ اب کیا کرین۔ گورو جی نے کہا مردانہ کرتار کے رنگ تماشے بیٹھا دیکھ۔ تو مردانہ چپ کر رہا۔ جب تین دیو نزدیک آئے تو اندھے ہوگئے۔ اور سب کچھ نظر آتے مگر گورو جی نظر نہ آوین۔ تو وہ پھر راجے کے آگے گئے۔ کہا جی وہ تو ہمین نظر نہین آتے۔ دیولوت نے کہا ارے اور جاؤ۔ تین اور آئے وہ بھی اندھے ہوگئے۔ اسطرح سات دفعہ دیو آئے مگر وہ سب اندھے ہوکر واپس گئے تو راجے نے کہا ارے وزیر دیودت یہ کیا ہوتا ہے۔ جو جاتا ہے وہ اندھا ہوجاتا ہے۔ تو دیودت نے کہا راجہ جی ایک عرض کرتا ہون جو تم سنو تو راجے نے کہا وزیر کہو تو دیودت نے کہا راجہ جی یہ کوئی کلاوان ہے ایک میرے دلمین مصلحت آئی ہے جو تمہارے دل کو اچھی لگے تو کہون تو راجے نے کہا وزیر کہو جو تو کہیگا وہ اچھی کہیگا تو وزیر نے کہا جی مین اونکی سیوا کو جاتا ہون جو مین اندھا ہونہ ہوا تو مَتے اونکی



خدمت کرنی ادر بیرانہ مانگنا تو دیولوت نے کہا بھلا وزیرا چھا کہا تو دیودت وزیر اپنا دل صاف کرکے گورو نانک جی کے پاس آیا آکر ماتھا ٹیکا تو وزیر نے اپنے دلمین سوچ کیا بھائی یہ تو اندھا نہ ہوا۔ یہ کوئی کلادان پورکھ ہے۔ تو وزیر نے کہا جی تم کس گاؤن سے آئے ہو تو گورو نانک جی نے کہا ہم امرا گاؤن سے آئے ہین۔ تو وزیر نے کہا جی امرا نگر کس طرف ہے تو گورو نانک جی نے کہا وزیر امرا گاؤن دھمرفون تو نیارا ہے تو وزیر نے کہا جی تمہارا کیا نام ہے تو گوروجی نے کہا ہمارا نام نانک نرنکاری ہے تو وزیر نے کہا جی تم کون ہوتے ہو۔ تو گورو نانک جی نے کہا ہم نرنکاری ہی ہوتے ہین۔ تو وزیر نے کہا جی تم شہر مین چلو۔ تو گورو نانک جی نے کہا بھائی ہم اتیت فقیر ہین جہان بیٹھے وہان ہی بیٹھے تو وزیر نے راجہ دیولوت سے جاکر خبر کی راجہ جی تیرے شہر مین بڑا کلادان آدمی آیا ہے۔ راجہ تو چل جو کچھ تیرے دلمین آوے وہی من مین دہار چل جو تیری پوری ہو تب تو جان جو کلادان ہین جو نہ پوری ہو تو جان جو کلادان نہین تو راجے نے کہا وزیر تو بھلا کہتا ہے تو راجہ نے اپنے من مین ایسی دہاری جو میری خوراک ہین مین انکو کہاؤنگا اور مین بھی اندھا ہوا تو انکی خدمت کرونگا۔ یہ دہار کر چلے اور ساتھ سب لشکر دیو ونکا چلا۔ جتنے راجہ کے ساتھی بغیر وزیر سب اندہے ہوگئے۔ ایک وزیر بینا رہا۔ تو وزیر نے کہا کیون راجہ کیا خبر ہے تو راجہ نے کہا وزیر جو تو کہتا تہا وہ سب سچ کہتا تھا۔ تو وزیر نے کہا راجہ جی اب کیا تیرے من مین آتی ہے۔ تو راجہ نے کہا وزیر اب مین بینا یعنی سوجاکہا ہوؤن تو انکے قدمون پر گرون۔ تو وزیر نے کہا سچ کہتا ہے۔ تو راجہ نے کہا وزیر مین سچ کہتا ہون۔ جو کچھ مینے دیکہتا تھا سو دیکھا۔ تو وزیر نے کہا گوروجی تو پورن سادہ ہین۔ کرامت والا ہین۔ تم راجہ کو دیدار دو۔ اب راجہ کو تعجب مین آیا ہے تو گوروجی نے کہا کیون راجہ دیولوت آنکہین کھولکر دیکھ۔ اتنے مین راجہ کی آنکہین کہل گئین تو راجہ دیولوت قدمون پر گرپڑا تو گورو نانک جی نے کہا راجہ تجھکو پرمیشر یاد آوے اور تو اپنا یہ کہانا چھوڑ۔ راجہ نے




کہا جی اب میری پاس رہو ہم چھوٹا تم میری پاس اس شہر میں آئی تھی۔ تو گورو جی نے کہا ہمارا تیرے ساتھ بچپن تھا۔ ہم تیری ہی واسطے آئے ہین دیولوت راجے نے کہا گورو جی محلون مین چلو اور کہانا کہاو۔

تب گورو نانک جی نے ہنسکر کہا راجا تمہارا کہانا ہمارے کام کا نہین تو راجے نے کہا۔ گورو جی تمنے اپنا ہی کہانا کہانا تو گورو جی اوس راجے کے ساتھ چلے تو شہر مین آئے تو راجے دیولوت نے مندر مین بٹھلا دیا۔ راجے دیولوت نے دیوون کو حکم کیا اچھے عمدہ میوے منگوا لے آو۔ سات دیو میوے کو بھیجے اور سات دیو آٹا دال وغیرہ کو بھیجے چودہ دیو سب سنگری لے آئے راجے کے آگے لا کر رکھی تو راجے نے کہا گورو جی یہ میوہ کہاو تو گورو نانک جی نے کہا راجہ یہ میوہ ہم تب کہاوینگے جب تو اپنی خوراک چھوڑیگا۔ تو راجے نے کہا جی جو تم چھوڑاوگے تو چھوڑونگا گورو جی نے راجے کو کہا تو راجے سدہرمن کو جانتا ہے تو راجے نے کہا جی جانتا ہون وہ تو میری خوراک ہے تو گورو جی نے کہا سن راجہ دیولوت جو تو اوسکو ہماری طرح کرکے دیکھیگا۔ تو ہم پرشاد کہاوینگے تو راجے دیولوت نے کہا جی تم سچ کر جانو تمہاری بات پوری ہو رہیگی اور ہم تم سے بھی زیادہ جانینگے۔ تب گورو جی نے میوہ کہایا۔ کہنے لگے بہائی بالا پرشاد تیار کرو۔ مردانہ بہت دن کا بہوکہا ہے۔ ڈیڑہ پہر رات گذری پرشاد تیار ہوا۔ راجے اور وزیر دونون نے اتفاق کیا ہاتہ جوڑ کہڑے ہوئے کہنے لگے جی پرشاد تیار ہوا ہے تم آکر پرشاد کہاو۔ تو گورو جی نے کہا مردانا چلو۔ تب آکر پرشاد کہانے لگے۔ مردانے ہی پرشاد کہایا۔ اور بالے بہی کہایا تو گورو نانک جی کی پرشاد کہاتے کہاتے سمادہ لگ گئی جب سمادہ کہلی تو جو اپنا پرشاد رہا تہا وہ راجے اور وزیر دونون کو گورو جی نے دیا جب انہونے کہایا دونو کو اگم نگم کی سوجہی ہوگئی دونون مست ہوگئی تو بالے نے کہا جی یہ تو بدہیہ ہوگئے تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا دیکہہ کرتار کے تماشے۔ جب چار گہڑی ہوئی تو دونون کی خماری اوتری پورن مہا پرکہ ہوئے تو گورو نانک جی سی کہنے لگے جی ہم تو تنکے سے بہی خراب ہین۔ تو گورو جی نے کہا بہائی دیولوت تجہکو ہمنے یہان کا مسند نشین کیا ہے اور تیرا وزیر تیرا اٹہل والا کیا تو نرنکاری جپ اور کسی جیو کا برا نہ مانگیو۔ کسی جیو کا گہات نہ کرنا اور سیدہا کہانا کہاو۔ تو ان دونون نے کہا جی ہمکو تو ایک تنکا توڑنے کی بہی قوت نہین ہی تو گورو نانک جی نے وہان دیون کی سنگت کی۔ دیو نرنکار نرنکار جپنے لگے وہ گورو نانک جی کے بغیر دوسرے کو نہ جانین۔ وہان گورو نانک جی نو مہینے رہے۔ تو پہر گورو جی نے دیولوت اور دیو دت سی کہا کہ اب ہم چلینگے دونون نے ہاتہ جوڑکر کہا گورو جی یہان ہی رہو تو گورو جی نے کہا ہم تمہارے پاس ہی ہین۔ تمہاری طرح اورون کو بہی ملنا ہے۔ جہان جہان حکم ہے وہان وہان جانا

جا پہنچے۔ وہان سی رخصت ہو کر آگے سیر نامی شہر کو چلے۔ بولو بہائی جی واہگورو ساکہی ادہ چلی +

ساکہی ۳۷۔

وہان سی سیر نامی شہر تین مہینے کا راستہ تہا۔ تین مہینے مین وہان جا پہونچے وہان کا راجہ تمکین سین بن مانووان کا راجہ تہا۔ اور آپ بہی بن مانو تہا جب اوس شہر مین گئے تو بن مانو تینون کو دیکھکر ڈہنے لگے اور مردانہ اون سی ڈرے۔ تو گورو نانک جی نے کہا کیون بہائی بالا تو بالے نے کہا سکہہ جی۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ یہ بن مانو ہین تو مردانے نے کہا جی بن مانو یہ ہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ یہی بن مانو ہین تو اور سب بہاگ گئی ایک کہڑا رہا۔ تو بالے نے کہا بہائی تو کون ہی تو اوس بن مانو نے آگے سے چیخ ماری جسطرح جنگل کے جانور چیخ مارتے ہین تو بالے نے کہا جی یہ تو چیخان مارتا ہی تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا انکی بولی یہی ہی وہ چیخان مار کر بہاگ گیا تہا وہ چلکر جنگل کا میوہ لے آیا۔ دور سے آگے رکھکر آپ پیچہی کہڑا ہوا۔ تو



گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا۔ اوٹہالے تو بالے نے کہا گورو جی تم ایسا ویسا پرشاد نہین کہاتے تو گورو جی نے کہا بہائی بالا پرشاد یہی تو ہے۔ یہ بن مانو ہین۔ جیا جنت کی پاس سی بہت ڈرتے ہین وہان جنگل مین ایک مہینہ ہے اونکا ادہار کیا۔ پہر وہان سی سورن پور کو چلے۔ بولو بہائی جی واہگورو ساکہی ادہ چلی

ساکہی ۳۸۔

جاتے جاتے جہان گورو نانک جی کی سمادہ لگ جائے وہان بیٹہہ رہین کہین چار دن کہین پانچ دن کہین سات دن کہین دو دن اسطرح کرتے کرتے سات مہینے اور تیرہ دن مین کبہی ٹاپو کبہی سمندر مین چلے جائین جاتے جاتے جب وہ شہر نظر آنے لگا۔ لیکن چار کوس پرسے ہم نے وہ شہر دیکہا۔ ایسا معلوم ہوتا تہا۔ کہ کوئی قدرتی شہر ہے اور مردانے نے ابہی نہ دیکہا تہا تو وہان ہی مردانے نے کہا جی کوئی شہر

بہی آویگا کہ ہم او جاڑ مین ہی چلے جاوینگے تو گوروجی نے کہا مردانہ بہوکہہ لگی ہے تو مردانے نے کہا جی
جو بہوکہہ لگی ہوگی تو کیا کسی نے کچہہ آگے لا رکہا ہے جو کہا وینگے تو گوروجی نے کہا مردانہ او داس نہ ہو تجہکو
وہ دیکہہ شہر نظر آتا ہے جو تیری خوشی ہوگی وہ کہانا تو مردانے نے کہا جی کسیدن ایسی ہی جان نکل
جاویگی تو گوروجی نے کہا مردانہ ایکدن جان تو نکلنی ہی اور جو بہوکہہ سی نکلے گی تو ہم پہر لینگے تو گہرات
تو مردانے نے کہا جی تو سچا ہے تمکو کسی طرح کی طمع نہین ہی کیا جانے ہم کیونکر تیرے ساتہہ پہرتے ہین۔ تو
گوروجی نے کہا جو تو اسطرح جان جو جیتے پہرتے ہین سو ہمکو کرتار جیتا رکہتا ہی۔ آگے چل دیکہو کرتار کیا کرتا
ہے تو مردانے نے کہا بہلا گوروجی آہستہ آہستہ چلو۔ بہلاتے بہلاتے چار کوس پرے گئے شہر کے نزدیک
جا بیٹہے۔ گورونانک جی نے کہا مردانا شہر آیا ہے چلکر کچہہ کہا آو۔ مردانے نے کہا میرے پاس تو کچہہ
نہین ہے مین کہانسے کہاؤن۔ گوروجی نے کہا مردانہ تجکو شہر سونیا ہے کہین سی کہاؤ۔ مردانے نے کہا
مجہکو کوئی چور جانکر پکڑلے تو مین کیا کرون۔ تو گورونانک جی نے کہا مردانہ جو کوئی تجکو پکڑیگا تو ہمارا نام لینا
تجہے چہوڑدینگے تو مردانے نے جانا جو جہان کہان اسکے پورانے بہگت ہین۔ مردانا شہر مین دیکہے تو کیا دیکہو
جو سب سونے کی زمین ہی۔ جہان دیکہی سونا ہی نظر آتا ہے۔ قدرت دیکہکر حیران ہوگیا۔ مردانے کی بہوکہہ
پیاس دور ہوگئی۔ تو مردانے نے ایک کو پوچہا بہائی اس شہر کا کیا نام ہے تو اوسنے کہا اری تو کہان سی آیا ہی
مردانے نے کہا بہائی ہم دور سی آئے ہین اس شہر کا نام مجہے بتاؤ۔ تو اوسنے کہا تم مجکو اپنا نام بتا۔ مردانے
نے کہا میرا نام مردانہ ہے تو مجکو شہر کا نام بتا۔ تو اوسنے کہا مردانہ شہر کا نام سورن پور ہے تو مردانے نے کہا بہائی
یہان کا راجہ کون ہے اور اوسکا کیا نام ہے۔ اوسنے کہا مردانہ یہان کا راجہ کول نین ہی۔ راجہ سورسدہ کا بیٹا
ہے جسکے راج والے سب سلامی ہین تو مردانے نے کہا بہائی یہان کا چلن کیا ہی یہان تو سونے کی زمین ہے،
اور تیرا کیا نام ہے تو اوسنے کہا مردانہ میرا نام دہرم سنگہ ہے اور جو کوئی یہان آوے وہ جو دل چاہی کہاوے



یہاں ادہرم کی چال ہے تو مردانے سننے سے بہت خوشی ہوا۔ تو مردانے نے کہا بہائی دہرم سنگہ مجکو بہوک
لگی ہے۔ دہرم سنگہ نے کہا بہائی مردانہ یہان کسی کو منع نہین جس کا جی چاہے اوس ہی اوٹھائے جو کچہ چاہے
تو مردانے نے کہا جی میرے پیسے تو یہ کام نہین ہوتا ہے۔ کوئی اپنے ہاتھ سے دیوے تو لیلون۔ پھر دہرم سنگہ نے کہا
بہائی مردانہ کوئی اور بھی تیرے ساتھ ہے تو مردانے نے کہا دو آدمی اور بھی میرے ساتھ ہین تو دہرم سنگہ
نے کہا اونکو بھی لے آ۔ تو مردانے نے کہا کہ وہ اسطرح نہین آتے وہ بڑے سنتوکھی ہین۔ تو دہرم سنگہ نے کہا
چل بہائی۔ تو مردانے کو دوکان پر بٹھا کر کہا کیا۔ اور پوچھا کہو بہائی کیا لیتا ہے۔ تو مردانے نے کہا جی جو کچہ
لے دو وہی لون۔ دہرم سنگہ نے کہا بہائی تو اپنا کہانا لے۔ مردانے نے کہا بہائی میرا کہانا تو اڑہائی سیر ہے۔ تو
دہرم سنگہ نے کہا بہائی اسکو اڑہائی سیر پوریان اور مٹھائی تولدو۔ جب حلوائی نے بٹے ڈالے تو دیکہا تو بٹے
بھی سونے کے ہی ہین اور ڈنڈی بھی سونے کی ہے۔ اور چہابے بھی سونے کے ہین۔ اور دام کوئی نہین لیتا
مردانہ بہت خوش ہوا تو مردانے نے اپنا کہانا تیار کر ہا یا۔ کہا کر کہنے لگا دہرم سنگہ جی تم مجھے بتاؤ یہ جو سونے کی
زمین ہے اور سب سونا ہی نظر آتا ہے اور کوئی چیز کا دام لیتا ہے یہان کا کام کیونکر چلتا ہے تو دہرم سنگہ نے
کہا مردانہ یہان کوئی حیلہ نہین۔ یہان ایک ہی حیلہ ہے پیسنے کا اور پکانیکا اور اناج جو جمتا ہے وہ قدرت
کے ساتھ جمتا ہے۔ راجہ کا یہی حکم ہے جو جو کچہ چاہئیے باہر سے لاؤ۔ اور تیار رکھو۔ آپ بھی کہاؤ اور جو کوئی آئے
اوسکو بھی دو۔ اور جتنے کارخانے ہین جو کوئی کچہ کام کرائے اوسکا کام کر دینا جسطرح کا کام ہوتا ہے اوسی
کاریگر کے پاس جاتے ہین وہ کاریگر آپ ہی کر دیتا ہے۔ مزدوری کچہ نہین لیتا۔ راجہ کا حکم ہے نہ کچہ مول نہ مزدوری
یہان دہرم ہی برتتا ہے اپنے اپنے گہر مین سب خوشی ہین مردانا اسطرح اس شہر کا کام چلتا ہے۔ مردانہ یہ
بات سنکر بہت خوش ہوا۔ مردانے نے اپنے دلمین کہا بہائی اسی شہر مین رہین۔ تو مردانہ بہوجن کر کے گوروجی
کے پاس آیا۔ گورو نانک جی نے کہا مردانہ شہر کی خبرین دو۔ تو مردانے نے کہا گوروجی شہر کی خبرین لو۔ شہر مین
سب سونے کی زمین ہے اور سب چیز سونے کی ہے نہ کوئی دام لیتا ہے نہ مزدوری مانگتا ہے اور قدرت
سے دانا پکتا ہے کوشش کچہ نہین اور نہ کوئی کنوان ہی مینہ کا پانی ٹوبیان اور کانون مین بہت ہی
جی ایسی اس شہر کی باتین گورو نانک جی نے کہا مردانہ کچہ کہایا بھی ہے یا نہین تو مردانے نے کہا گورو
جی مجکو اک سادہ مل گیا۔ مین نے اوس ہی باتین پوچھین اوسنے مجکو سب باتین بتائین اور اوسنے اڑہائی
سیر پوریان اور مٹھیائی مجکو کھلائی۔ ایک دوکاندار سے جاکر کہا اسکو اڑہائی سیر پوریان اور مٹھیائی تولدو



سب تکڑی بٹے سونے کے ہین۔ اور اوسنے ایک وہ بات بہی کہی تہی جو تیرے ساتھ کوئی اور بھی ہے
تو مینے کہا جی دو اور فقیر ہین جو اجاڑ مین بیٹھے ہین تو اوسنے کہا اونکے واسطے بہی لیجاؤ تو مین نے پہر کہا
جی وہ اسطرح نہین لیتے وہ بڑے سنتوکھی ہین۔ یہ باتین ہوتی تہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ تجکو
کرتار یاد آوے تو نے اچہی بات کہی مین تیرے اوپر بہت خوش ہون اور اگر لے آتا تو مین تیرے اوپر
بہت خفا ہوتا۔ تو مردانے نے کہا گوروجی یہان عجب تماشا ہے یہان کام کیونکر چلتا ہے اور یہان
مسلمان کی ذات نہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانا یہان دہرم کلا ہے۔ یہان گناہ کوئی نہین کرتا ہی
سچ اور سنتوکہ ہی برتتا ہے۔ یہان مسلمان کی ذات نہین دیکہین کبھی کہین نہ بیٹھین جو مین مسلمان
ہون یہان مسلمانون کو نہین جانتے یہ سب ہندو گہر ہے یہان مورت کو پوجتے ہین یہ سونے کی نگری
ہے تو مردانے نے کہا گوروجی اسی شہر مین رہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانا پیسے ہاتھ نہین کرتا رکے
ہاتھ ہے۔ تو پہر مردانے نے کہا جی یہان عورت اور مرد زنا کرتے ہین یا نہین تو گوروجی نے کہا مردانہ نہین
کرتے درشٹ بہوگ ہوتا ہے تو بہی دہرم کی کلا دیتی ہے۔ جہان بہوگ ہوتا ہے وہان پردا ہو
جاتا ہے تو مردانے نے کہا جی یہ تو عجیب ہی آپنے سنایا ہی۔ گورو نانک جی نے کہا مردانہ کرتار کی عجیب
باتین ہین جتنی کسی کو دکہائی ہین اوتنی کسی نے دیکہی ہین جو ایک رائی کے برابر دیکہتا ہے تو یہ آدمی کوری کا
ہوجاتا ہے جو نہین سکتا اور وہ کرتار ایسا ہی جو کرتا کچہہ ہے اور دکہلاتا کچہہ ہے تو پہر مردانے نے کہا
گوروجی اسکی حد کہان تک ہے تو گورو نانک جی نے کہا جہان سے ہم چلے تہے مٹی اور پانی وہان سے
چلے آئے ہین اور مردانا اناج پیدا ہونے کے واسطے جیان کو رزق پہنچایا چاہیے سو تا تو نہین کہانا
اور وہ جو اونچا پہاڑ دکہائی دیتا ہے اوسکے پرے سب سونے کی زمین ہے اور سب سونے کے پہاڑ ہین۔

تو مردانے نے کہا جی اسکی حد کہان تک ہے تو گورو جی نے کہا مردانا سات ہزار نو سو جو جگ ہوا اور کوئی
ایسا راجہ کلجگ مین نہین ہے کلجگ مین بڑا راجہ ہوا اسکے برابر کوئی نہین تو مردانے نے کہا جی
ستہر مین بھی بڑا ہے تو گورو جی نے کہا مردانہ ستہر مین کو تو کرتار سی بڑا کرایا ہے نہین تو وہ بھی اسکا
ماتحت تھا۔ تو پہر مردانے نے کہا جی مین نہین کہہ سکتا ہم تو پون اہاری ہو لیکن اب تو شہر مین آئی ہو
کچھ کہانا کہاؤ تو بے آدن ہم شہر مین نہین جاتے۔ تو گورو جی نے کہا مردانا کرتار کے رنگ تماشے دیکھو
چپ ہو مردانہ چپ چاپ کرکے بیٹھ رہا۔ تو سات دن گذرے مردانہ روز روز کہا کہا کر آتے۔ جب
آٹھواں دن ہوا تو مردانا کہانے کو گیا تھا جو اوسی دہرم سنگہ کی نظر پڑگیا تو دہرم سنگہ نے کہا آر
بہائی مردانہ تو جو کہتا تہا جو مد نقیر میرے ساتھ آئے ہین وہ تو ہمنے نہین دیکھے وہ کہان ہین۔ کہ
تو جہوٹ بولتا تہا تو مردانے نے کہا جی مین جہوٹھ نہین بولتا تہا وہ دونون اتیت اوجاڑ مین
بیٹھے ہین اور بہت سنتوکہی ہین کسی کے مکان پر نہین جاتے تو دہرم سنگہ نے کہا جو کوئی اون کو
لیجائے تو وہ کہائین یا نہ کہائین تو مردانے نے کہا جی جو خوشی پر آئین تو کہالین جو نہ خوشی آئی
تو نہ کہائین تو دہرم سنگہ نے کہا یہ کیا تو مردانے نے کہا جی وہ تو پون اہاری ہین جہان کہین پوتر
دیکہین تو کہاتے ہین نہین تو نہین کہاتے تو دہرم سنگہ نے کہا یہان پہ پاپ کیا دیکہا ہے تو مردانے
نے کہا جی مین نے تو کچھ نہین دیکہا تو دہرم سنگہ نے کہا پہر تو نے یہ بات کیون کہی تو مردانے نے کہا
جی تم لیچلو تو دہرم سنگہ نے پانچ سیر مٹھیائی آپ لی اور اڑہائی سیر مردانے کو کہلائی مٹہائی لیکر
دہرم سنگہ اور مردانا جہان گورو نانک جی اوجاڑ بیٹھے تھے آئے تو دہرم سنگہ نے کہا مردانا انکا
آدار کیا ہے تو مردانے نے کہا جی انکی آواز کرتار کرتار ہے تو دہرم سنگہ نے پرشاد آگے رکھا۔ پرشاد
آگے رکھکر کہا سادہ جی کرتار کرتار تو گورو نانک جی نے آنکہین کہولدین اور گورو جی نے کہا آؤ
بہائی ست کرتار۔ بیٹھو جی تو دہرم سنگہ نے بیٹھکر پرشاد آگے رکہا تو گورو جی نے کہا بہائی
تیرا کیا نام ہے۔ تیری ذات کیا ہے تو اوسنے کہا جی میرا نام تو دہرم سنگہ ہے اور یہان ذات
برن سب کا ایک ہے یہان کہتی بڑہتی کوئی نہین یہان سب سے گوبند ہی بڑا ہے۔

تو پہر گورو نانک جی نے کہا بہائی دہرم سنگہ یہان کا راجہ کون ہے تو دہرم سنگہ نے کہا یہان
کا راجہ کول نین ہے تو گورو نانک جی نے کہا راجہ جو راج کرتا ہے سو زیادہ ہے تو دہرم سنگہ نے کہا جی



اوسکے سر پر کرتار نے چھتر دیا ہے۔ لیکن وہ کسی سے سلامی نہین کرتا۔ آپ بھی اسکی سب رعیت
سلامی ہے۔ آپ کسی پر ضابطہ نہین کرتا یہ ایک ہی سمجھتا ہے جو سب آدمی پرمیشور کے کئے ہوئے
ہین تیسا ایک مین بھی بندہ ہون تو گوروجی نے اپنے دلمین سوچا جو اسکے دواری پیر بھی نہین جاتا
اور اوسکو درشن بھی ضرور دینا ہے جسنے راج مین غرور کو جیتا ہے۔ ہمکو سدہر مین اسکے سر پر کیا
ہے دیکہو کرتار کیا کرتا ہے۔ یہ سچ گورو نانک جی کے من مین آئی۔ اتنے مین دہرم سنگہ نے کہا جی پرشاد
کہائیے۔ تو گورو نانک جی نے کہا دہرم سنگہ ہم پرشاد نہین کہاتے تو دہرم سنگہ نے کہا جی تم کیون نہین
کہاتے اسمین کیا گناہ ہے تو گورو نانک جی نے کہا بہائی پرشاد مین کچہہ پاپ نہین پاپ راجہ مین ہے
تو دہرم نے کہا جی تمنے راجہ کو کیا پاپ لگایا ہے راجہ تو دہرماتما ہے اور جو آپکو راجے کا قصور نظر آیا
ہے تو ہمکو کہو تو گورو نانک جی نے کہا بہائی جسمین قصور ہوتا ہے وہی جانتا ہے دوسرا کیا جانتا ہے
اور کرتار تو سر پر بیٹھا ہے تو دہرم سنگہ نے کہا جی یہ دوش دور کیونکر ہو۔ تو گورو نانک جی نے
کہا بہائی آپ ہی ہو جائیگا۔ تو دہرم سنگہ نے کہا جی یہ پرشاد ایسے ہی پڑا رہیگا تو گوروجی نے کہا تم راجے
کو خبر کرو۔ جب راجہ ہم سے پوچھیگا تب پرشاد کہائینگے تو دہرم سنگہ نے کہا بہائی یہ تعجب ہوا ہے
راجہ کو اونہون نے کیا پاپ لگایا ہے۔ دہرم سنگہ کو حیرانگی لگی۔ تو دہرم سنگہ راجہ کول نین کے پاس
گیا کہا راجہ جی تیرے شہر مین تیرا تیت آ اوترے ہین ایک تو شہر مین کہانا کہا جاتا ہے اور دو
نہین آتے اونکے واسطے مین کہانا لے گیا تھا وہ نہین کہاتے تو مین نے اون سے کہا ہی سادہو جی
یہ تو دہرم نگری ہے تم کیون نہین کہاتے۔ کہانے مین کیا قصور دیکہا ہے۔ وہ تو کچہہ نہ بولے لیکن جو بڑے
گورو نے کہا ارے بہائی کہانے مین قصور تو نہین۔ قصور راجے مین ہے تو راجے نے کہا دہرم سنگہ

اوس سے پوچھنے کہ راجے مین کیا قصور ہے تو دہرم سنگھ نے کہا جی جسنے یہ بات پوچھی تھی تو اونسے
کہا بہائی جی جسمین قصور ہوتا ہے وہی جانتا ہے تو راجے نے کہا دہرم سنگھ تم ہمارا قصور پوچھو جو
انہون نے ہمین قصور لگایا ہے تو دہرم سنگھ نے کہا تم چلکر خود پوچھو تو راجے نے کہا دہرم سنگھ وہ
کہان بیٹھے ہین تو دہرم سنگھ نے کہا سلطان دیکھے پہاڑی کے دامن مین بیٹھے ہین تو راجے نے کہا
جہٹ گھوڑا لاؤ جب راجے نے گھوڑا منگایا تو راجے نے سوچ کیا جو میرے شہر مین جو سادھ کسی
گورو کا لوگ ہین اور جو ہین اور لیجاتا ہون اور وہ قبول نہ کرین تو یہ بھی کچھ نہین اچھا ہا لو ویسے ہی
چلو دیکھے پیچھے جو کچھہ ہوگا سو کرینگے۔ ایک گھڑی کے بعد گھوڑا آکھڑا ہوا تو راجے نے کہا دہرم سنگھ
چلو وہ سادھو کہان ہین۔ دہرم سنگھ راجہ کنول نین کو لے آیا جہان گورو نانک جی بیٹھے تھے آگے ہوا
تار ہاتا تہا لیکن ہوا بھی ست ہوگیا تہا تو راجہ گھوڑے سے اتر کھڑا ہوا مردانے نے بھی نہ جانا جو راجہ آیا
ہے یا نہین تو راجے کنول نین نے دہرم سنگھ سے کہا دیکھ دہرم سنگھ انکی کیا آواز ہے تو دہرم سنگھ نے کہا جی یہ پورن
سادھو ہین تو راجے نے کہا ہم کیونکر جائین تو دہرم سنگھ نے کہا جی انکو بلاؤ تو راجے نے کہا کیونکر بلائین تو دہرم سنگھ
نے کہا جی تم انسے کہو سادھو جی کرتار کرتار۔ تو راجے نے کہا اسطرح ہی کہین تو دہرم سنگھ نے کہا جی ایسا ہی کہو
تو راجے نے نزدیک آکر کہا سادھو جی کرتار کرتار۔ تو گورو نانک جی کی سمادھ کہل گئی جواب یا ست کرتار بہائی ست
کرتار آؤ بہائی بیٹھو۔ راجہ بیٹھ گیا بیٹھکر کہا گوروجی تمنے جو کہاتا کہا یا اور ہمین دوش لگایا ہے وہ ہمسے کہو
اور ہمارا دوش دور کرو تو گوروجی نے کہا راجہ دوش تمکو یہ لگایا ہے تم جو کہتے ہو جو سب گوبند کے کیئے ہین ایسے
ایک ہم بھی کیئے ہین جو تم یہ بات جانتے ہو تو دوسرون کو آئین کیون ستاتے ہو۔ تو راجے نے کہا ہم کسی کو نہین ستاتے
وہ آپ ہی مانتے ہین ہم کسی پر فرمایش نہین کرتے تو گوروجی نے کہا سن راجہ کنول نین ہمنے راجہ سدہر سین کو تمہارے
سپرد کیا ہے اوسجو اور سب رکھے ہین اوسکی تحت کئی ہین تمہارے من مین کیا آیا ہے تو راجے نے کہا یہان
تو دہرم سنگھ ہی ہمنے تمہارا کہا سر پر مانا۔ لیکن ہمارا دوش دور کرو تو گوروجی نے کہا راجے تیرا دوش دور کرنے
کے واسطے سات ہزار جوجن پرسے آئے ہین تو ہمین نہین جانتا۔ ہم تجہے جانتے ہین۔ تو بھگت ہے لیکن جو سدہر
سین کے تحت رہیگا تو اچہا ہوگا۔ یہ ساری سنگری نقصان پڑے گی نہین تو تیری جو خوشی آوے وہی کرو۔ تو
راجے کنول نین نے کہا جی جو تم نے کہا مین اسکو نہ پھیرونگا تو راجے کنول نین نے کہا جی تمہارا کیا نام ہے تو
گوروجی نے کہا ہمارا نام نانک نرنکاری ہے۔



تب راجے کنول نین نے کہا جو میرے مرنیکا بھرم دور کرو اور میرا دکھ بتاؤ اور یہ بھی کہ آپکو کب کی واقفیت
ہوا اور آپ مجھکو کب سے جانتے ہین تب گورو نانک جی نے کہا بھائی ہماری تمہاری دیر کی آشنائی ہے۔ جب
راجہ جنک کے آگے نوکر تہا اور تیرا نام گمہر تھا اور تو راجہ کو روز اشنان کرایا کرتا تھا۔ راجہ تیرے پر بہت مہربان
تھا ایکدن راجے نے کہا ارے گمہر ٹھنڈا جل پلاؤ پر ہالکا پلاؤ تب تو جل لینے کو گیا تو تیرے من مین آئی
کہ مین راجہ نہ ہوا۔ اگر ہم بھی راجہ ہوتے تو عیش کرتے۔ جب تو پانی راجہ کو پلایا تب راجہ نے کہا ارے گمہر کچھ
مانگ لے تب تو نے کہا کچھہ نہین مانگتا۔ تب راجے نے کہا کہ تو مانگ چکا ہے اب انکار کیون کرتا ہے جاؤ ہمنے
تمکو دیا تم ہمسے بھی بڑا راج کروگے۔ سوائے کنول نین ہماری تمہاری وہان کی واقفیت ہے یہ سنکر راجہ کنول
نین گوروجی کے چرنون پر گر پڑا اور کہنے لگا جی آپنے بھلی یاد رکھی ہے۔ آپنے نہال کیا ہے آپ میرے گھر چلو
تب گوروجی نے فرمایا سنو راجہ ہم اتیت فقیر ہین تم مندرون مین اچھے لگتے ہو۔ تو راجے نے کہا گوروجی
یہ تمہارا راج ہے بیٹھکر راج کرو تو تمہارے آگے خدمت کرینگے جو تم کہو ہم تمہارے آگے کام کرینگے تو گوروجی نے
کہا راجہ تو جو راج کرتا ہے سو ہم ہی کرتے ہین لیکن تم ایک ہماری بات مانو کہا جو فرماؤ گوروجی نے کہا تم راجہ
سدہر سین کے ماتحت رہو تو راجے کنول نین نے کہا گوروجی ایک سدہر سین کیا جو کہو تو ہم اونکے کتوں کے
ماتحت ہون یہ کیا بات ہے تو بالے نے کہا گوروجی جو تم کہتے ہو وہ راجہ مانتا ہے پھر آگے کہا بات ہے اور
جو راجہ کہتا ہے سو تم مانو۔ تو پھر گوروجی نے کہا راجہ تو کیا کہتا ہے تو راجے نے کہا جی مسند پہ تم کرو۔ تو
گوروجی نے کہا اچھا راجہ چلو تو گورو نانک جی بالا مردانہ مندرون مین گئے۔ جب گورو نانک جی نے دیکھا
کہ راجہ جنک سے بھی بڑھکر راج کی پیڑھی ہے اور راج بھی بڑا کا کرتا ہے تو پندرہ مہینے گورو نانک جی راجے
کنول نین کے پاس رہے۔ پھر رخصت ہونے لگے تو راجے نے کہا جی یہ راج تمہارا ہے کسی کو اپنے ہاتھوں

کر کے بیوہ میں تمہارے ساتھ ہی چلتا ہوں ہمکو نہ چھوڑ جاؤ۔ تو گورو نانک جی نے کہا اچھا ہم تمہارے پاس ہیں۔ تو ان سبھی کو انہوں نے ہاتھ جوڑے۔ تو گورو نانک جی باہر نکل کھڑے ہوئے پھر سوہیر سے بنک چھے تو مردانے نے کہا جی جو مکہ ہے۔ وہ کس طرف ہے بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اودھر چلی۔

ساکھی ۳۹

تو گورو نانک جی نے کہا کہ بھائی مردانہ مکہ دیکھنا چاہتا ہوں۔ تو مردانا نے کہا جی شرک لگ اس کی تعریف بہت کرتے ہیں۔ اچھا وہ بھی دیکھ چلیں تو گورو نانک جی نے کہا کہ مردانیاں وہ تو کہیں پیچھے ہی رہ گیا ہم آگے چلے آئے ہیں۔ اور ہندوؤں کو وہاں جانے نہیں دیتے۔ تو مردانا نے کہا جی کیا بھاے کرتے ہو آپکو تو دور کچھ نا ہیں۔ آپ کی تو ایک پلک ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانیا اس جگہ سے اڑھائی ہزار کوس ہے۔ تو مردانے نے کہا جی اڑھائی ہزار کوس آپکیاں اڑھائی پلکاں ہیں۔ اور آپ جو فرماتے ہیں کہ ہندوان کو جانے نہیں ملتا۔ سو آپکو کون روک سکتا ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا چل بھائی مردانہ ہم تمہارا کہا پھیر نہیں سکتے۔ تو گورو نانک جی ایک چھوٹی نہن اڑھائی ہزار کوس جا نکلے ایک پلک میں مکہ آ نکلے کھڑے ہوئے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانیاں مکہ یہی ہے۔ تو مردانے نے کہا جی یہ تو چار دیواری ہے۔ اس جگہ اور کچھ نہیں تو پھر گورو نانک جی کہا مردانیاں جاؤ اس کو اندر دیکھ آؤ تو مردانہ اندر جانے لگا۔ تو مجاور اندر جانے نہ دیویں۔ تو مردانے نے کہا سائیں تو مسلمان ہاں ہندو تو نہیں۔ تو مجاور نے کہا بھائی بنیاں مجاور اور کسی کو حکم نا ہیں۔ اور جب مجاور اندر جاتے ہیں۔ تو آنکھیں بند کر کے جاتے ہیں۔ تو مردانا پھر آیا۔ تو گورو نانک جی کہا۔ مردانیاں دیکھ آیا ہے۔ تو مردانے نے کہا جی اندر نہیں جانے دیتے کہتے ہیں کہ بغیر مجاور کوئی نہیں جانا۔ اور مجاور بھی آنکھیں بند کر کے جاتے ہیں تو گورو نانک جی نے ہنسکر کہا۔ مردانیاں یہ تمہارا مکہ ہے۔ تو مردانے نے کہا جی مکہ بڑا ارمان رہیگا کہ آپکے ساتھ آیا۔ اور خالی پھر جاؤنگا۔ یہ بڑا ہی حیف ہے۔ اور اگر اب نہ دیکھونگا۔ تو گورو نانک جی کہا۔ مردانیاں ضرور دیکھنا چاہتا ہیں۔ تو مردانے نے کہا جی ضرور دیکھنا ہے دکھاؤ جی تو گورو نانک جی نے کہا کہ مردانیاں نشنگ اندر چلا جا۔ آنکھیں نا ہیں۔ مردانہ حکم مانکر اندر چلا گیا۔ سو سب مجاور سب اندھے ہو گئے۔ مردانا اندر جا کے کیا دیکھتا ہے۔ ایک پتھر کی مورت گھڑی ہوئی پڑی ہے۔ اور کچھ نا ہیں مردانا دیکھکر باہر نکل آیا۔ تو گورو نانک جی کہا مردانہ دیکھ آیا ہیں۔ تو مردانے نے کہا جی خاک دیکھی مردانے

کہا جی ہیں تو دیکھکر حیران ہوگیا ہیں جو دیکھتا کیا دیکھا کہ ایک مورت پتھر کی پڑی ہے بڑی سی۔ اور پیچے کچھ نہیں دیکھا۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ یہی تہی۔ تو مردانے نے کہا گورو جی آپ بھی چلو۔ تو گورو نانک جی کہا چل بہائی مردانہ تیرا کہنا ہمنے ماننا ہے۔ تو گورو نانک جی گئے اندر جا داخل ہوئے آگے قبلہ میں لکہا ہوا تہا۔ کہ ایک روز نانک درویش آویگا۔ تو مکہ کے کنوئیں میں پانی پیدا ہوویگا۔ تو گورو نانک جی مکہ میں جاکر سو رہے۔ اور پاؤں مکہ کی طرف کئے جب پیشی کی نماز کا وقت ہوا تو



قاضی رکن الدین نماز کو آیا۔ دیکہے تو ایک مسافر پاؤں مکہ کی طرف کرکے سوتا پڑا ہے۔ تو کہنے لگا اے بندہ خدا کے تم نے خدا کے گہر کی طرف پاؤں کیوں کئے ہیں۔ تو گورو نانک نے کہا جس طرف خدا نہیں اس طرف پاؤں رکھ چہوڑ۔ تو قاضی رکن الدین جس طرف گورو نانک جی کے پاؤں کرے اسی طرف مکہ کا منہ پہر جاوے۔ تو قاضی رکن الدین حیران ہوگیا۔ اور کہنے لگا ہو تو آپ اللہ ہے۔ اور پاؤں چومنے لگا اور سر پیر کہے اور کہنے لگا اے درویش تیرا نام کیا ہے۔ آپ روزہ بہی رکھتے ہو نماز پڑہتے ہو۔ تو گورو نانک جی نے شبد بولا +

راگ تلنگ محلہ پہلا۔ روزہ بندگی قبول۔ دس دوآئے جین مندر ہو۔ رہو رنجول را۔ رہاؤ۔ مار منوا امد شٹ باندہو دوڑ ملیا دلیل یقین تن سیو رنگ راکہو۔ پاک مرد اصیل۔ اکا نام تکا پرسن تو مور رہو ٹہرو ور رکہیے نانک راکہہ روزہ صدق رہی معمور ۲ جب گورو نانک جی نے یہ شبد کہا تو قاضی گورو جی کے پاؤں پر گر پڑا اور کہنے لگا۔ واہ واہ آج خدا کا درشن پایا بہت خوشی ہوکر دست بستہ گورو نانک جی کے آگے کہڑا ہوا۔ کہنے لگا جی میں بہولا میرا قصور بخشو نانک جی نے کہا کرتار بخشیگا۔ تو رکن الدین نے جاکر پیلی پیر کو کہا کہ نانک درویش آیا ہے۔ تو پیلیا پیر درشن کو آیا اور آکر سلام کیا دست پنجہ لیکر بیٹھ گیا۔ خدا کی صفت کہنے لگا۔ تو قاضی رکن الدین اور پیلے پیر بہت خوش ہوگئے

اور وداع لیتی گورو جی مکہ سے باہر آئے۔ تو مردانے عرض کی گورو جی وہ مورت مکہ میں کیسی ہے۔ تو
گورو نانک جی نے کہا۔ وہ مورت مہادیو کی ہے یہ پاج رکھتے ہیں۔ جو اندر جاتا کسی کو نہیں ملتا
اور جانے بھی نہیں دیتے۔ اور آپ بھی آنکھیں بند کر جاتے ہیں۔ تو مردانہ نے کہا گورو جی یہ تو
کہتے ہیں۔ کہ بت پرستی بری ہوتی ہے۔ یہ دور کیوں نہیں کرتے۔ تو گورو نانک جی کہا مردانیاں
یہ تجھے کو دیکھنا ملتا ہے۔ ان کو دیکھنے کا ہی حکم نہیں۔ اگر آنکھیں کھول کر جاتے ہیں۔ تو اندھے ہو جاتے
ہیں۔ تو مردانے کہا جی کس واسطے؟ تو گورو نانک جی نے کہا مردانیاں اس جگہ کا جو پاتشاہ تھا اسکا نام
حسینی خونخوار تھا۔ اس نے کہا یہ یہاں سے مورت دور کرو۔ تب اسکے حکم سے دور کرنے لگے۔ تو خونخوار
کی ساری پاتشاہی ہیں اور جتنے مجاوران کے گہر تھے کل کو آگ لگی۔ اور مرنے لگے۔ تو پاتشاہ
وہاں سے اٹھ نکلا۔ آکر اسی بت کے پاؤں لگا۔ تو بت میں سے صدا آئی۔ کہ جو کوئی کھلی آنکھوں آویگا
وہ اندھا ہو جاویگا۔ اسواسطے کہا ہے تو مردانے کہا کہ جی ہندو ان کو کافر کیوں کہتے ہیں۔ تو گورو
نانک جی کہا مردانیاں یہ خود آپ کافر ہیں۔ یہ مسلمان نہیں نقلی مسلمان ہیں۔ تو مردانے کہا جی میں تو اندھا
نہیں ہوا۔ تو گورو نانک جی کہا مردانیاں آج تیرے پر کرتار کی مہربانی ہے۔ اور اب ہو مردانہ کدھر کو
چلنا ہے۔ مردانے کہا جی جدھر آپ چلو۔ تو گورو نانک جی نے کہا مت کہو اور پہر یاد آجاوے تو بھی
کہو سو پہر مردانے کہا جی ان کا پول تو دیکھا۔ مگر جی یہ جو پانی لیجاتے ہیں۔ وہ کہاں لیجاتے ہیں
تو گورو نانک جی نے کہا مردانیاں ایہاں مجاوراں کو کسی کو چھ مہینے کسی کو تین مہینے کسی کو نو مہینے
کسی کو زیادہ کم برسات آتی ہے۔ تو یہ کیا کرتے ہیں۔ وہ آدمی باہر گہڑے بہر بہر کے رکہتے ہیں اور
پیچھے مورت کو نہلاتے ہیں۔ اور وہ چار روز جاتے ہیں۔ سو آنکھیں بند کر جاتے ہیں پہلے وہ
دہوتے ہیں پیچھے مورت کو نہلاتے ہیں۔ وہ پانی لیکر باہر جاتا ہے۔ اور یہ جو باہر کا تالاب تو نے



دیکھا ہے۔ سوئی بہرا ہوتا ہے سو اور یہ جو حاجی آتے ہیں سو نماز پڑہتی اور اس جگہ سے چلے سو اس وقت اللہ تعالیٰ سے جہاز کے
بہر لاتے ہیں۔ ایسا پانی لیجاتے ہیں۔ تو مردانے کہا جی یہ جو مدینہ کہتے ہیں سو کس جگہ ہے۔ تو گورو نانک جی نے
کہا مردانیاں وہ اس جگہ سے ۱۲ منزل ہے۔ تو مردانے کہا جی نزدیک ہے۔ تو گورو نانک جی کہا مردانیاں ۱۲
منزلاں نزدیک ہی ہو گئی ہیں۔ تو مردانے کہا جی آپ اڑہائی ہزار کوس ایک پلک میں لے آئے تھے۔ تو یہ ۱۲
منزلاں کیا ہیں۔ بولو بہائی جی واہگورو۔ ساکھی پوری چلی۔ ۳۹

ساکھی ۴۰

تو گورو نانک جی نے کہا چلو بہائی مردانہ ہمنے تجہے رنج بہی نہیں کرنا اور اس جگہ سے ۱۲ روز میں
مدینہ میں جا پہونچے۔ جا مدینہ شہر میں جا کہڑے ہوئے۔ جس جگہ محمدؐ کی گور تہی۔ اس جگہ کہا مردانیاں
جاہ دیکہہ آؤ تو مردانے کہا جی۔ اگر کوئی اسکا منع کرے تو گورو نانک جی نے کہا مردانیاں اس جگہ
آنکہیں نہیں بند کرتے۔ اور تو تو ترک ہیں۔ کیوں؟ تو مردانے نے کہا جی مجہہ میں پڑے ایسے ترک تو
گورو نانک جی نے کہا مردانیاں دیکہیں کیوں آیا ہیں ہو مردانے نے کہا جی میں تو دیکہین آیا ہاں پرجن
تو نہیں آیا ہیں تو اسواسطے کہتا ہوں کہ وہ اتنی تعریف کرتے ہیں۔ سو دیکہوں وہاں کیا پڑا ہے
تو گورو نانک جی نے کہا اچہا بہائی جاہ دیکہہ آؤ۔ جب مردانہ اندر گیا۔ تو بہائی بالا اور گورو نانک جی
ہرو گور کی طرف پہیر کر کے سو رہے سو تو ایک ملاں آیا۔ دیکہے تو کیا دیکہے کہ گور کی طرف پاؤں
کر کے سوتے پڑے ہیں۔ تو اس ملاں نے کہا۔ ارے تم کون ہوتے ہو۔ جو رسول کی قبر کی طرف
پاؤں کر کے سوتے ہو۔ تو گورو نانک نے کہا ہم بہائی ہم نہکے ماندے پڑے ہیں۔ جدہر تیری خوشی
آوے اودہر پاؤں گہسیٹ کر چہوڑ۔ تو ملاں ہر دو کے پاؤں گہسیٹن لگا جیوں جیوں پیر گہسیٹے تیوں تیوں گور
بہی ساتہہ ہی گہسیٹتی جاوے۔ تو ملاں حیران ہو کر کہا ارے میاں تم کون ہو سو یہ مقام محمد رسول کا ہے تو گورو نانک جی نے شبد بولا



راگ تلنگ محلا پہلا مقام گہرہ بنا برت چلنے کی دہوکا مقام تا بہر حیات مان سے پنچل لوگ ا
دنیا میں مقام کرصدق کرنی خرچ باندہو لاگ رہو نا ہے ۔ ا ۔

رماؤ جوگی تان آسن کریں سلان ہی مقام ۔ پنڈت دکہاے پوتھیان سدہ ہی دیوستھان ۔
سُر سدہ گن گندہرب من جن شیخ پیر سالار ۔ در کوچ کوچا کر گئے ۔ اور بہی چلن ہار رسیلہ وسہائے ور
لانے پوچھے کوئی نانک کہانے پیپنے وچل تہل تحال سوئی ۔ ۲ ۔ سلطان خان ملک عمر سے گئے کرکر کوچ
گہڑی مہت کا چلنا دل سمجہہ توں بہی پہوچ ۔ ۳ ۔ اللہ اگم الکہہ قادر کرنیا رکریم سب دنی آون جاونی
مقام ایک رحیم ہے ۔ مقام سیس نہ ہووی لیکہہ ۔ اسمان دہرتی چلسی مقام وہی ایک ۔ ۵ ۔ دن
رو چلے نس سس چلے تارکا لکہہ پلوئی مقام اوہی ایک ہے نانک سچ بگوئے ۔ ۶ ۔ تو ملاں کیا او فر
کفر بکتا ہے ۔ اللہ کو نہیں جانتا ۔ اللہ کے رسول کو نہیں جانتا ۔ نہ نماز جانتا ہیں نہ روزہ جانتا ہیں
تم کہاں سے آئے ہو تمکو ابہی کوئی ماریگا ۔ تم اس جگہ سے چلا جاؤ ۔ تو گورو نانک جی نے شبد بولا
راگ مارو محلہ پہلا ۔ اللہ اگم خدای بندے ۔ چہوڑ خیال دنیا کے دہندے ۔ ہوئے پے خاک
فقیر مسافر ا یہہ درویش قبول درا ۔ ۱ ۔ سچ نماز یقین سلّہ ۔ نسامار نوار وآسا ۔ دیہہ مصیفہ اس مولا
قلم خدائی پاک قرانہ (۲) شرع شریف سے کما وہ ۔ طریقت شرک کہوج لوڑلاوہ ۔
معرفت من مارو ابدالا سلو حقیقت جت پہرنہ مرا ۔ (۳) قران کتب دل ماہ کماہی ۔ دس عورات رکہو
رہو ہیداہی ۔ پنچ مرد صدق لے باندہو ۔ خیر صبوری قبول برا (۴) مکہ مہر روزہ ہے ناکہ بہشت پیر لفظ
سمائی اندازہ ۔ جوا تو رشک خدایا بندگی اللہ اعلیٰ حجرہ (۵) سچ کمائی سوئی قاضی جو دل سو ۔ ہے سوئی
وہی سو ملا ملعون نواری سو درویش جس صفت ٹہرا (۶) سبے وقت لبہے کرو یلا خالص یاد ولیس مولا تسبیح
یاد کر دس مردن سنت سل نہدا ہ ہبا ۔ (۷) دل میں جانو سب فلہا لا تعلقا نہ ہبا در ہو عیشا لا ہے ملک عہ تابا



ایک مقام خوا نے دار (۴) اول صفت دوجی صابوری تیجے حلیمی چوتھے خیری پنجویں پنجے الت تھامی ایمہ پنجے وقت تیرے اوپر پیار دو اگلی جان کر دسود تہا۔ عمل چھوڑ کر۔ یتھے کو جا۔ خدائی ایک بجھہ دیو و باانگاں بر گو بر خور دار خرا دلا حق حلال بخور و خانہ۔ دل دریا ئے دہو مند میلانہ۔ پیر پچھانے بہشتی موی۔ عمر و ائیل نہ دوزخ ڈارالا (۱۲) کاپا کرو ار صورت یقیناً۔ الگ تماشے بانے کنیا۔ ناپاک پاک کر حدور حدیثہ صابت صورت دستار سر ا (۱۳) ام مسلمان موم دل ہووے اندر کی مل دل تے دہووے۔ دنیا رنگ نہ آوے نیڑے جیوں سم پاٹ گیو پاک ہرا (۱۳) حا گو مہر مہر ہا با سوی مرد مردانا۔ سوی شیخ مشایخ حاجی سوئی بندا جس لظر نرا (۱۴) قدرت کارن کرن کریا صفت محبت اتھار حیا۔ حق حکم سچ خدا یا بجھ نانک بند خلاص نرا (۱۵) تو ملان کی تسلا ہوگئی۔ یہ سخن بن کر گورو جی کے پاس پیکر پڑا۔ کہنے لگا جی میں بھولا۔ میری خطا معاف کرو۔ تو تو آپ خدا ہیں مجھکو نہال کرو۔ گورو جی نے کہا بھائی تجھکو کرتار جیت آوے تو اس بات کا ادہار کیا۔ وہ گورو کو جپنے لگا۔ تو اتنے میں محمد کی گور دیکھکر مردانہ آیا۔ تو گورو نانک جی نے کہا۔ مردانیاں دیکھہ آیا ہیں۔ تو مردانے کہا جی کیا میٹھی گور ہے یہی ترک اتنی تعریف کرتے ہیں اور یہاں یہ حال ہے۔ کیا معلوم آگے کیا حال ہوگا۔ مجھکو تو اسجگہ کچھ حال معلوم ہوا۔ تو گورو نانک جی نے کہا۔ مردانیاں ابھی محمد نے پھر پیدا ہونا ہے۔ تین گن کے بیچ رہا ہے تین گنوں میں سے نکلا نہیں۔ اوس پہر ہندو کے گہر جنم لیتا ہے۔ ۱۵ سے برس اس کی بہشت میں رہنے کی میعاد ہے جب ہندہ سو برس کا پورا ہوگا۔ تو وہ پہر ہندو کے گہر جنم لیگا۔ پہر تو سودر ۔۔ اگر اسکو پورن ست گورملیگا۔ تو اسکا جنم مرن رحت ہو ویگا۔ ایک جنم لگا رہتا ہے۔ تو پہر مردانے کہا گورو جی یہ جو کہتے ہیں۔ کہ محمد نے خدا کے ساتھ پردہ میں گفتگو کی۔ سچ ہے کہ جھوٹھ ہے۔ گورو نانک جی نے کہا مردانیاں یہ کل جگ ہے۔ اِس پہرے میں جھوٹ بہت ہے اور سچ تہوڑا ہے۔ خدا جو ہے سو بولنے نہیں پاک ہے۔ اور یہ قران جو کہتے ہیں۔ سو جبرائیل اور محمد کی گوشٹ ہے ان کا محرم اس جسم میں کوئی نہیں۔ جب اس دیہی ہیں سے نکلے سو کمال ہووے تو انکا درشن پاوے تہے پہر مردانے نے کہا جی یہ جو ہندو کہتے ہیں۔ درشن کیا اور مسلمان کہتے ہیں دیدار پایا۔ یہ سچ کہتے ہیں۔ کہ جہوٹ کہتے ہیں۔ تو گورو نانک جی کہا مردانیاں درشن جو کرتے ہیں۔ اور دیدار کرنا ہے سو دونوں کہتے ہوئے کا درشن کرتے ہیں۔ اور اس سچے نے اپنا آپ کسی کو نہیں دیکھایا۔ یونہی ہندو اور ترک کہتے ہیں یہ جو بولتا ہے۔ سو یہی خدا ہے۔ اور یہہ مشہور ہے۔ اور آپ نے بہی شبدمیں کہا ہے

کہ وہ سرب بیاپی ہے۔ تو اس نے درشن اور دیدار کس کا پانا ہے۔ جی یہ میرا وسواس دور کرو۔ تو گورو نانک جی نے کہا۔ مردانیاں اگر وہ بندی میں دیا ہوا ہو تو بندے کیوں ہووے اور کیوں کوئی کسی کا محتاجی کرے۔ اور بیتی چھڑ شبد میں جو سرب بیاپی کہا ہے۔ سو جانتا ہیں وہ کس واسطے کہا ہے تو مردانے کہڑے ہو کے عرض کی گورو جی مہاراج وہ واسطہ مجھکو کرپا کر کے سنائیے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانیان ہمنے اسواسطے کہا ہے جو سب کے اوپر ان کا حکم ورتتا ہے ہر ایک جیو پشو۔
پنکھیرو۔ آدمی اور برکہہ جو پیدا الپش ہے۔ سب اس کے حکم میں چلتے ہیں اور کوئی کچھ رائی بہر بہی نہیں کر سکتا۔ پہر مردانے نے کہا جی یہ سنسار کیا کرے جو کرتار نے آپ ہی بہلا چہوڑا ہے۔ جب کرتار کی مہربانی ہوتی ہے۔ تب وہ پورن ست گور ملتا ہے۔ نہیں تو سنسار کے اوپر تہم کی نظر ہے۔ جیسے کبیر بہگت کا بچن ہے۔ جو خام گورو کی۔ دکہیا ایسی ہے۔ جیسے بہنگر کا بیج۔ پر اپنی کنیاں کیا کرے۔ جو بہرتا پایا بیج۔ مردانیاں اس سنسار کو کرتے نے اندہا کر چہوڑا ہے۔ کچہہ گوڈی کینے سیلی ڈالنے اور توڑنی سے کوئی پورن نہیں ہوا۔
جسنون کرتار آپ ہی پورکہہ ملائے۔ سوئیوی پورن پورکہہ ہوتے ہیں۔ اور جسکو پورن پورکہہ ملے ہیں۔ تن تن سے رس کس چہوٹ جاتے ہیں۔ اس کو نہ سردی نہ گرمی اور نہ پیاس بہوکہہ لگتی ہے۔ اوس کو۔ زمین۔ پانی اور آسمان راہ دیتے ہیں۔ اور کینے کو سادہ بہت ہیں۔ اپنے منہ کے کہے کچہہ نہیں ہوتا۔ پورے لچہن چہپے نہیں رہتے۔
تو پہر گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا ہمکو بے بے جی نے یاد کیا ہے۔ تو بالے نے کہا جی کیا ہوگا۔ تو گورو نانک جی نے کہا بہائی بالا چلنا چاہیئے۔ تو بالے نے کہا گورو جی یہاں سے کتنے کوس ہے۔ تو گورو نانک جی کہا بہائی بالا اس جگہہ

سے سنانی سے کوس پہ ہے۔ تو بالے نے کہا گوروجی کب پہنچے گے ہو تو گورو جی نے کہا بھائی بالا کرتار جلدی ہی لیجا ئیگا۔ تو دوپہر کے وقت باتیں کی نہیں۔ بولو بھائی جی واہگورو ساکھی اور چلی۔

ساکھی ۱۸۴

تو شام کے وقت کوچ کیا کہنے لگے بھائی بالا مردانہ آنکھیں بند کرو۔ اگر دیر بات بہت ہوتی ہے۔ کیا جانے کہ یہاں تھے کہ وہاں تھے۔ ایک گھڑی رات گئی سلطان پور آ کھڑے ہوئے۔ جے رام کے مکان پر۔ تلسان نے دیکھا کہ گورو نانک جی آئے ہیں۔ تلسان بولی بہو جی مبارک ہو تمہارا بھائی آیا ہے۔ بے بے نانکی نے دیکھا کہ سچ ہی آئے ہیں۔ تو بے بے نانکی گوروجی کے قدموں پر گر پڑتی۔ گورو نانک جی نے آگے سے ہاتھ پکڑ لئے کہنے لگے جی تم نے جو مجھکو یاد کیا تھا تو ہم نے ہی کہا بے بے جی کا دیدار کر آئیں۔ تو بی بی جی نے کہا بھائی جی تم نے مجھے درشن دیا اور نہال کیا کہیں نزدیک ہی ہوگے تو مردانے نے کہا ارادی گورو نانک جی تمہا سے واسطے ایک گھڑی میں ستائیس کوس سے آئے ہیں۔ اور ہمکو بھی لے آئے ہیں تو بے بے جی کہا مردانہ زنکار نال کیسے بولا ہی مردانہ آوران سے رائے بلار در سانا ہمنے انکی سار جاتی۔ تو گورو نانک جی نے کہا خاموش مردانہ خاموش ہو جاؤ۔ گورو نانک جی نے کہا بی بے جی تم نے جو ہمکو یاد کیا ہے تو ہم جلدی آ گئے ہیں۔ لیکن ہم راہ پر ہی جو کہنا ہے وہ کہو تو بے بے نانکی نے کہا جی تمہارے دیدار کی خواہش تھی



تمکو اس واسطے یاد کیا ہے جو بہت برس گذرے ہیں جو ہمکو بھائی جی بھلا گئے ہیں تو گورو نانک جی نے کہا بے بے جی تمہاری بات تو پوری ہوئی ہے سو اب ہمکو رخصت کر۔ تو تلسان نے کہا گورو جی تم تو ابھی آئے ہو اور ابھی جاتے ہو بہا جیرام کو ملو اسے دو تو گورو نانک جی نے کہا تلسان ہمنے ضرور جانا ہے تو گورو نانک جی نے کہا تو بی بی جی بہا ٹھہرو بہا جی کو سب بیتی کہتی تو بی بی نانکی جی نے کہا گئیں کسی طرح تمنے سمبلیں تو گورو نانک جی نے دلاسا دیا تو بے بے

نانکی جی نے سرچند کو آگے آکھڑا کیا تو گورو نانک جی نے کہا بے بے جی تنے یہ بات نہین کرنی۔ کیون جو مین تمہارے واسطے کہان سے چلکر آیا ہون تو بے بے نانکی جی نے کہا جی تم میرے پاس ایک مہینہ تو رہو۔ توگورو جی نے کہا بے بے جی ہم تمہارے پاس بہت رہے ہنگے۔ لیکن اب ہم رستے پر ہین تمہارا بھلا اسی بات مین ہے جو اب ہمین رخصت کرو۔ بے بے نانکی نے کہا جو تمہاری رضا۔ مگر کچھہ پرشاد تو کہا جاوٴ۔ گورو جی نے کہا اگر کچھہ تیار ہے تو مردانے کو۔ تب بے بے جی نے اندر سے پکوان اور پتاشے اور جوش دادہ شیر آگے لا رکھا۔ توگورو جی نے کہا مردانہ کہالو۔ مردانے نے کہا جی تم کہاو تو مین بھی کہاون۔ تب گورو جی نے کہا بہائی بالا بانٹ۔ تو بالے نے بانٹ یا تو تینون نے کہایا توگورو نانک جی نے کہا بے بے جی اب ہمارا کرتار کرتا رہے۔ تو بے بے نانکی نے کہا پھر کب دیدار دوگے توگورو جی نے ہم تمہارے پاس ہین جب تو یاد کرے گی ہم اوسیوقت حاضر ہونگے۔ تو بے بے جی نے کہا تمہاری رضا۔ بے بے نانکی جی کی نرمی دیکھکر بالے نے کہا گورو جی ایک بات کہون۔ گورو جی نے کہا کہو۔ تمہارا کہنا منظور ہے۔ تو بالے نے کہا جی آجکی رات یہان ضرور رہو۔ تاکہ بے بے جی بھی خوش ہوجاوین۔ بے بے جی کچھہ تو نہین کہہ سکتی لیکن تم بے بے جیکو خفا نہ کرو۔ تب گورو نانک بے بے جی کے پاس ایکدہ رات رہے اور درشن دیا۔ بوقت صبح تینون نے اشنان کیا۔ توگورو جی نے کہا بے بے جی کرتار کرتا۔ بولو بہائی جی واہگورو ساکھی اور چلی ◆

ساکھی ۴۳-

تو وہان سے گورو نانک جی نے اوڈاری لی تو پچہ سو کوس پر سربہات کو جاتہے۔ توگورو نانک جی نے کہا بہائی بالا مردانہ ہم کہان آئے ہین تو بالے نے کہا جی تیریان تو ہی جان۔ ہمکو تیری کچھہ خبر نہین کیا جانے تو پرمیشور ہین یا سادھ ہین۔ ہم تو کچھہ نہین جانتے۔ تو پھر گورو جی نے کہا مردانا ہم کہان آئے ہین تو مردانے نے کہا جی جہان سے ہمنے اڑہائی ہزار کوس کی اوڈاری لی تھی۔ اور دودہ جا نکلے تھے۔ ہم وہان ہی آئے ہین توگورو جی نے کہا مردانا تجھکو اچھا خیال رہاہے تو مردانے نے کہا جی تمہاری مہربانی ہے۔ تو پھر گورو نانک جی نے کہا کہو مردانہ اب ہم کہان چلنا ہے تو مردانے نے کہا جی جہان تمہاری رضا۔ توگورو نانک جی نے کہا جو کبھی تو سمیر پر چلین وہان سدہ منڈلی بیٹہا ونکا بھی دیدار کرتے جائین تو بالے نے کہا جی اچھی بات

ہے تو گورو نانک جی آگے جاکر دیکھیں تو سب پہاڑ اور زمین اور سب چیزین سونے کی ہین
تو مردانے نے کہا جی یہ تو نے عجب رنگ دیکھا ہے تو گورو جی نے کہا مردانہ کیا عجب دیکھا ہے۔



تو مردانے نے کہا جی یہان تو یہ عجب دیکھا جو قدرتی رس برستی ہے اور سب زمین اور پہاڑ سونیکے
ہین اور یہان آدمی کی ذات نہین گورو جی اس جگہہ کا کیا نام ہے تو گورو جی نے کہا مردانہ اسکا
نام مارو فروش ہے اور امرت رس جو ہتی ہے سو یہان کوئی بیچنے والا نہین آپ ہی قدرت
سے پڑتی ہے اور آپ ہی پہوٹ پہوٹ جاتی ہے یہ رس قدرتی ہے اور قدرت سے
ہی بہتی ہے اور یہان آدمی نام نہین۔ آدمی یہان نہین پہونچ سکتا تو مردانے نے کہا جی ایسا
رس قدرتی اور بیفائدہ جاتا ہے کسی کے سونہہ مین نہین پڑتا۔ تو گورو جی نے کہا مردانہ ایسی چیز
کرتار نے پیدا کی ہے وہ بیفائدہ نہین جاتی۔ تو پہر مردانے نے کہا جی اسکے کہانیوالا کوئی نہین اور
سونا مانگون سے لتاڑا جاتا ہے۔ تو گورو جی نے کہا مردانا جو امرت رس پیدا کیا ہے وہ اپنے
پیارون کے واسطے پیدا کیا ہے اوسکے جو پیارے بھگت ہین جنہون نے دنیا کی رس چھوڑین
ہین اونکو یہ رس قدرت کی ساتھ جا پڑتا ہے اونکے مونہہ مین اور جو سونا دیکھتے ہین یہ اوسکے پیارے
بھگت جو ہین اونکی آنکھہ مین آتا ہے اور جو دنیا مین سونا ہے وہ کچا ہے دنیا اوسی سے ہو رہا
ہو رہی ہے۔ اور بھگتون کی آنکھہ یہان کھلی ہے اونکی حرص ختم ہوگئی ہے۔ بھگتون کو نہ یہ خوش
آتا ہے نہ وہ خوش آتا ہے۔ یہ امرت رس خوش آتا ہے اور کچھہ نہین خوش آتا۔ بھگتون کو ایک
امرت رس کی بھوکہ رہتی ہے اور کچھہ نہین یاد آتا۔ مردانا سنسار اور بھگتون مین یہی فرق ہے
تو مردانے نے کہا جی حکم ہوئے تو مین بہی پی لون۔ گورو جی نے کہا مردانہ ہضم کرلے گا تو مردانے نے

کہا جی تنے برس تمہارے ساتھ پھرتے ہوئے ہوئے ہیں کبھی تو بھی مہربانی کر۔ تو گوروجی نے کہا مردانہ یہ امرت جیسا ہے جسکو کرتار جو لے سوئی جرے نہیں پیر ہو بیٹھتے ہیں جر نہیں سکتے۔ آپ جانے لگے پھر بنا بیٹھتے ہیں تو مردانے نے کہا جی جو پچاس بیچ ہو گئے ہوئے ہیں تو پھر گوروجی نے کہا مردانہ جسکو غم کرتا ہے وہ رنگ ہو جاتے ہیں وہ بغیر شراب ہی کے جاتے ہیں انکو ہوں بھول جاتی ہے اور وہ اس طرح نہیں جانتے ہیں جو یہ میرا بیٹا ہے۔ یہ دوسرے کا لڑکا ہے سب ایک رنگ کر جانتے ہیں تو مردانے نے کہا جی مجکو معلم کرا کر دکھلا دیں۔ گوروجی نے کہا مردانہ جو تو آیا نہیں سو پینے کے واسطے یہ پیتا ہی سکتا ہے۔ تو مردانے



نے وہ رس پیا اور مردانا مست ہو گیا۔ اور بہو کہہ رو کہہ مردانے نے سب عنقا ہو گئے۔ تو گوروجی نے کہا بہائی بالا یہ کیا ہوا تو بالے نے کہا جی تیری بات تو ہی جانیں ہم کچھ نہیں جانتے تو پھر نانک جی نے مردانے کو ہشیار کیا تو مردانے نے کہا گوروجی یہ کیا کیا۔ تو گورونانک جی نے کہا مردانہ دل ٹھکانے رکھ ہم نے تجھکو ساتھ ہی نبھانا ہے مردانے نے کہا جو حضور کی مرضی ہو وہی کرو۔ بولو بہائی جی واہگورو ساکھی اور چلی ہ

ساکھی ۴۳۔

تو وہاں سے گورونانک جی نے ہماچل پہاڑ کو اواری لی۔ ہماچل کے اوپر جا کھڑے ہوئے تو مردانے نے کہا گوروجی یہ کونسی جگہ ہے تو گوروجی نے کہا مردانہ یہ ہماچل پربت ہے تو مردانے نے کہا گوروجی یہ تو سفید جیسا ہے تو گوروجی نے کہا مردانہ سفید برف ہے یہاں آدمی پاؤں رکھتا ہے تو گل جاتا ہے یہاں آدمی کی طاقت نہیں مردانے نے کہا کہ ہم کیونکر آئے تو پھر گورونانک جی نے کہا مردانا ہمکو کرتار لے آیا ہے تو مردانے نے کہا جی یہاں سے کوئی آگے اور بھی جگہ ہے تو پھر گورونانک جی نے کہا مردانہ آگے سمیر پربت ہے تو مردانے نے کہا جی وہاں بھی چلوگے۔ کہا ہاں ضرور چلیں گے وہاں سمیر پربت کو چلے۔ تو گورو انگد جی نے کہا بالا سرنا

پربت کا نام ہے تو بالے نے کہا گوروجی مردانے نے پوچہا تہا۔ سروہا پربت کا نام ہے۔ تو گوروجی نے کہا
سن مردانا سروہا پربت اسکا اسواسطے نام ہے جو یہ سنسار لولایا ہے یہان راہ کوئی نہین۔ یہان وہی پہونچے
جو ہوا پر سوار ہو سو یہان پہلے ہمارے دو بہگت آئے ہین۔ ایک تو کبیر بہگت آیا ہے۔ اور دوسرا رودا س بہگت
آیا ہے۔ یہان سورن کی جگہہ ہے تو مردانے نے کہا یہ جو کہتے ہین جو پانڈو ہمانچل مین گلے سو یہان ہی آئے
ہونگے۔ تو گوروجی نے کہا مردانہ یہانتک تو نہین آئے وہ تو پیچہے ہی برف مین گل گئے تھے۔ ایک بدہشٹر
وہ بہی سرگ لوگ کو چلا گیا۔ یہان تو نہین پہونچا ہے۔ بالے سندہو نے گورو انگدجی سے کہا گوروجی کہا
جی اسطرح کہتے تہے تو پہر مردانے نے کہا گوروجی آگے ہی چلتے ہو۔ گوروجی نے کہا چل مردانہ چلتے ہین۔
اتنی بات کرتے ہی تہے جو گورکہ آملا۔ اور آکر گورکہ نے بچن کہا۔



گورکہ واچ

کون روپ کون ذات تمہاری + رہو کہان کہان لیو اڈاری + آگے وہرن رہہوگے کہان + پیچہے
پہرونہ ہواگا ہان + آگے اگن چلے بہڑکارا + سیتل جیسے ہم پرکھے وہارا + نہ آگے مت پیچہے پہر ہوا گو + نگر
جاؤ کلہے دکہ لاگو + جہلمل سار جہلکے جہلکارا + وہان سورا پہونچے جو سارا + سن نانک گورکہ تم کہے +
پہر جاؤ پیچہے کلہے دکہ لہے + پہر گورو نانک جی نے بچن کیا۔ گورو نانک جی واچ۔
شبد۔ اروپ ہمارا ابرج کہئے ہمتے جات اجاتی + ٹہور ہماری اوہی کہئے جہان نہ دن رآتی +
پیچہے آگے درشٹ ہمارے دہرن اکاس لپارا + دیا ہماری سیت ہیل تن سے سنگ ہمارا + کہے نانک
سن گورکہ جوگی پورا جوگ نہ پایا + جگت نہ جاتی اور وہ بڑا ہی پرتہا جنم گوایا + ۲۔
یہ سنکر گورکہ چلا گیا تو پہر مردانے نے پوچہا گوروجی یہان سب کچہ نظر نہین آتا۔ ہم کہان آگے ہین تو گورو

جی نے کہا مردانہ ہم سورج سے اوپر آگئے ہیں تو پہر مردانے نے کہا جی ہم سورج سے کتنے اونچے آئے ہیں
گوروجی نے کہا مردانہ ہم سورج سے دو ہزار جوجن اوپر آئے ہیں۔ تو پہر مردانے نے پوچہا جی جس زمین
پر ہم بستے ہیں وہان سے سورج کتنا اونچا ہے تو گوروجی نے کہا مردانا وہان سے ۲۵ ہزار جوجن اونچا
ہے تو پہر مردانے نے کہا جی ہم سب کتنی دور آئے ہیں۔ تو پہر گورونانک جی نے کہا مردانہ ۲ ہزار جوجن
سب آئے ہیں تو پہر مردانے نے پوچہا کہ جی میں ڈرتا ہون اور یہ بھید میرا نہیں جاتا۔ تو گوروجی
نے کہا مردانا یہ سنکے بوجہہ لیا خدمت کر۔ لحاظ کریگا تو پاپی ہوگا۔ مہاپاپی ہوئیگا اور سیوک کا گرفتار رہنے
نہیں میل ملایا ہے پوچہنے کا اور بتانے کا اور سیوک ہوئے اور گورو جو دل میں ہو نہ پوچہے تو وہ سیوک
نہیں اور سیوک پوچہے اور گورو نہ بتائے تو وہ گورو نہیں وہ لوٹہا ہے اوس گورو کو چہوڑ دینا اچہا ہے
جسکو اپنی دیہی کی خبر نہیں تو وہ سکہہ کو کب تاریگا۔ گورو سمجہ کر کرنا چاہیئے آدمی کا جنم بڑا مشکل ہے اور
گورو سوچ کر کرنا چاہیئے۔ اور گورو کو چاہیئے جو سکہہ بہی سوچ کر کرے۔ اسواسطے جو آپ کہانا کہائے گا
وہ گورو کے آگے رکہیگا وہ کہانا جو گوروجی کے آگے رکہیگا۔ اوسی کہانے میں سے گوروجی بہی برتیگا۔
اسواسطے سکہہ سوچ کر کرنا اچہا ہے۔ کہو مردانا بیشک کہو جو پوچہنا ہے وہ پوچہہ لے مت کوئی بات دل میں
نہ بہجاوے اور ہمکو گناہ دیتا ہو دین۔ تو بالا ہنسا مردانے نے کہا جی میں نہیں پوچہتا تو گورونانک
جی نے کہا کیون مردانہ کیون نہیں پوچہتا تجکو کسی نے منع کیا ہے تو مردانے نے کہا جی بہائی بالا برا
مانتا ہے تو گورونانک جی نے کہا کیون بہائی بالا تو نے کیون برا مانا تو بالے نے کہا گوروجی مینے تو
اسکو کچہہ نہیں کہا اور جو ہنسا ہون وہ اسواسطے ہنسا ہون جو آزمانے کا کیا آزمانا ہے۔ تو گوروجی
نے کہا بہائی بالا یہ مردانہ جو ہمسے پوچہتا ہے اور ہم بتلاتے ہیں یہ ہمارے پیچہے ساکہیان ہونگی
جو پیچہے گورمکہہ ہونگے وہ بچار کرینگے۔ اور پیچہے جہان الیسی ہی جہوٹہا بہت ہوگا۔ جہوٹہیان کرامات
بہت لگاوینگے۔ بیدان والے اور کتیبان والے جو کوئی گورمکہہ ہونگے وہ ساکہیان سنکر اپنی تسکین
کرلینگے اور بعضون نے ماننا بہی نہیں۔ بہائی بالا مردانا ہم تمہیرے اپنے دوست ہیں تو بالے نے اوٹہکر
ہاتہہ جوڑے اور کہنے لگا گوروجی میری ایک عرض ہے جو دل لگا کر سنو تو کہون گوروجی نے کہا بہائی
بالا آج میں نہال ہوا ہون۔ آج ہمارے پر کرتار مہربان ہوا ہے۔ جو تو نے کہلکر بات کی ہے بہائی بالا جو کچہہ
کہتا ہے وہ کہو۔ دیر مت کر۔ تو بالے نے کہا جی تیرو چیتہہ اداس ہوئے تیرے چرنون پر رہون تو گوروجی نے کہا

بہائی بالا جہان ہم وہان تم - تمکو ہمیشہ یاد آوے تو بالے نے نمسکار کیا اور کہا - مردانہ کچھ پوچھتا ہے - تو مردانے نے کہا گورو جی چاند کیونکر دکہائی دیتا ہے اور کتنا بڑا ہے تو گورو جی نے کہا مردانا جتنا زمین سے سورج اونچا ہے اتنا ہی سورج سے چاند اونچا ہے تو پہر مردانے نے کہا گورو جی چاند کتنے جوجن اونچا ہے -



تو گورو نانک نے کہا مردانہ پچاس ہزار جوجن اونچا ہے تو پہر مردانے نے کہا گورو جی یہ جو تارے ہین یہ جو جہلمِلا رہے ہین - گورو جی نے کہا مردانہ ستارون کی حد بندی ہے انکی پریان ہین کوئی نیچے ہین کوئی اونچے ہین - پہر مردانے نے کہا جی وہ جو دہرو کا تارہ کہتے ہین وہ کہان ہے تو گورو جی نے کہا وہ سب سے اونچا ہے وہ کیلاس پربت پر ہے - مردانے نے کہا کسیطرح دہرو کا بہی درشن ہوگا - تو گورو جی کہا کیون بہائی بالا مردانہ کیا کہتا ہے - تو بالے نے کہا جو کہتا ہے وہ مانیے - بولو بہائی جی واہ گورو ساکہی اور چلی -

ساکہی ۴۴ -

گورو جی سرب پربت سے چلے اور اونا پربت پر آئے تو مردانے نے وہان پوچہا جی اس پربت کا کیا نام ہے تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ اسکا نام اونا پربت ہے - تو پہر مردانے نے پوچہا کہ ہم کتنے جوجن آئے ہین گورو جی نے کہا مردانہ زمین سے ۳۲ ہزار جوجن آئے ہین - مردانے کہا کہ چندرمان آگے ہے گورو جی نے کہا مردانہ یہان سے اٹھارہ ہزار جوجن اونچا ہے - اتنی بات کرتے تہے جو گورکہ ناتہ نے سدہ منڈلی مین پکار کیا اور یہ کہا ارے سدہو ناتہو - یہان ہمین رہنے والے کی جگہہ نہین - ارے ایک نانک تپا مات لوگ سے مل ہو تہک دیہہ لیکر آیا ہے کوئی سدہ جی جاؤ اوسکو روکو تاکہ وہ یہان نہ آنا پاسکے - تو مچہندر ناتہ نے کہا مین جاتا ہون کون مائی کا لال ہے - گورو نانک جی کو مچہندر ناتہ نے

دکہائی دی۔ آکر کہا ارے بالے یہان کیونکر آیا ہین۔ یہان جو تو آیا ہین کچھ کرامت رکہتا ہین۔ تو گورو نانک جی نے کہا نانک مچہندر ناتھ جو تو مانگے وہ کرتار سے دلواوین۔ تو مچہندر ناتھ نے غصے ہوکر کہا۔



مچہندر واچ

کے ہاتھ سرکا پاٹ + کے اونگل نکہہ کا ناک + کے ہاتھ پیلاٹ پاٹ + کے اونگل اودے کے انگل کلیجا + کے انگل ہی آنا + کے انگل تلی + کے اونگل پہیپا + کے اونگل بجرکی کوٹھڑی۔ کے اونگل ابری کوٹھری۔ کیتے ٹھڑیان کیتیان کوٹھڑیان + کیتے ہاٹ کے ہزار دن کا ساس + کیتے دہی کے روم بال + کیتے ناڑی کیتے سندہ + کہے الیسر مچہندر دہو نانک جی کا متت + گورو جی اوچو بہیا۔

گورو نانک جی واچ

سوا ہاتھ سرکا پاٹ + چار اونگل نکہہ کا ناک + ہاتھ پیلاٹ پاٹ + چھتیس انگل آوڑی تیرہ انگل کلیجا۔ پانچ انگل ہی آنا + چار انگل تلی + سات انگل پہیپا + بارہ انگل بجرکی کوٹھڑی + نو انگل ابری کی کوٹھڑی۔ اکہتر سو ٹھڑیان + بہتر کوٹھڑیان + اٹھ سٹھ ہاٹ نیل کروڑ دیہی کے روم وبال۔ ۲۴ ہزار دن رات کا ساس + نو سو ناڑ + سوا ہو۔ سندھ کہے نانک سُن الیسر مچہندر لیو اسی بہی کا متت + +۔

یہ سنکر مچہندر ناتھ نے گورکھناتھ سے جاکر کہا۔ سنو ناتھ جی وہ نو اور صورت ہے اوسکی تو اہ ہونت کی دیکھی نہین۔ تو برتھری نے کہا گوروجی مین جاتا ہون۔ تو برتھری آیا۔ آکر کہنے لگا آدیس بابا لے آدیس۔ تو گورو نانک جی نے کہا آدیس۔ تو بہرتری ناتھ ایک اونکار کو آدیس۔ پہر برتری نے کہا بالے کہان سے آیا ہے۔ کون ہوتے ہو۔ کیا نام ہے تو گورو نانک جی نے کہا نرنکار کے ہوتے ہین

سے گم ہو رہے آئے ہین - نام نانک نرنکاری ہے - تب بھرتری ناتھ نے کہا -



بھرتری واچ

کون گھاٹ جت کر داشنان + بول کون تے رہے نربان + کون جل جت رس ہی ہوسے + کون کم کر

جت اشٹ جیوے + ایساگیان دیو ابھ مورے + کون سنگ توڑے کون سنگ جوڑے + ۱

گورو نانک جی واچ

اوپرا او گھٹ سرو سناوے + بکنے نہ بولے ہر گن گاوے + جل کا سی سن سماوے + ست سر جہول

جہار س لے ہوے + بہر پور ایک او نکار سب تھوڑے + ایساگیان سنو ابھ موسے + ۲ -

بھرتری واچ

کون تت جت نت بلووے + کون سرور جت ململ دہووے + کیسو رچے کیسو ہووے + کون

سو کرے کون سو کہووے + ۳ -

گورو نانک جی واچ

سچ من کا رن تت بلووی + شبہر سرور ململ دہووے - سپاچے راتا سا جیہ ہووے + کرتا کرے سوئی جن ہووے ۴

بھرتری واچ

کون برت نیم جت بنسی کام + کون شبد جت نہ ستاوے جام + کون گیان جت کرودہ جلا وے + کون

اپدیش پرم پد پاوے + ۵ -

گورو نانک جی واچ

سچ برت نیم نہ کام ستاوے + ستگور شبد کرودہ جلاوے + گگن نواس سمادہ لگاوے + پارس پرسے پرم پد پاوے ۶

بھرتری واچ

کون سیت جو اگن بجھاوے + کون کلا ہوت چڑھاوے + کون پیکھ سہج گھر آوے + کون جتن کر ناد بجاوے + ۷

گورو ناٹک جی واچ

گور سیتل اگن بجھاوے + سیلو سرت ہوت چڑھاوے + گور درشن جو پیکھ سہج گھر آوے + نرمل بانی ناد بجاوے ۸

بھرتری واچ

کہاں گیان سبھ بچیسار + کون تیرتھ … بچار + کون … پوچھ بچار + کون جوت … سون دھارا + ۹ -

گورو ناٹک جی واچ

انتر گیان ہمارے سار + تیرتھ من گور بچار + انتر پوجا تھان ہمارا + بہ پھیر جوتی جوت ملاون ہارا + ۱۰ -

بھرتری واچ

کون سو رس سیا پاوے + کون سو تخت نواس لگاوے + کون سو کار کرے کرے + کون الکھ نہ لکھیا جاوے + ۱۱

گورو ناٹک جی واچ

رس سیاست ایکے بہائے + تخت نواس سنگرہ پاوے + کار کمائی خصم سمائے + اوگت ناتھ نہ لکھیا جائے + ۱۲ -

بھرتری واچ

کہاں دیکھ کیہ کہیئے دوو + کیہ مین جوت ہوے ہوئے + کیہ نیڑے کیہ دور بتاوے + کیہ گن گاوے کہا سناوے + ۱۳

گورو ناٹک جی واچ

جل تھل دیکھے جل … + جل میں جوت رہے ہر ہوئے + کس نیڑے کس آکھاں دور + ہر گن گاوان دیکھ حضور ۱۴

بھرتری واچ

کون انتر کون باہر جوتے + کون کی رات … سب سوتے + کہے بھرتری ناٹک ہو بچار + بولت ہے کون آدھار + ۱۵ -

گورو ناٹک جی واچ

انتر باہر ایکو سوئی + ایک دنکار کرے سو ہوئی + سن بھرتری ناٹک کہے بچار + نرمل نام میرا آدھار + ۱۶ -

بھرتری ناتھ بھی ہلکا ہو گیا جب اتنی حقیقت گورو انگد جی نے سنی۔ تو گورو انگد جی نے کہا بھائی بالا یہ سب حقیقت تیری سامنے ہوئی ہے تو بالے نے کہا گورو جی یہ سب میرے حضور ہوئی ہے یہ سن کر گورو انگد جی مست ہو گئے۔ سات دن اور سات رات بدیہہ ہے نہ کچھ کھاویں نہ کچھ پیویں نہ نہاویں



لوگون مین یہ بات اوڑگئی کہ گورو انگد جی سما گئے ۔ جب آٹھوان دن ہوا سوا پہر دن چڑہے گورو انگد جی
دہی مین آ گئے ۔ تو گورو انگد جی نے کہا بہائی بالے کو بلاؤ ۔ تو بہائی بالے نے آکر ماتھا ٹیکا ۔ تو گورو انگد جی
نے کہا بہائی بالا یہ امرت تیرے ہی حصے آیا ہے ۔ بہالا آگے کہو جو کچہہ آگے ہوا ہے ۔ تو بالا سند ہو کر بولے
سات پہر دہیہی رہا ۔ جب بالا دیہہ مین آیا تو کہانے لگا ۔ پہر گورو نانک جی سلکا پربت پر جا چڑہے ہے ۔
تو چندرمان ہد دکہائی دیا ۔ تو پہر مردانے نے پوچہا گورو جی اب چندرمان دکہائی نہین دیتا ۔ تو گورو جی نے
کہا مردانہ نیچے دیکہہ ۔ مردانا نیچے دیکہنے لگا ۔ دیکہے تو چندرمان نیچے نظر آتا ہے تو پہر مردانے نے پوچہا
جی چندرمان سے ہم کتنے کوس اوپر آئے ہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ ہم دس ہزار جوجن اونچے
آئے ہین اور چندرمان سے دو ہزار جوجن اونچے آئے ہین تو پہر مردانے نے کہا گورو جی ہم کل کتنے
جوجن آئے ہین تو گورو جی نے کہا مردانہ ہم کل باون ہزار جوجن اوپر آئے ہین تو پہر مردانے نے کہا جی
آگے بہی کوئی جگہہ ہے تو گورو جی نے کہا مردانا آگے بہت جگہہ ہین تو مردانے نے کہا گورو جی کیسی
جگہہ ہین تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ آگے سمیر پربت منڈلی ہے اور وہان ایک دنا تری ابدہو
ہے اور کبیر رکہیشر ہے جسکے قبضہ مین کل مایا ہے اور اوسکے آگے مہادیو بہنڈاری ہے ۔ وہ آپ بہنڈاری
ہین ۔ وہ آپ نیگہے ہے اور دسیر کیلاش ہے جہان گادہر وہ بیگت کا منڈل ہے جسکے اوپر نرنکار کرتار جی
کا تخت ہے اوسپر آپ نرنکار کرتار جوت سروپ بیٹہا ہے تو پہر مردانے نے کہا جی یہان سے سمیر پربت کتنا
ہے تو گورو جی نے کہا یہان سے تہتر ہزار جوجن ہے ۔ جس زمین سے ہم آئے ہین وہ یہان سے سوا لاکہہ جوجن اونچا
ہے بولو بہائی جی واہگورو ساکہی اور چلی ✤

ساکہی ۴۵ ۔

اتنی گوشٹ ہوئی تھی جو بھنگر ناتھ جوگی پہنچ کر آتے ہی کہنے لگا ارے ماں منڈے آگے کہاں آتا ہیں
آگے تو تیری پہونچ نہیں۔ تو گورو نانک جی نے شلوک کہا +



مائی ہماری سنا ہوئی تسکا موندھ منڈایا + دوست ہمارے اودی کہیے لتس کا کن چھیدایا + ماں ہمارا دادا کہیے سو تو شبد جلایا + تا کی لاکھ ملے چھائی سو بہوت لگایا + کہے نانک سن بھنگر ناتھا تین بھی جو اگ نہ پایا + کن پڑائے مندراں پایاں جوگ جگت نہ پایا + لائے بہوت بیٹھا ہو جوگی سنگلی سندہ بوائی + ڈنڈا پھڑ داہا نہ پھوڑ عسیلی اگ بنائی + کہے نانک سن بھنگر ناتھا جو بھی بدہ دوائی پیٹ نکم بھنگر ناتھ بھی ہلکا ہوگیا۔ تو پھر گورو نانک جی نے کہا بھائی بالا کیونکر رضا ہے تو بالے نے کہا گورو جی جو تمہاری رضا۔ پھر گورو جی نے مردانے کو کہا کہو مردانہ کیا رضا ہے تو مردانے نے کہا گورو جی کب اسطرف آنا ہے۔ دیکھ اب دیکھ جائیے تو گورو نانک جی نے کہا بھلا مردانہ تیرا کہا بھی ماننا ہے تو ہمارا بڑا پیارا بھگت ہے تو وہاں سے کونا پربت پر گئے۔ بولو بھائی واہگورو ساکھی ادھیلی۔

ساکھی ۴۶۔

تو مردانے نے کہا گورو جی اب کہاں آئے ہیں تو گورو نانک جی نے کہا مردانہ اب کونا پربت پر آئے ہیں تو مردانے نے کہا گورو جی کونا پربت کتنے جوجن ہے۔ تو گورو نانک جی نے کہا مردانا وہاں سے ۴۷ ہزار جوجن ہے۔ پھر پوچھا جی ہم کل کتنے جوجن آئے ہیں تو گورو جی نے کہا مردانا ہم سب ۹۹ ہزار جوجن آئے ہیں۔ پھر پوچھا جی آگے سمیر کتنا رہا تو گورو جی نے کہا آگے ۲۶ ہزار جوجن رہتا ہے۔ یہ سوچ ہی رہے تھے تو کتنا سدہ آیا تو گورو جی ہنسے تو مردانے نے کہا گورو جی تم کیوں ہنسے ہو تو گورو نانک جی نے کہا مردانا یہ جو جوگی آیا ہے سو یہ گورکھ کا چیلا ہے گورکھ پھر

گرگر بہجتک ہے تو مردانے نے کہا اگر مجہے حکم ہو تو اس جوگی کو چڈیون گاٹیون کر مارون - تو گورو جی نے کہا مردانا یہان چڈیان گاٹیان کی لڑائی ہنین یہان تو شبد کی لڑائی ہے تو مردانے نے کہا بہلا ہو جی تو کنیفے نے آتے ہی کہا سن تو رے بالے تو یہان کیونکر آیا ہے تو گورو جی نے کہا ہم نرنکار کے درشن کو آئے ہین تو پہر کنیفے نے کہا ارے بالے تمنے آگے بہی نرنکار کا درشن کیا ہے تو گورو جی نے کہا سن تو کنیفا جوگی ہمنے آگے بہی درشن کیا ہے تو اب بہی آئے ہین جو آگے نہ کیا ہوتا تو اب بہی کیون آتے تو پہر کنیفے نے کہا ارے بالے تو کون ہوتا ہے اور تیرا نام کیا ہے تو گورو نانک نے شبد کہا +



راگ آسا محلہ پہلا - نام ہمارا اچرج کہیئے ہوتے اچرج بانی + صفت ہماری سب سورت مین جوت سگل مین تانی + سنو کنیفا راول جوگی + ست جگ تیر تہے دوا پر کل جگ نرمل سدا اردگی +

رہاؤ ۱ - ذات ہماری جت کت دیکہو نا برن ہمارا + ادہچن بنسن کہیل ہمارا شو شکتی بیوہارا + ہرکہہ سوگ کی کایان باندہی پن پاپ دوی ساکہی + کلا ہماری جل تھل پسری جوت سپورن راکہی + ۳ ایک اونکار ہمارا خاوند جس ہم ساج نواجے + کہے نانک سن کنیفا جوگی سرت شبد مل گاجے + ۴ -

تو پہر کنیفے نے کہا ارے نانک بالا تو نے ابہی کوئی گورو نہین کیا چلکر گورکہہ کو گورو کرو + کان پڑاؤ - تو گورو نانک نے شلوک کہا +

شلوک - ایکو جیر اجلانے سو جوگی + کل ہا یا تے رہے اردگی + سن منڈل کی ہکہیا کہا ئیے + ست سنتوکہہ کی کہنتا پائیے + بغیر کہیر کے پانی پیا + سروہر تی بن کنوآن - بن سنگی شبد ناد باجے + بن بادر گلگنا گاجے + بجلی چمکار لایا + تب نانک داس جوگ پایا +

تو پہر کنیفا سدہ بہی بہر گیا تو مردانے نے کہا جی اب آگے بہی چلو تو گورو جی نے کہا کیون مردانا

مت گھبرا۔ ابھی تو سدھوں کا تماشا دیکھ۔ تو مردانے نے کہا اچھا جی تو پھر ہنیفا سدہ آیا۔ آکر کہا آدیس ہو۔ بالا آدیس۔ تو گورو نانک جی نے کہا آدیس ہو ہنیفا ایک اونکار کو آدیس۔ آ ذ ہنیفا سدہ تو ہنیفا چپ کا۔ کہا ارے بالا تو مجھکو کس طرح جانتا تھا تو گورو نانک جی نے تو راجے کنگرن کا بیٹا تھا۔



تمہارا شہر سیل پور تھا۔ جب راجہ کنگرن مرگیا تو تب سترہ برس کا راج کرنے لگا۔ ایک دن تو شکار کھیلنے گیا تھا تو نے شکار مارا تو تب بہت گھبرایا۔ تب تجھکو گورکھ ناتھ نے دکھائی دی۔ تب تو نے کہا جوگی کو کہا دو۔ تو گورکھ ناتھ نے کہا ارے بالا۔ یہ کہانا ہم نہیں لیتے۔ یہ کہانا خراب ہے تو تو نے کہا کیوں ناتھ جی یہ کہانا تمنے کیوں خراب کیا تو گورکھ ناتھ نے کہا ارے بالے تیرے دل میں رحم نہیں ہے ایسا ہی تیرا بدن بار بار کٹیگا تو تو نے کہا ناتھ جی کس طرح بدن نہ کٹے تو گورکھ ناتھ نے کہا جوگ کماؤ بدن نہ چھیجے گا۔ پھر تو نے کہا ناتھ جی کیونکر جوگ کمائیے تو پھر گورکھ ناتھ نے کہا سر منڈاؤ کان پڑاؤ۔ گوت لیجائے تو جوگ کمائیے۔ پھر تو نے کہا ناتھ جی مونڈو تو پگڑی اوتار کر گورکھ کے آگے بیٹھ گیا۔ تب گورکھ نے تیرا سر مونڈا اور کان پہاڑے تجھکو جوگی کیا تو سدہ ہوا تو پھر ہنیفے نے کہا جی بھلا جی ناتھ نے ہمارے کان اور سر کہاں پہاڑے اور کہاں مونڈے

پھر گورو نانک جی نے کہا ہنیفا اللہ سے میل کے بیچ۔ تو پھر ہنیفے نے کہا۔

ہنیفہ واچ

اکیہ برت انتر رہے کے نائیے + اہیرا کہے کون کی جائے + کون سنگ لے چڑہے سکار + کون مرگ لیلے کیہہ کہاٹ + کیونکر راکھے اونکو باٹ + یہ اہیرا کس کے ہاتھ + ہنیفا پوچھے نانک بابرا

گورو نانک جی واچ

کہیر پرت باہر رہ دہاسے + اٹھیرا پایا گھر کی گتا سے + سنت سنگت نے چڑھے نکار + ہر شنا چنچل کو بیسے مار + مرگ پکڑ گھر آنے ہات + چکہہ چکہہ لیکئے باڈہ اور گھاٹ + یہ اٹھیار کینون دان + نانک کے گھر کیوان نام + سنو ہنیفہ یہ بیچار + گورکھ ٹھاڈہا ہمرے دوار + ۲

تو ہنیفہ ہلکا ہو کر قدموں پر گر پڑا۔ تو پھر گوپی چند کو گورکھ نے کہا پوتا گوپی چند! تو جا کر اوپدیش لاؤ۔ گوپی چند نے کہا بہلا پتا جی۔ تب گوپی چند نے آگر گورو نانک جی سے کہا آدیس ہو پتا آدیس تب گورو نانک جی نے کہا آدیس اکیلے ونکار کو آدیس۔ تو گوپی چند نے بچن کہا +

گوپی چند واچ

کون نام کون برن تہمارا + کون روپ کون بستھارا + کون منور تھ ایہاں آئے + چلو پتا تم نانتھ بولائے + کن پڑاؤ مندران پاؤ + گورو گورکھ کے چرن لگاؤ +

گورو نانک جی واچ

نام ایک انکار کرتارا + ذات برن تے سبھ نیارا + روپ ویسہ نہ کیا سبتھارا + الکھ نہ لکھیے اگم اپارا + پار برہم کے درشن آئے + امرا جونی لیئے بلائے + کن پڑائے نہ مندران پاون + سب سدہن کو چرن لگاون + ایکنکار گورو سر میرے + کہہ نانک سن گوپی چندا درشٹ مان کیتو سبھ چیرے

گوپی چند واچ

کون گیانی کون دہیانی + کون تیرتھ مجن اشنانی + کون سو نرمل کون سو میلا + کون سو بت جت لاگو گیلا + کون سو اوپر کون سو تلے + کون جگت جت ویکھ جلے + گوپی چند کہے سن نانک تپے + کون سو جاپ جت رسنا جپے +

گورو نانک جی واچ

گیانی سوئی جو گورمکھ ہو وسے + دہیانی سوئی جو سرت نہ کھووسے + تیرتھ منجن گور درشن پایا + چرنی لاگے آپ گوایا + نرمل بانی جس میل نہ لاگی + گور پورے بن میل نہ جاگی + گور اپدیش لیے کار سدہایا + دہر پہنچے کوئی تھاک نہ پایا + اوپر ہی الکھ حکم ہی ملے + کلم پچھانے تان دیک جلے + کہے نانک۔ سن گوپی چندا سوہ مایا کے بندہن کیجے +

جب یہ شبد گوپی چند نے سنا تو خاموش ہو گیا اور واپس ہوا۔ جا کر گورکھ ناتھ کو کہا۔ گورو جی نانک

تیا تو پورن ہے تو گورکھ ناتھ نے کہا مین جانتا ہون پران سدھون کا احسان دور کرنے کے لیے جوگیون کو بھیجتا ہون۔
یہ سنکار بھرتہری نے اپنے دل مین غصے ہوکر کہا گورو جی مین پھر جاتا ہون۔ تو گورکھ نے کہا کہ بھرتہری ناتھ جا کر او پدشیں لاؤ۔ تب بھرتہری نے گورو نانک جی سے آکر کہا آدیس ہو بابا آدیس۔ تو گورو نانک جی نے کہا ایک اونکار کو آدیس۔ کہو بھرتہری جوگی تم تو آگے پھر گئے تھے۔ بھرتہری نے کہا چلو بیا تمہین گورکھ ناتھ پاس لیجاؤن۔ گورو نانک جی نے کہا کہو تہ بھرتہری جا کر کیا کریگا۔

بھرتہری واچ

کن پڑاؤ مُندران پہنو کہنتا انگ ہنڈاؤ + اگیا بھنگ نہ کرو کبہون تو جوگ جگت کی پاؤ + سن بالے ایہہ جوگ کما دو + تب ایہہ دوہن لادو + ۱- رہاؤ-

گورونانک جی واچ

گلو رکا شبد مننے مین مندران کہنتا کھما ہنڈادو + جو کچھ کرے بھلا کر مانو سہج جوگ ندہ پادو + بابا جگتا جیو جگو جگ جوگی پرم تت مین جوگنگ امرت نام نرنجن پایا گیان کایان رس بھوگنگ + رہاؤ ۲

بھرتہری واچ

ایک ہاتھ مین پاتر یون ایک ہاتھ دیون ڈنڈا + کلیپ بھبوت لگا دو تکو یہی بتاؤ خانہتا + ۳-

گورونانک جی واچ

تر بیچار گیان ست ڈنڈا ورتمان بھبوتنگ + ہر کیرت رہ راس ہماری گورکھ پنتھ اتیتنگ + ۴-

بھرتہری واچ

لپنے نگر بٹھاؤ آسن چینون باد بباد نگ + سنگی دیو کُھ مین بجادو سینے ناوا ناد نگ + ۵-

گورونانک جی واچ

